فیصد رہی۔ اگر یہ اخراجات کی شرح اس Spending کے متعلق ہے، Utilization کے متعلق ہے تو ایک تو یہ قباحت ہے کہ آیا وہ شیڈول کا Utilization 90% ٹھیک ہے یا پھر یہ 69 پرسنٹ؟ اور اگر اس سے آپ 90% بھی Bench mark مان لیں تو میں سر، یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس میں آپ دیکھیں کہ ان پچیس سیکٹرز میں صرف نو سیکٹرز ایسے ہیں کہ جنہوں نے 100% یا 100% سے اوپر اپنی جو Allocation ہے، اس کو Utilize کیا ہے، سولہ سیکٹرز ایسے ہیں کہ سر، 50% سے لے کے 80% تک ان کی Utilization رہی ہے اور یہ Utilization اس وجہ سے ہے کہ Uunder utilize رہ جاتے ہیں ان کے منصوبے، کہیں ستمبر، اکتوبر میں جاکر PDWP ان کو Approve کرتی ہے، مختلف ان پہ قدغن لگتے رہتے ہیں اور جب یہ Back log وہ Clear کرتے ہیں سر، تو وہ جیسے شاعر نے کہا ہے کہ:۔

عمر دراز مانگ کے لائے تھے چار دن  دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

تو مجھے تو سر، یہ حیرت ہوتی ہے کہ یہ جو ہمارے منصوبے ہیں، کس طریقے سے ہم ان کو Clear کریں گے؟ اسی طرح سے سر، Wheat subsidy جو ڈھائی ارب رکھ کے بقایا کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ تقریباً کوئی 2400 ملین ہمیں فاٹا سے ملیں گے اور نو ارب سے اوپر کی توقع فیڈرل گورنمنٹ سے ہے، یہ وائٹ پیپر کے صفحہ 53 پہ ہے لیکن سر، صفحہ 36 پہ کہا گیا ہے کہ ساتویں این ایف سی میں یہ فیصلہ ہوا ہے کہ Subvention یا Grant آپ کو War on terror کے علاوہ اور نہیں ملے گی، تو یہ جو آپ کا Resource gap آئے گا Wheat subsidy کے حوالے سے تو اس کیلئے اگر آپ فیڈرل گورنمنٹ سے نو ارب کی توقع رکھتے ہیں تو وہ کس مد میں آپ کو دیں گے کیونکہ این ایف سی کے تحت تو آپ نے ان کے ساتھ ایک فارمولہ پہ Agree کیا ہے کہ ہم مزید آپ سے Subvention نہیں لیں گے؟ اس کے علاوہ سر، بجٹ کی حیثیت جو کہ Classified document کی ہوتی ہے اور کوشش یہی ہوتی ہے کہ اس میں غلطیاں نہ ہوں، Clerical mistake کوئی اعشاریہ اگر اوپر نیچے ہو جائے تو وہ آدمی سمجھ سکتا ہے لیکن سر، اس میں بجٹ تقریر، اے ڈی پی اور وائٹ پیپر میں مجھے ربط دکھائی نہیں دے رہا۔ بجٹ تقریر میں سر، اے ڈی پی اضافے کو ستتر فیصد دکھایا گیا ہے جبکہ وائٹ پیپر کے صفحہ 3 پر اضافہ ستر فیصد ہے، سات پرسنٹ کا گیپ آرہا ہے تو میں یہ پوچھنا چاہونگا کہ ستر صحیح ہے یا ستتر صحیح ہے؟ یہ فگرز ہیں لیکن چونکہ فگرز ہی Present ہوتے ہیں تو ہم فگرز پہ بات کریں گے۔ اسی طرح بجٹ تقریر میں صفحہ 23 پر اور وائٹ پیپر میں صفحہ 103 پر محکمہ تعلیم کے متعلق سکولوں میں ابہام موجود ہے، سر۔ اگر آپ کہیں گے تو میں

ایک ایک پڑھ کے آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں کیونکہ اس میں جو ہمارے سامنے مشکلات پیش آتی ہیں، وہ یہ ہوتی ہیں کہ ہم کس کو وہ Final word مانیں کہ جس پہ آگے چل کے ایک سو پچاس ہائی سکولوں کو ہائر سیکنڈری کا درجہ دیا جائے گا اور ایک سو پچیس نئے پرائمری سکولز تعمیر کئے جائیں گے؟ لیکن سر، اے۔ڈی۔پی جب میں کھول کے دیکھتا ہوں تو ان ایک سو پچیس نئے سکولوں کا مجھے ذکر دکھائی نہیں دیتا۔ یہ کافی حیرت کی بات ہے اور افسوس کی بات ہے کہ جب ایک ڈیمانڈ نہیں ہوگا تو اس پہ آپ Release کیسے کریں گے؟ اس کیلئے یا تو پھر باقاعدہ سی ایم صاحب کے پاس سمری بھیجیں گے اور اس پر وہ Approval دیں گے اور اگر وہ سمری پہ Approval نہیں دیتے تو آپ کے بجٹ ڈاکومنٹ میں فگرز میں تو آپ آگے پیچھے کر لیتے ہیں لیکن اگر ایک ڈیمانڈ سرے سے موجود ہی نہیں ہے کیونکہ یہ جو پرائمری سکولز کی ریفلیکشن اے ڈی پی میں ہوئی ہے، اس میں مجھے وہ ایک سو پچیس پرائمری سکولز دکھائی نہیں دیتے۔ اسی طرح سر، سڑکوں کی مد میں وائٹ پیپر کے صفحہ 106 اور بجٹ تقریر کے صفحہ 26 پہ جو Steel bridges ہیں، ایک جگہ پہ پچاس لکھے ہوئے ہیں، دوسرے پر پندرہ ہیں، مجھے سر، یہ سمجھ نہیں آتی کہ کونسا ٹھیک ہے؟ ایگریکلچر سیکٹر کے متعلق وائٹ پیپر کے صفحہ 109 اور بجٹ تقریر کے صفحہ 30 پہ ابہام ہے۔ ایک جگہ پہ ایکڑ کی بات ہوتی ہے، ایک جگہ پر ہیکٹر کی بات ہوتی ہے تو ہیکٹر اور ایکڑ میں کافی فرق ہے۔ میں یہ پوچھنا چاہونگا کہ مطلب جو صحیح ہے تو ہمیں پھر بتایا جائے۔ ساتھ ہی سر، اس بجٹ کو ٹیکس فری کہا گیا ہے اور یقیناً منسٹر صاحب نے کوشش بھی کی ہوگی لیکن مجھے حیرانگی اس وقت ہوتی ہے کہ Entertainment tax کو ختم کیا گیا ہے لیکن غیر محسوس طریقے سے وائٹ پیپر کے صفحہ 122 میں ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سے تین ملین، سوشل ویلفیئر سے ڈھائی ملین، میوزیم سے ڈیڑھ ملین، پی بی ایم سی سے بیس ملین، وائلڈ لائف سے ساڑھے چار ملین نہ صرف سال رواں میں حاصل کئے گئے ہیں بلکہ اگلے سال کیلئے بھی نشاندہی کی گئی ہے، میں صرف اس میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب آپ ایک ڈاکومنٹ کو Present کرتے ہیں تو ہاؤس اس کی Approval دیتا ہے، اگر آپ Budget estimates میں ایک Reflection نہیں کرتے اور Revised budget میں ڈال دیتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس ایوان کے ساتھ دھوکا ہے کیونکہ آپ نے Budget estimates میں رکھا نہیں ہے، Revised میں اگر آپ کو کوئی ریکوری ہو جاتی ہے تو ہاؤس نے Approval نہیں دی، اس کیلئے پھر طریقہ یہ ہوگا کہ آپ Retrospective date سے اس کی Approval لیں گے اور غیر

محسوس طریقے سے وہ چیز سال رواں میں بھی وصول ہو گئی اور اگلے سال بھی۔ چونکہ اگلے سال تو اس وجہ سے کہ Revise میں وہ آ گئی ہے تو ان تمام فگرز کو دیکھ کے مجھے جسٹس کیانی صاحب جن کا تعلق غالباً کوہاٹ سے تھا، نے کتاب 'A Judge may laugh' میں لکھا ہے کہ ایک بار میں گیا تھا چھٹیوں پہ تو اپنے شہر کوہاٹ میں مجھے ایک سکول جانے کا اتفاق ہوا اور جہاں سی اینڈ ڈبلیو کے ایکسیئن صاحب تھے تو میں نے ان سے بھی درخواست کی کہ میرے ساتھ چلیں، جب میں گیا تو وہ نیا سکول تھا اور اس نئے سکول میں Cracks پڑے ہوئے تھے تو میں نے ان سے پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ Sir, these are natural cracks. تو میں حیران ہو گیا کہ اس کی جہاں تک حاضر دماغی تھی تو اس نے مجھے لاجواب کر دیا لیکن ابھی تک میں اس چیز کو سمجھ نہیں سکا کہ 'Natural cracks' کیا ہوتے ہیں؟ (قہقہے) تو سر، مجھے بھی ان فگرز میں یہ پتہ نہیں چلتا کہ یہ 'Natural cracks' جو اس میں پڑے ہوئے ہیں، اگر وزیر صاحب آخر میں میری تسلی کرا دیں کہ یہ جو بجٹ میں 'Natural cracks' پڑے ہوئے ہیں تو ان کے پیچھے کیا قصہ ہے؟ تو میں سر، مشکور رہونگا۔ (قہقہے/تالیاں) آخر میں Block ADP کے حوالے سے میں صرف اتنا کہونگا کہ یقیناً اسلئے ہمارے خدشات بھی ہوتے ہیں اور اس سے ہمارا جو Process ہوتا ہے، وہ بھی Slow ہوتا ہے لیکن مجھ سمیت کافی اراکین اسمبلی اس ہاؤس میں ایسے موجود ہیں جو کہ پچھلی اسمبلی میں بھی رہے ہیں، کہ جہاں تک اس حکومت کا طریقہ کار ہے تو انہوں نے نہ صرف Block ADP سے ہماری سکیموں کو منظور بھی کیا ہے بلکہ ان پہ کام بھی کرائے ہیں اور ہم پرامید ہیں کہ اس بار اگر ہم اپنے ہاتھ 30 جون کو جب باندھ کے اپنا اختیار گورنمنٹ کو دیدیں گے تو جس طریقے سے انہوں نے پہلے رواداری کا ثبوت دیا ہے تو میں پرامید ہوں کہ اس بار بھی وہ اس چیز کا خیال رکھیں گے۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: جی انشاء اللہ، تھینک یو جی۔ وجیہ الزمان صاحب۔

جناب وجیہ الزمان خان: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر! میں سب سے پہلے تو حکومت کو بالعموم اور وزیراعلیٰ صاحب اور فنانس منسٹر کو بالخصوص مبارکباد پیش کرونگا کہ انہوں نے ایک اچھا Effort پیش کیا ہے۔ بجٹ بنانا ایک مشکل کام ہوتا ہے، خاص طور ایسے حالات میں جب بندے کے پاس وسائل نہ ہوں اور اس کو پھر طریقے سے آرگنائز کرنا، یہ بڑا محنت کا کام ہوتا ہے۔ میں اس پہ ان کو صوبہ خیبر پختونخوا بننے پر بھی مبارکباد دیتا ہوں اور اس کا پہلا بجٹ پیش کرنے پر بھی مبارکباد دیتا ہوں۔ (تالیاں) جناب

سپیکر! اس سے پہلے کہ میں آگے بڑھوں، میں ایک وضاحت چاہتا ہوں۔ ہم صبح دفاتر میں پھر رہے تھے تو ایک دفتر کے باہر میں گیا تو وہاں پختو نخوا کے Spelling لکھے ہوئے تھے 'Pakhtunkhwa'، آگے گیا تھوڑی دور، وہاں جا کر لکھا تھا 'Pakhtoonkhwa'، جو مجھے ٹھیک لگا، پتہ نہیں غلط کیا ہے، ٹھیک کیا ہے؟ آپ میری اصلاح کر سکتے ہیں۔ کچھ جگہوں پر لکھا تھا 'K.P.K' تو میں یہ وضاحت چاہتا ہوں کہ یہ خیبر کیساتھ پختو نخوا ایک لفظ ہے کہ پختو نخوا دو لفظ ہیں؟ میرا اپنا اندازہ یہ ہے کہ یہ ایک لفظ ہے، تو پھر 'K.P.K' کی جگہ 'K.P' ہونا چاہیئے اور اس کی جو Spelling کرتا ہے تو اس کی ایک Spelling گورنمنٹ بتا دے کہ یہ Spelling ہے اور وہی Spelling ہر جگہ استعمال کی جائے۔ میں نے گورنمنٹ آفیشلز بورڈز پہ دیکھا ہے کہ غلط غلط Spelling لکھی گئی ہے، ایک تو یہ گزارش تھی جناب سپیکر، باقی کل ابھی میرے بھائی اسرار اللہ گنڈا پور نے بھی ماشاء اللہ بڑی اچھی، ہمیشہ سے ہی بڑی اچھی ٹیکنیکل سپیچ کرتے ہیں لیکن اس سے پہلے کل کچھ ایشوز پہ مفتی کفایت اللہ صاحب نے ماشاء اللہ بڑی اچھی سپیچ پیش کی جس کے جواب میں پھر میاں افتخار صاحب نے بھی بڑے اچھے دلائل دیئے اور بڑا اچھا ڈیفنس پیش کیا۔ اس کے حوالے سے کچھ وضاحت میں کرنا چاہتا ہوں جناب سپیکر، کہ بات ہو رہی ہے یہاں پر نفرتیں پھیلانے کی، لوگوں کو آپس میں لڑوانے کی، سازشیں کرنے کی، کل میاں افتخار صاحب نے کہا کہ ہزارہ ہمارا ہے، تو ہم نے کب کہا کہ ہزارہ آپ کا نہیں ہے؟ ہزارہ بھی آپ کا ہے، پنجاب بھی آپ کا ہے، سندھ بھی آپ کا ہے، بلوچستان بھی آپ کا ہے، پورا پاکستان ہمارا ہے، ہم پاکستانی ہیں، ناردرن ایریاز بھی ہمارے ہیں، باقی علاقے بھی جو اسطرح ہمارے ساتھ فاٹا کے ہیں، وہ بھی ہمارے ہیں۔ کل مفتی صاحب نے بہت اچھی بات کی کہ حالات کے ساتھ، وقت کے ساتھ ساتھ جب ضروریات بڑھتی ہیں تو نئے اضلاع بنائے جاتے ہیں، نئے ڈویژن بنائے جاتے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ اسی پیشرفت میں ایک یہ نیا ایشو اٹھا ہے کہ جس میں ہزارہ والوں نے ایک نئی ڈیمانڈ اپنے صوبے پیش کی ہے، اس میں قطعاً ایسی کوئی بات نہیں ہے جو ہم مخالفت کرتے ہیں۔ قلندر لودھی صاحب، میرے بزرگ بیٹھے ہیں، ہزارہ تحریک کی میٹنگ میں میں بھی شامل تھا، وہاں جب بہت گرما گرم تقریریں ہوئیں تو میں نے وہاں بھی اس بات کو Condemn کیا کہ کوئی آپ میں پختو نخوا نا منظور کی بات نہیں کریگا کیونکہ وہ ایک آئینی اور جمہوری طریقے سے حاصل کیا گیا نام ہے۔ ہم انہیں مبارکباد پیش کرتے ہیں اور ہم ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے ہمیں بھی راستہ دکھایا کہ ہم کس طرح سے اپنا یہ حق مانگ سکیں۔ جناب سپیکر! گزارش صرف میں کرنا چاہ رہا ہوں، میں موضوع اس

طرف لانا چاہ رہا ہوں کہ ہمارا ملک اس وقت مزید جھگڑے کا متحمل نہیں ہے، مزید نفرتوں کا متحمل نہیں ہے، ہماری Coalition Governments ہیں، ہماری مختلف پارٹیز ہیں جو مل جل کر حکومت بناتی ہیں، اس میں ایک جگہ اپنے ممبران سے یہ گزارش کرونگا کہ یہ ایک دوسرے کی لیڈر شپ پہ خواہ وہ زندہ ہیں یا فوت ہو چکی ہیں، نکتہ چینی نہ کی جائے (تالیاں) کیونکہ ہمیں مل جل کر چلنا ہے اور ایک دوسرے کے احساسات و جذبات کو سمجھ کر چلنا ہے اور ملک کی بہتری میں ہم تب ہی اچھے فیصلے کر پائیں گے جب ہم ایک دوسرے کے درد کو سمجھ سکیں گے اور اس کے جذبات کو سمجھ سکیں گے اور اس کی دل آزاری نہیں کریں گے اور ایسی باتیں کریں گے جس سے کہ اگلے کا دل ہماری بات سننے کو کرے تاکہ ہم مل جل کر National interest میں کوئی اچھے فیصلے کر سکیں۔ جناب سپیکر! یہ ہمارا جو سیٹ اپ ہے چار صوبوں کا اور ایک فیڈرل گورنمنٹ کا فیڈریشن جو ہماری ہے، یہ جب بنی، اس وقت اس ملک کی آبادی تین کروڑ تھی، آج ہمارے ملک کی آبادی اٹھارہ کروڑ سے تجاوز کر گئی ہے، اس حوالے سے اگر دیکھیں جناب سپیکر صاحب، تو میں سمجھتا ہوں کہ چوبیس صوبے ہونے چاہئیں۔ ہم جب انڈیا سے جدا ہوئے تو اس وقت انڈیا کے سات صوبے تھے اور ہمارے چار صوبے تھے، آج جناب سپیکر، انڈیا کے انتیس صوبے ہیں اور وہ چودہ نئے صوبے بنانے جا رہے ہیں۔ یہ سب ضرورت کے مطابق ہے، اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ کوئی علیحدہ ہو رہا ہے یا خدانخواستہ پاکستان ٹوٹ رہا ہے، یہ چھوٹے ایڈمنسٹریٹیو یونٹس اس وقت، وقت کی ضرورت ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ ہم سارے اس پر حکومت اور اپوزیشن بلکہ میں چیف منسٹر صاحب کا تو خاص طور پر مشکور ہوں کہ انہوں نے ڈھائی سال میں بلکہ ساری گورنمنٹ کا اور کیبنٹ کا اور آپ کا کہ آپ نے ہمیں ان ڈھائی سالوں میں کبھی یہ محسوس نہیں ہونے دیا کہ ہم اپوزیشن میں ہیں، ورنہ سابقہ پانچ سالوں میں جو اپوزیشن میں نے دیکھی ہے، اس کی مثالیں شاید کچھ لوگوں نے سنی ہوں، وہ اب مجھے پتہ لگتا ہے کہ اپوزیشن تو وہ تھی، یہاں تو سارے ماشاء اللہ ایک اچھے ماحول میں بیٹھے ہیں۔ (تالیاں)

تو میں چاہونگا کہ ہم جب بھی بات کریں، ہم ایک اچھے ماحول میں بات کریں اور اس کو Realistically کریں، اس کو National interest میں کریں، نہ کہ اس کو اپنی ذاتی انا کا مسئلہ بنائیں۔ تو جناب سپیکر، میں اس بات پر آ رہا ہوں، افغانستان میں آپ دیکھ لیجیئے کہ اب چوبیس صوبے ہیں وہاں پر، ترکی میں آپ دیکھ لیں، وہاں پر چوراسی صوبے ہیں اور ہم اگر ہزارہ ایک علیحدہ صوبہ مانگتے ہیں تو ہم کوئی غلط نہیں کرتے، وہاں پچھتر لاکھ کی آبادی ہے اور کچھ ایسے چھوٹے ممالک ہیں، سنگاپور ہو گیا، عمان ہو گیا، اسطرح کویت ہو

گیا جن کی آبادی اس سے کم ہے۔ جب ممالک ہی کم ہیں تو نیا صوبہ مانگنے میں میں سمجھتا ہوں کہ Administratively کوئی عذر نہیں ہونا چاہیئے، ہم آپ سے جدا قطعاً نہیں ہو رہے۔ اب پشاور ہم آتے ہیں جناب سپیکر، ٹریفک کا حال آپ دیکھیں، مجھے الحمد للہ، اللہ کی مہربانی ہے تیرہواں، چودھواں سال ہے کہ میں اس ایوان کا ممبر مستقل بنا آرہا ہوں، جب میں شروع ہوا ہوں تو کوئی سیکورٹی نہیں ہوتی تھی، ہم آتے تھے، آرام سے گیٹ کھلتا تھا اور ہم گھومتے پھرتے تھے، کوئی پرابلم نہیں تھی۔ اسمبلی میں بھی گھومتے تھے اور بازاروں میں بھی گھومتے تھے۔ آج حالات Tense ہو گئے، اسلئے کہ آپ کے اس پراونشل ہیڈکوارٹر میں Influx اتنا زیادہ ہے کہ آپ لاء اینڈ آرڈر کنٹرول ہی نہیں کر سکتے، آپ پہچان ہی نہیں سکتے کہ باہر کا آدمی کون ہے، اس میں مشکوک کون ہے، اپنا کون ہے؟ لیکن جب اس Influx کو کم کیا جائے گا، اس کو De-centralize کیا جائے گا، میں تو سمجھتا ہوں کہ جتنی ٹریفک آج پشاور میں ہے، اس میں بیس پرسنٹ لوکل لوگ ہیں اور اسی پرسنٹ پورے صوبے کا Influx اس کے اوپر ہے، یہ اس آبادی کا زیاں ہے جناب سپیکر، جس کا میں ذکر کر رہا ہوں۔ یہ جو مسائل پیدا ہو رہے ہیں، وہ یہ پیدا ہو رہے ہیں کہ اگر ہم پیدل ایم پی اے ہاسٹل سے چل کر آئیں تو شاید دس منٹ میں اسمبلی پہنچ جائیں لیکن Security reasons کی وجہ سے روڈ بلاک ہوتا ہے، عوام کو پریشانی ہوتی ہے اور اگر رش میں ہم آئیں تو بعض اوقات اتنی ٹریفک ہوتی ہے کہ ہمیں ہاسٹل سے پینتالیس منٹ، میں نے خود ایک دفعہ گھڑی دیکھی، یہاں تک پہنچنے میں لگے، تو یہ سب وہ مسائل ہیں کہ جن کی طرف ہماری توجہ نہیں جارہی۔ جناب سپیکر! بجٹ تو پیش ہوتا ہے، عوام کیلئے پیش ہوتا ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت صرف یہ نہیں کہ ہم صرف صوبہ ہزارہ کی بات کر رہے ہیں، نئے صوبے جتنے بھی بن سکیں، سولہ بن سکیں، اٹھارہ بن سکیں، چوبیس بن سکیں، جو جو ڈیمانڈ کرتا ہے، جمہوریت کیا ہے، بڑے افسوس کیساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اصولی طور پر تو ہمیں خلافت کی بات کرنی چاہیئے بحیثیت مسلمان لیکن ہم ایک سسٹم میں چل رہے ہیں، جس کو ڈیموکریسی کہتے ہیں، What is democracy? بچپن سے ہم پڑھتے آئے ہیں کہ Democracy is for the people, of the people, and by the people تو Democracy basically is the will of the people، تو میں یہ آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ ہزارہ میں ہم نفرتیں نہیں پھیلانا چاہتے، ہم ایک اچھے ماحول میں یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اس وقت ہزارہ کا بچے سے لیکر بوڑھا آدمی جو ہے، وہ صوبہ مانگ رہا ہے، چاہے کس شکل میں بھی مانگ رہا ہے، اس پہ کچھ لوگ اپنی سیاست کر رہے ہیں، کچھ لوگ کچھ کر رہے

ہیں۔ میں حکومت سے یہ ایک عاجزانہ اپیل کرونگا کہ جب تمام ہمارے جو بزرگ بیٹھے ہیں اور میں اپنے ہزارہ کے ممبرز، باقی ڈی آئی خان کے جتنے، ہمارے جہاں کے بھی ممبرز ہیں، میں تمام سے اپیل کرونگا کہ وہ ہزارہ کے عوام کی خواہشات کو مد نظر رکھیں اور اگر صوبہ ہزارہ بن جائے تو کوئی ایسی بات نہیں ہوگی۔ میں آپ کو بتاتا چلوں کہ ماشاء اللہ آپ نے ایک کامیابی حاصل کی پختونخوا کا نام حاصل کرنے میں، پولیٹیکل پارٹیز جب کوئی ایسا فیصلہ کرتی ہیں، ایسا کوئی بڑا Step اٹھاتی ہیں تو وہ ایک Political mileage کیلئے اٹھاتی ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس میں Mileage کی بجائے آپس میں نفرتیں بڑھ رہی ہیں، تو ان نفرتوں کو محبتوں میں بدلنے کا واحد طریقہ ہے کہ اگر یہ قرارداد متفقہ منظور کر لی جائے تو وہی لوگ جو آج برا بھلا کہہ رہے ہیں، وہ آپ کے ممنون ہو جائیں گے اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ جب آپ کے قائدین ہزارہ میں Enter ہوں گے تو آپ ان کا استقبال دیکھیں اور پھر آپ دیکھیں کہ وہاں کتنی سرخ ٹوپیاں پہنی ہوئی لوگوں کی آپ کو نظر آئیں گی یا سرخ Flag اور کالی ٹوپی کہہ لیں حکومت کی، جو جس طرف بھی جائے، تو بہر حال کہنے کا مقصد یہ ہے جناب سپیکر، کہ Will of the people جو ہے، اس کو Honour کرنا چاہیئے۔ یہاں میں چاہ رہا ہوں کہ ایک اچھے ماحول میں ہم ایک بات کو Realistically سمجھیں۔ یہ تو بات ہو گئی جناب سپیکر، ہمارے جو ڈیمانڈ ہیں جو ہم نے اپنی ایک قرارداد بھی اس میں پیش کی ہوئی ہے اور اسی حوالے سے پیش کی ہوئی ہے، عوام کو جناب سپیکر، اس میں بہت فائدہ ہے۔ جس طرح کہ میں نے کہا کہ 80 percent Influx ہے، اگر اس 80 percent influx کو ہم پراونس سے De-centralize کر دیتے ہیں اور چھوٹے Administrative units بنا دیتے ہیں اور یہ 80 percent influx یہاں سے اپنے اپنے علاقوں میں Confine ہو جاتا ہے تو آپ سوچیں جناب سپیکر، کہ پٹرول اور ڈیزل کی کتنی بچت ہے، Pollution کتنی کم ہوگی، ٹریفک کتنی کم ہوگی؟ اور جناب سپیکر، میں آپ سے گزارش کرتا چلوں کہ ہمارے ڈی آئی خان کے بھائی بھی بیٹھے ہیں، کوہستان کے بھائی بھی شاید بیٹھے ہیں، وہاں سے یہاں تک پہنچنا جناب سپیکر، ہماری اپنی گاڑی ہو تو آٹھ نو گھنٹے، غریب آدمی آئے تو بارہ چودہ گھنٹے، بسیں بدل بدل کر آتے ہیں، اگر اس کا کام، ایک کوہستان کے بندے کا کام کوہستان میں ہوتا ہے اور وہ اپنے دور دراز علاقے سے پہاڑ سے اتر کر آتا ہے اور اس کا کام وہی پہ ہو جاتا ہے اور اس کا خرچ دس فیصد بھی نہیں آتا اور اس کے بارہ گھنٹے جو ہیں، اضافی اس کے Mental torcher، اس کی پریشانی، اس کی Exertion، اس کا Waste of time، وہ National interest

میںUtilizeہوتو سوچیں کہ پورا ملک Gradually کتنی ترقی کر سکتا ہے؟تو یہ ہم لوگوں کو بجائے اس کے کہ الجھائے رکھیں اور ان کو اسی کام میں بھگائے رکھیں کہ سارا دن سفر ہی کرتے رہیں، بھاگتے رہیں اور ان کے معاملات حل نہ ہوں، اس سے جناب سپیکر، ٹینشن بڑھتی ہے اور جب ٹینشن بڑھتی ہے تو روزگار میں بھی کمی آتی ہے اور اس سے پھر لاء اینڈ آرڈر کی سچوئشن خراب ہوتی ہے۔اب میں تھوڑا سا اس بات سے آگے بڑھونگا جناب سپیکر،۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی تھوڑا بجٹ پر آ جائیں، بجٹ پہ ایک دو باتیں کریں۔بہت لمبی طویل لسٹ ہے اور آپ نے ویسے بھی دور جانا ہے۔آپ نے لکھا بھی ہے کہ میں نے دور جانا ہے۔

جناب وجیہ الزمان خان: اب بجٹ پہ آ رہا ہوں، مشکور ہوں۔اس کے بعد ایک گزارش ہے کہ بجٹ میں جس طرح کہ پہلے محترمہ بے نظیر بھٹو کا جو انکم سپورٹ پروگرام شروع ہوا، باچا خان خپل روزگار پروگرام شروع ہوا، میری گزارش یہ ہے، اچھا ہے، غریب ہیں بیچارے تو آج کل دو وقت کی روٹی میسر نہیں ہوتی، کم از کم ان کو تھوڑا Breathing space مل جاتی ہے، سانس لینا میں کہہ سکتا ہوں، ان کو پیٹ نہیں بھرتا اس میں لیکن میری یہ گزارش ہے جناب سپیکر، اگر ان کو بجائے اس کے کہ Dependent بنایا جائے اس Aid کے اوپر اور وہ لوگ کام چھوڑ کر اس Aid کے منتظر رہیں، اس سے کیا بہتر نہیں ہوگا کہ یہی پیسے ہم وہاں Utilize کریں اور For instance agriculture لے لیں، جہاں پہ ہم وہ زمین جو ہمارے پاکستان میں بے شمار زمین ایسی ہیں جو کہ Cultivable نہیں ہیں، اسلئے کہ اخراجات لوگوں کے پاس نہیں ہیں کہ وہ اس کو ٹھیک کر سکیں، Manage کر سکیں اور اس پر Cultivate کر سکیں اس کو، اس طرف لگائیں تاکہ ایگریکلچرل بے شمار ہو اور ہمیں ڈیری پراڈکس کی طرف جانا چاہیئے۔ جناب سپیکر، میں آپ سے گزارش کرونگا، اس دن ٹی وی میں ایک پروگرام دیکھ رہا تھا، دودھ پہ بحث ہو رہی تھی، یہ آپ کے ڈبوں میں جو دودھ آ رہا ہے، یہ کہا جاتا ہے کہ یہ دودھ ہے ہی نہیں، یہ کیمیکلز جو ہیں، انہوں نے مکس کر کے دودھ کی شکل بنا کر اس کو ڈالا ہوا ہے اور آپ بیشتر لوگوں کو دیکھیں، آج کل ہیلتھ کے جو مسائل بن رہے ہیں، ایک Pollution سے Chest infection کی بیماری بہت زیادہ ہو رہی ہے، آج گردے فیل ہو رہے ہیں، ہارٹ پرابلمز ہو رہی ہیں، بے شمار قسم کی بیماریاں ہیں، یہ دو نمبر خوراک کی وجہ سے چونکہ فوڈ جو ہمارا ہے، وہ دو نمبر بلکہ دس نمبر ہو چکا ہے، تو Dairy revolution کی ہمارے ملک میں ضرورت ہے، White revolution کی ضرورت ہے، اس سے لوگوں کو روزگار بھی ملے گا

اور اس سے ہمیں Natural food بھی ملے گا، اس سے بہترین فوڈ جو صحت کیلئے اچھا ہو گا۔ جناب سپیکر! اس سے میرے کہنے کا مقصد صرف یہ تھا کہ Subsidies کا جو سسٹم ہے، یہ جو ایک Help کرنے کا اس طرح ہے، Help تو کہا جاتا ہے، Basically یہ لوگوں کو Dependent بنایا جاتا ہے، ان چیزوں کو Avoid کر کے Constructive اور Positive لوگوں پہ اخراجات استعمال کئے جانے چاہئیں جس سے کہ Produce ہو اور لوگ ہمارے جو ہیں، ان کو کام کرنے کا موقعہ ملے اور ہماری جو Human resource ہے، وہ بجائے ضائع ہونے کے Properly utilize ہو تاکہ National interest میں کوئی بہتری آ سکے۔ ایجوکیشن کے حوالے سے جناب سپیکر، میں منسٹر صاحب کا، آنریبل منسٹر بابک صاحب پتہ نہیں بیٹھے ہیں کہ نہیں، بڑا مشکور ہوں، ان کے پاس ایک دن میں ایک سفارش لے کر گیا، Normally ہمارا کیا کام ہے؟ یہی ووٹ لیا ہوتا ہے، ہمیں سفارشیں کرنی پڑتی ہیں، مجھے وہاں جا کر ان کا جواب سن کر، میرا کام انہوں نے نہیں کیا لیکن مجھے ان کا جواب سن کر اتنی خوشی ہوئی کہ انہوں نے ایک Positive step اٹھایا۔ ہمارے ایس ای ٹیز جو کہ وہاں پہ آ کے اے ڈی اوز بن جاتے ہیں اور وہ Lucrative کام میں پڑ جاتے ہیں، پیسے کمانے میں پڑ جاتے ہیں اور استاد گھر بیٹھے رہتے ہیں، ان کو Monthlys دیتے ہیں اور پیسے کماتے ہیں، سکول ہمارے بند پڑے رہتے ہیں جو کہ افسوس کی بات ہے، مجھے خوشی ہوئی کہ انہوں نے ان ایس ای ٹیز کو نکال کر سکولز میں ہیڈ ماسٹرز اور پرنسپلز کی شکل میں بھیجا تاکہ سکول فنکشنز کریں، تو ہمیں ایسی نوجوان قیادت چاہیئے جو National interest میں سوچے اور جو مستقبل کے بارے میں سوچے، تو مجھے قطعاً اس بات پہ افسوس نہیں ہوا بلکہ خوشی ہوئی کہ چلو ایک ایسا Step ہے جو صحیح سمت میں جارہا ہے۔ جناب سپیکر، ایجوکیشن کے حوالے سے میں ایک اور گزارش کرنا چاہونگا۔ میری بہن شازیہ نے کہا کہ جی سلیبس ایک ہونا چاہیئے، جناب سپیکر، آج بھی آپ سرکاری سکول میں چلے جائیں تو میں سمجھتا ہوں وہاں پر تو کوئی ایجوکیشن نہیں ہے، پرائیویٹ سکول اتنے مہنگے ہو گئے ہیں کہ جب بل آتے ہیں تو ہمیں پسینے آ جاتے ہیں اور اس کی بھی کوئی ریگولیشن ایسی نہیں ہے کہ جس پر کہ کنٹرول کیا جا سکے کہ وہ اپنے بلز کو کنٹرول کریں، فیس کو کنٹرول کریں کیونکہ سارا معاشرہ کرپشن میں پھنسا ہوا ہے۔ اس میں بھی جو ویسٹرن ایجوکیشن ہے، وہاں ہے اور جو دین کے نام پر ایجوکیشن دی جاتی ہے، مدرسوں میں دی جاتی ہے، کچھ مدرسے تو ایسے ہیں جو بہت اچھا Deliver کر رہے ہیں، جو بڑے اچھے اچھے علماء Produce کر رہے ہیں لیکن کچھ مدرسے مالی نقصانات کی وجہ سے غلط لوگوں کے ہاتھوں میں چڑھ

جاتے ہیں جس کے نتائج آپ کے سامنے دہشتگردی کی صورت میں آرہے ہیں۔ جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ اگر گورنمنٹ آفیشلز کو اپنے بچے Compulsorily سرکاری سکولوں میں ڈالنے کی ہدایت کی جائے تو میرے خیال میں سب کو پھر احساس ہوگا اور یہ سکولز کی حالت بہتر ہوگی، مجبوراً بہتر ہوگی۔ یہ گزارش تھی جناب سپیکر، دوسرا یہ کہ Parents Teachers Association کے حوالے سے کچھ تنظیمیں بنائی گئی تھیں جو بچوں کی ایجوکیشن کو مانیٹر کرتی تھیں، وہ میں نے کوئی فعال شکل میں نہیں دیکھیں۔ وہ ہیں تو سہی اپنی جگہ لیکن فعال نہیں ہیں تو میں آنریبل منسٹر اگر بیٹھے ہوئے ہوں تو ان سے گزارش کرونگا کہ وہ ان کو فعال کریں تاکہ وہ Parents جن کے بچے تعلیم حاصل کر رہے ہیں، ان کو پتہ ہو کہ ان کا بچہ کیا تعلیم حاصل کر رہا ہے؟ پھر جناب سپیکر، اسی طرح اگر ہیلتھ میں آئیں، وفاقی حکومت کا پیچھے ایک پروگرام میں دیکھ رہا تھا، اس میں آیا، اس سے پہلے تو دوائیاں رجسٹرڈ ہوا کرتی تھی، اس میں کافی عرصہ لگتا تھا، کافی Scrutinize ہوتا تھا، کافی اس میں چیکنگ ہوتی تھی لیکن ٹی وی میں ایک پروگرام میں بتایا گیا کہ چار ہزار میڈیسنز انہوں نے ایک دن میں Approve کر دیں۔ اب چار ہزار میڈیسنز اگر آپ ایک دن میں Approve کریں گے تو آپ کو پتہ کیسے لگے گا کہ اس میں Spurious کونسی ہیں، ان میں ٹھیک کونسی ہیں اور وہ ساری کی ساری Approve ہو گئیں اور اس کے اوپر کوئی ایکشن نہیں ہوا تو آنریبل منسٹر ہمارے شاہ صاحب، ایک اچھے شریف انسان ہیں، میں ان سے گزارش کرونگا کہ کم از کم اپنے صوبے میں ایک کوشش کریں کہ Spurious یا Sub standard drugs جو ہیں، یہ نہ آئیں تاکہ لوگوں کی صحت جو ویسے ہی خراب ہو رہی ہے، کم از کم اس کو بچانے میں کوئی تھوڑی سی Help ہو سکے۔ جناب سپیکر، پھر میں سی این ڈبلیو کے محکمے کی طرف آؤنگا۔ یہ شاید میں نے پچھلے بجٹ میں بھی گزارش کی تھی کہ جناب سپیکر، ہماری سڑکوں کا معیار بہت گر چکا ہے۔ ہم باہر کے چندے پر پل رہے ہیں، ہم ہر وقت کشکول لیکر امریکیوں کی طرف دیکھتے ہیں، افسوس کی بات ہے کہ اللہ کو بھول چکے ہیں ہم اور ہم انگریز کی طرف دیکھ رہے ہیں جس کی وجہ سے ذلیل و خوار ہو رہے ہیں۔ وہ خیرات کا پیسہ یا لون کی شکل یا Donation کی شکل میں جس طرح بھی آتا ہے جناب سپیکر، وہ صحیح Utilize نہیں ہوتا۔ میرے اپنے اندازے کے مطابق اس وقت 60 percent جو ہے، وہ محکموں کی نذر ہو جاتا ہے اور 40 percent جو ہے، وہ موقع پر لگتا ہے جو دو بارشوں کی نذر ہو جاتا ہے اور وہ ملک کا میں سمجھتا ہوں کہ اتنا زیادہ نقصان ہے کہ جس کا ازالہ کرنا مشکل ہو جائیگا۔ جناب سپیکر، میری گزارش ہے، بات ہوئی کہ جی منسٹرز کی تنخواہیں بیس فیصد کم کر دیں،

میں سمجھتا ہوں کہ ان چیزوں سے کوئی فرق نہیں پڑتا، تنخواہیں بیس فیصد، یہاں پر کوئی تنخواہ لینے کیلئے نہیں آتا، یہاں پر لوگ بڑے خرچے کر کے، جائدادیں بیچ کر، بڑے پاپڑ بیل کر، بڑا کچھ کر کے یہاں پر آتے ہیں، عزت کیلئے آتے ہیں، خدمت کرنے کیلئے آتے ہیں عوام کی اور اپنی عزت کیلئے آتے ہیں، تو میرا خیال ہے، یہ تنخواہ اتنا Matter نہیں کرتی، یہ تیس ہزار یا جتنی بھی بنتی ہے، یہ اعزاز یہ ہے، یہ تنخواہ کیلئے کوئی یہاں نہیں آتا، یہ ایک اعزازیہ ہے، اس میں میری گزارش یہ ہے کہ جو سرکاری اہلکار ہیں، ملازمین ہیں، جو ملازم ہے جس کے جتنے اختیارات ہیں، اس کو اسکی اختیارات اور اس کی پوزیشن کے مطابق اس کا ایک بجٹ بنایا جائے اور اس کو ایک Respectable existence provide کی جائے تب جا کر کرپشن جو ہے، Curb ہو سکے گی، Curtail ہو سکے گی، کنٹرول ہو سکے گی۔ جناب سپیکر، جب تک کرپشن کنٹرول نہیں ہوتی، ہم جتنی مرضی بجٹ بنالیں، جو مرضی کر لیں، ہم لوگوں کو Deliver نہیں کر سکتے اور لوگوں کیلئے کوئی فلاح کا کام نہیں کر سکتے تو اسلئے تنخواہیں جو ہیں، اس کیلئے ایک کمیٹی بے شک تشکیل دی جائے اور بے شک ترقیاتی کام آپ بند کر دیں لیکن آپ پہلے اپنے انسٹی ٹیوشنز کو ٹھیک کریں کیونکہ یہ ترقیاتی فنڈ جو ہے، وہ انسٹی ٹیوشنز میں ضم ہو جاتا ہے، غریب تک پہنچ نہیں پاتا تو ہم چاہتے ہیں کہ پہلے انسٹی ٹیوشنز ہوں تاکہ اس کے بعد جب ترقیاتی فنڈز جائیں تو وہ صحیح طور پر غریبوں کے پاس پہنچ سکیں اور ان کے معاملات حل کر سکیں۔ جناب سپیکر، پانی کے حوالے سے کچھ باتیں ہوئیں کہ جی واٹر فلٹریشن پلانٹس، جناب سپیکر، میں تو سمجھتا ہوں کہ ہمیں اتنے واٹر فلٹریشن پلانٹس لگانے کی ضرورت نہیں ہے، اگر تھوڑی سی Awareness ہم میں پیدا ہو جائے۔ آج ہم کہتے ہیں کہ ہم مسلمان ہیں، صفائی نصف ایمان ہے لیکن جتنا گند آج کل ہمارے معاشرے میں دیکھا جاتا ہے، آپ کسی ہسپتال کے باہر چلے جائیں، کسی ہوٹل کے باہر چلے جائیں، کہیں پر چلے جائیں، وہاں پر گندگی کے ڈھیر لگے ہوتے ہیں اور پھر ہم اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں؟ جناب سپیکر، اگر ہم گندگی کو صاف کر لیں، ہم گندگی کے اثرات کے پیچھے نہ بھاگیں، ہم گندگی کو صاف کر لیں تو بہت سے ہمارے جو معاملات ہیں، وہ ٹھیک ہو سکتے ہیں۔ میں ایک پہاڑی علاقے کا رہنے والا آدمی ہوں جناب سپیکر، میری اپنی ہوش کی بات ہے کہ بچپن میں ہم پانی میں کھیلا کرتے تھے تو ہمیں ریت کی Crystal صاف ستھرے نظر آیا کرتے تھے، ہم اس میں کپڑے ڈال کر اور لفافے ڈال کر مچھلیاں پکڑا کرتے تھے، صاف ستھرا پانی ہوتا تھا، آج جناب سپیکر، وہی Streams ہماری جو بہہ رہی ہیں، وہ گندے نالوں میں Convert ہو چکی ہیں اور وہی پانی اکثر ہمارا باہر زمین میں جاتا ہے تو بیماریوں کا باعث بنتا ہے اور وہاں سے

ہم کپڑے بچا کر نکلتے ہیں کہ کپڑے ناپاک نہ ہو جائیں۔ تو یہ ایک پالیسی بنائی جائے Environment کے حوالے سے یا ہیلتھ والے جو بھی اس کو کرتے ہیں، گورنمنٹ اس کا نوٹس لے کہ لوگ جتنی آبادیاں بنا رہے ہیں، جتنی جگہ بنا رہے ہیں، اس کی جتنی گٹرز لائنز ہیں، مہربانی فرما کر وہ اپنی آبادیوں کے ساتھ گٹرز لائنز بنائیں کیونکہ یہ گٹرز لائنز نہیں بنائیں گے تو یہ سارا پانی صاف پانی میں جا کر اس کو Pollute کریگا اور اتنے فلٹرز پلانٹس آپ نہیں لگا پائیں گے کہ اس سے میں سمجھتا ہوں کہ دس فیصد خرچے میں آپ صفائی کنٹرول کر کے Natural recourses جو ہیں، انہی کو آپ صاف بنا سکتے ہیں۔ اگر آپ بور ہو رہے ہیں تو میں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ اگر مختصر کریں تو اور بھائیوں کو موقعہ مل جائیگا، Five minutes سے زیادہ کسی کو نہیں، Five minutes only.

<u>جناب وجیہ الزمان خان:</u> جناب سپیکر! مجھے احساس ہے، میں اس کو بس ذرا تیز تیز کرتا ہوں، تھوڑا سا میں اس کو کٹ شارٹ کرنے کی کوشش کرونگا۔ جناب سپیکر! یہ میری گزارش ہے کہ میں ابھی Waste کی بات کہ باہر اتنا گند وغیرہ جو پڑا ہوتا ہے، ساری دنیا میں Recycling plants لگے ہوئے ہیں جو Waste کو دوبارہ Recycle کر کے اس کو دوبارہ پروڈکشن میں لے کر آتے ہیں اور اس کو گندگی سے نکال کر دوبارہ استعمال میں لے کر آتے ہیں تو ہم یہ ٹیکنالوجی کیوں نہیں حاصل کر سکتے؟ جناب سپیکر، اسی طرح بجلی کا بحران ہے ہمارے ملک میں، ساری دنیا کو پتہ ہے، تعجب ہوتا ہے، مجھے پیچھے آسٹریلیا جانے کا، نیوزی لینڈ جانے کا اتفاق ہوا۔ جناب سپیکر، توجہ تھوڑی سی مطلوب ہے، وہاں پر میں نے دیکھا کہ ان کے پاس بجلی پیدا کرنے کیلئے Wind mills کا سسٹم ہے اور Wind mills جناب سپیکر، ایک ایسی چیز ہے کہ جو آپ ایک جگہ لگا دیں تو ہوا چلے گی تو اس نے گھومنا ہی گھومنا ہے، اس نے بجلی پیدا کرنی ہے، نہ اس میں ڈیزل کی ضرورت ہے، نہ گیس کی ضرورت ہے تو یہ Private firms or companies کو بجلی دیکر آپ، غریب پہلے ہی بل نہیں دے سکتا، وہ چھ روپے یونٹ سے لیکر جتنا، میری بہن نے کل فگرز بتائے، 9.6 پر جا رہے ہیں تو بجلی آپ اور میں بھی نہیں جلا سکوں گا، غریب تو بیچارہ اپنی جگہ پر رہ جائیگا، تو ہمیں ایسی چیزوں کی طرف توجہ دینی چاہیئے، چھوٹے چھوٹے Hydle units بنانے چاہئیں اور ہمیں Solar energy کی طرف توجہ دینی چاہیئے جو ساری دنیا میں آچکی ہے اور مزید Improve ہو رہی ہے تاکہ کم سے کم خرچ میں ہم لوگوں کے مسائل حل کر سکیں اور جناب سپیکر، ایک گزارش میری، اچھا ایک میں

مبارکباد سی ایم صاحب کو دینا چاہونگااوران کا شکریہ بھی ادا کرنا چاہونگا کہ اس دن میں نے بجٹ میں سنا کہ چیئر لفٹس کا انہوں نے پروگرام بنایا ہے جھیل سیف الملوک اور ناران کے درمیان، ہم ان کے بڑے مشکور ہیں کہ انکی توجہ اس طرف مبذول ہوئی، وہ گئے بھی، انہوں نے دیکھا بھی اور میں گورنمنٹ کا اس بات پر بھی بڑا مشکور ہوں کہ انہوں نے ایکسپریس ہائی وے کیلئے بھی فنڈز مختص کئے اور I believe کہ وہ حویلیاں تک شاید۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب وجیہ الزمان خان: سیکنڈ فیز مانسہرہ تک، اللہ بلور صاحب کے منہ گھی شکر ڈالے، اللہ کرے یہ جلدی اس کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں کیونکہ جناب سپیکر، میں اپنے گاؤں سے اسلام آباد بچپن میں پونے تین گھنٹے میں جاتا تھا، اب جناب سپیکر، ساڑھے پانچ سے چھ گھنٹے لگتے ہیں، تو اس ایکسپرس ہائی وے پر جتنا جلد کام ہو سکے، میں مشکور رہونگا، یہ ایک اچھی طرف آپ نے قدم اٹھایا ہے، میں اسکو Appreciate بھی کرتا ہوں اور دعا گو ہوں کہ اللہ اس میں حکومت کو زیادہ تیز عمل کرنے کی توفیق دے اور پشاور میں جناب سپیکر، Overhead bridges کی بات ہوئی کہ سی ایم صاحب نے اس کیلئے بھی کوئی فنڈز رکھے ہیں، Under passes اور Overhead bridges کیلئے لیکن مجھے بڑا افسوس ہوتا ہے جناب سپیکر، یہ وہ کام ہیں کہ جو آج سے پندرہ سال پہلے ہونے چاہیئے تھے۔ اسلام آباد میں آپ دیکھیں کہ پیچھے، اللہ خوش رکھے لاشاری صاحب کو، کامران لاشاری صاحب کو کہ وہ آئے اور انہوں نے بڑا Gigantic قسم کا Effort کیا اور انہوں نے آج اسلام آباد میں لوگوں کا رہنا جو ہے، اسکو ممکن بنایا ہے ورنہ وہاں ٹریفک اتنی جام ہو گئی تھی کہ وہاں چلنا مشکل تھا۔ پشاور میں بھی یہی حال ہے، تو یہ اگر Under passes ہو رہے ہیں تو یہ پندرہ سال پہلے بن جاتے، بہت اچھا تھا لیکن چلیں دیر آید درست آید۔ سی ایم نوجوان قیادت ہے، انکو خیال آیا، مجھے امید ہے کہ وہ جلدی سے جلدی اس پر کام کریں گے تاکہ پشاور کے لوگ بھی تھوڑی سی پرسکون ڈرائیونگ کر سکیں اور اپنے معاملات، ڈیلی روٹین جلد سے جلد نباہ سکیں۔ جناب سپیکر، یہ ایک آخری بات میں عرض کرنی چاہونگا کہ ہمارے ہاں ایک نیا رواج آگیا ہے کہ جو حکومت آتی ہے، وہ اپنی قیادت کے نام سے پرانے نام بدل کر اسکو Change کرتی ہے، میں اسکے اوپر کسی کی Feelings کو Hurt نہیں کرنا چاہتا، میں صرف گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ پرانی جو چیزیں بنی ہوئی ہیں، انکے نام اگر ہیں، انکو وہی رہنے دیں، اگر آپ نے نام رکھنے ہیں، آپ نیا پراجیکٹ لے کر آئیں، آپ نیا انسٹی ٹیوشن لے کر آئیں، نئی

یونیورسٹی بنائیں، آپ اپنا نام رکھیں، پتہ لگے کہ آپ نے بنائی ہیں لیکن ایک سابقہ، ایوب خان صاحب کے زمانے کی چیز بنی ہوئی ہے، اس کو ایک گورنمنٹ آتی ہے، ایک نام دے دیتی ہے، دوسری گورنمنٹ آتی ہے، اسکو دوسرا نام دے دیتی ہے، یہ بات غلط ہے۔ اس پر فضول، Unnecessary، ٹائم بھی ضائع ہوتا ہے، اس پر وقت کا بھی ضیاع ہے، تو میں سمجھتا ہوں کہ اس روٹین کو ختم ہونا چاہیئے اور نئے پراجیکٹس جو بھی حکومت بنائے، وہ جس کا مرضی نام رکھے، ہم انہیں خوش آمدید کہیں گے اور اس بات کو سراہیں گے اور میں آخر میں جناب سپیکر، آپ کا اور تمام ایوان کا تہہ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے صبر و Patience کے ساتھ میری باتیں سنیں اور اللہ کرے کہ اسی محبت سے اور بھائی چارے سے ہم نیشنل انٹرسٹ میں اپنے معاملات کو حل کریں۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ جی۔ رحمت علی خان صاحب۔ رحمت علی خان صاحب!

<u>جناب رحمت علی خان</u>: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب، ستاسو ډیرہ شکریہ چہ ما لہ مو موقع راکړه۔ پرون نہ هغه بله ورځ زما نوم اغستے شوے وو، مونږه د سی ایم صاحب سره په سوات کښ وو۔ دا نن چه کوم بجټ پیش کړے شوے دے، په دے دوران کښنے چه د صوبے حالات ډیره زیات نازک وو او خصوصاً د سوات، نو زهٔ د خپل مشرانو، د پارټۍ او د خیبر پختونخوا د حکومت ډیر مشکور یم چه دومره ښه بجټ ئے پیش کړو۔ په دے بجټ کښ خصوصاً د سوات د پاره ډیر فنډز ورکړے شوے دے خو د دے سره سره زهٔ به یوه خبره دا اوکړم چه کوم شهداء په سوات کښنے شوی دی، کوم زخمیان شوی دی نو هغوی ته تر اوسه پورے هغه پیسے نه دی ملاؤ شوے، څه ملاؤ شوے دی او څه له پاتے دی نو زهٔ خپل مشرانو ته داریکوسټ به کومه چه هغه پیسے هغوی ته ډیر زر ملاؤ شی ولے چه هغوی ډیر زیات خپلی شوی وو۔ (تالیاں) په دیکښنے وزیر اعلیٰ صاحب د کورونو د Compensation خبره کړے ده چه هغه به په یوه هفته کښ شروع کیږی خو په هغه پیسے کښنے لکه ډیر لیټ والے راځی، هغه خلق ډیر خپلی شوی دی چه هغه پیسے هم هغه خلقو ته ډیر زر ملاؤ شی نو دا به ډیره غوره خبره وی۔ زهٔ بیا یو وارے د دے خپلو ټولو مشرانو شکریه ادا کوم چه دوئ یو ښه بجټ پیش کړو۔ ډیره مهربانی۔ زهٔ ورته ذهنی طور جوړ نه وومه ولے چه زما نمبر هغه بله ورځ تیر شوے وو نو په دے وجه باندے، ډیره مهربانی، سر۔

جناب سپیکر: شکریه، رحمت علی خان صاحب۔ جی زمین خان چرته لاهور ته روان یے جی، بسم الله خو مختصر۔

جناب محمد زمین خان: ډیره مهربانی، شکریه جناب سپیکر، چه تاسو نن په دے اهم موقع باندے ما ته د یو ښو خبرو موقع راکړه۔ د ټولو نه اول خو جناب سپیکر، زۀ تاسو ته د صوبه خیبر پختونخوا د اولنی سپیکر په حیثیت باندے د دے اجلاس د صدارت کولو مبارکبادی درکومه او دے ټول ایوان ته او دے ټولے صوبے ته د این ایف سی ایوارډ، صوبائی خودمختاریٔ او د خیبر پختونخوا په نوم باندے مبارکی ورکومه او انشاءالله تعالیٰ مونږه دا توقع ساتو چه په کومه طریقه باندے په مینه او رورولیٔ باندے او خوشحالیٔ باندے چه دا کوم کال، یو تاریخ ساز کال به ګنړلے شی او په تاریخ کښے به دا یاد ساتلے شی نو زما دا یقین دے چه دغسے به دا نورے فیصلے هم د دے صوبے د غریب اولس د فلاح و بهبود، د تعمیر او ترقیٔ، د خوشحالیٔ او ښوکالیٔ د پاره به په مینه او محبت باندے کیږی انشاء الله تعالیٰ۔ جناب سپیکر، په دے بجټ کښے یقیناً څه داسے اقدامات شوی دی چه د دے صوبے د زپلی شوی، د غریب اولس، د زخمی قوم په هغه زخمونو باندے مرهم پټی ده لکه نن بے نظیر هیلته سپورټ پروګرام، دا یقیناً چه داسے پروګرام دے، دا د یو داسے عظمیے هستیٔ په نوم باندے شروع دے چه هیپاټائټس سی زمونږه په دے صوبے کښے نن د وباء شکل اختیار کړے دے او په ټوله صوبه کښے عموماً او زمونږه په ضلع دیر کښے خصوصاً تقریباً چالیس پچاس پرسنټ خلق د هیپاټائټس مریضان دی او خلق غریب دی نو د دے هیپاټائټس سی چه کوم پروګرام شروع دے، چه کوم خلق د دے بیماریٔ نه پریشانه دی او هغه مستقل معذوره دی او هغه په دے قوم باندے یو معاشی بوجه جوړیږی نو د دے پروګرام سره به چه کوم مفت علاج دویٔ ته ملاؤ شی او هغویٔ واپس بحال شی نو د دے قوم په معیشت نه به ډیر لوئے بوجه کم شی۔ د دے نه علاوه جناب سپیکر، د معذور افراد د پاره چه کوم مصنوعی اعضاء به مخکښے چالیس فیصد معذوره خلقو ورکوله کومه حصه، حکومت دا ډیر مستحسن اقدام اوچت کړے دے چه اوس به دا مفت ملاویږی نو یقیناً چه دا داسے اقدام دے چه که زمونږه په صوبه کښ د خوشحاله خلق مونږ Percentage

اوګورو نو هغه ډير کم دے او غريب اولس پکښے ډير زيات دے نو د دے سره چه دغه کوم مصنوعی اعضاء مفت ملاويږی نو دا به د دے غريب اولس ډيره زياته خوشحالی او څوکالی راولی۔ د دے نه علاوه جناب سپيکر، کوآپريټيو بينک بحالی، دا ډيره د خوشحالئی خبره ده چه کوآپريټيو بينک بحال شو، زمونږه د صوبے وزير اعلیٰ صاحب ته او وزير خزانه صاحب ته په دے باندے زهٔ مبارکی ورکومه چه داسے ښه اقدام ئے اوکړو (تالیاں) ځکه چه د دے سره به غريب اولس ته، غريب کاشتکارو ته تخم، دوائيانے يا زنانو ته به د پولټری فارم داسے دغه قرضے ملاويږی چه دوئ به پرے په خپلو پښو باندے اودريږی۔ جناب سپيکر! يو دوه خبرے دی چه هغه زهٔ ضروری کنړم او ستاسو توجه او د دے ايوان توجه د آئين آرټيکل 37 ته ګرځول غواړمه چه په هغے کښی وائی: Article 37, 'Promotion of social justice and eradication of social evils'، جناب سپيکر، نن زمونږه په صوبه کښی چه کومه بد امنی ده، د دے غټه وجه زما په خيال دا جهالت او ناپوهی ده او بے روزګاری ده، Article 37 of the Constitution says، دا د سټيټ ذمه واری Define کوی، "The State shall promote, with special care, the educational and economic interests of backward classes or areas"، مياں صاحب ناست دے، زمونږ وزير خزانه صاحب هم ناست دے، د پی اينډ ډی منسټر صاحب هم ناست دے او بشير خان هم ناست دے (شور/قہقہے) د دوئ توجه ځکه دے آرټيکل ته ما راګرځول غوښتل چه په ديکښے دا 'Backward classes' او 'Backward areas' دی، بجټ کښے يقيناً چه دا کوم اقدامات څه شوی دی، دا خائسته دی خو په ديکښے د دے Bachward areas د پاره ما ته خصوصاً زمونږه د حلقے د پاره د دغه غريب اولس د پاره چه د دے قوم د پاره، د دے ملک د پاره چه هغوی کومے عظيمے قربانئ ورکړے، زما په خيال په تاريخ کښی به دا يادېږی او د اين ايف سی ايوارډ چه کوم پيسے زمونږه د دے صوبے ته راغلے نو زمونږ دا يقين وو چه په ديکښے به مونږ دغه زخمی زړونو باندے مرهم پټئ کيښودے شی خو که مونږه دا اے ډی پی اوګورو نو د دغے علاقے د پاره پکښے څه خاص دغه نه دے ايښودی شوے۔ جناب سپيکر! دغه په دے بجټ سپيچ کښے زمونږه وزير

خزانه صاحب ذکر کړے دے چه پندره بلین روپئ به د دهشتگردئ په نوم باندے دے صوبے ته راځی، نو د دے نه خو زیات Affected دغه زمونږه مالاکنډ ډویژن دے ، پکار ده چه په دغه پنده بلین روپو کښے زمونږ دغه غریبو علاقو د پاره، دغه متاثره علاقو د پاره څه پیکج ایښودے شوے وے خو داسے څه شے پکښے نه ښکاری۔ یو دوه څلور خبرے ما د وزیر خزانه صاحب په علم کښے راوستل غوښتل چه دا بعضے خبرے ، May be چه بیوروکریسی زمونږه عزت مند، دروند، خوږ مشر دے وزیر خزانه صاحب، کیدے شی د دوئ په علم کښ نه وی راوستے ، زۀ به خصوصاً د خپلے حلقے ، د دغه دیر د غریب اولس دغه طالب علمانو ذکر اوکړمه چه کوم روزانه راځی او مونږ ته په ژړا ژاړی، په دے بجټ سپیچ کښ په پیج نمبر 5 باندے وائی چه "*سرکاری تعلیمی اداروں میں پڑھنے والے ملاکنڈڈویژن کے طلباء وطالبات کے ایک سال کی ٹیوشن فیس بھی معاف کی گئی*"،یقیناً جی دا ډیره ښه خبره ده، خائسته خبره ده، پروس کال حکومت اناؤنس کړے وه خو دیکښے د سوات سټوډنټانو ته خو فیس معاف شوے دے خو زمونږ د دیر د دغه غریب طالبعلمانو سره د میرے مور سلوک کیږی، کیدے شی چه د دوئ په علم کښ نه وی نو ما وئیل چه زۀ د دوئ په علم کښ راولمه چه د دغه یونیورسټو نه، د دغه کالجونو نه دا تپوس اوشی چه دوئ ته معاف شوی دی که نه دی؟ او که نه دی نو دا مهربانی د اوکړی چه دغه سټوډنټان هم د دے نه مستفید شی۔ *(تالیاں)*

بل جناب سپیکر، کوم Compensation چه حکومت اعلان کړے وو په Previous operation کښے د مړو خلقو د پاره یا د زخمیانو خلقو د پاره، نو تر اوسه، اگرچه په بجټ کښے هم د دوئ سپیچ دے ، ضمنی بجټ کښے هم د دے دغه پیش شوے دے چه مونږ خلقو ته د Compensation amount ورکړے دے خو زما حلقے تر اوسه پورے ، د ننه پورے ، فگرز به دوئ ته ورکړے شوی وی خو هغه خلقو ته پکار ده چه په دیکښے انکوائری اوشی ځکه چه دا بشیر بلور صاحب ناست دے ، دوئ پخپله په دے آنریبل هاؤس کښ دغه Statement ورکړے وو او دے هاؤس ته ئے دا Surety ورکړے وه چه Within a week به دے خلقو ته دغه ملاویږی خو تر اوسه یو نیم کال تیر شو، یو نیم کال تیر شو او زما د حلقے هغه خلقو ته تر اوسه پورے Compensation نه دے ملاؤ شوے نو پکار ده چه د دے

انکوائری او شی چه څوک ذمه وار دی نو چه هغوی ته سزا ملاؤ شی چه دا حکومت کوم ښه اقدامات کوی نو چه دا هغے فروټ بل ته په وخت باندے ولے نه ملاویږی؟ ځکه چه وائی Justice delayed is justice denied۔ د ے نه علاوه جناب سپیکر، چونکه وخت ستاسو ډیر نه اخلمه، زهٔ هم روان یمه خو په دیکښے، که فرض کړو دا بجټ سپیچ اوګورو، وائټ پیپر اوګورو او یا دا Annual Budget Statement اوګورو او که کوم شیډیول چه مونږ ته ایښودے شوے دے او زمونږه وزیر اعلیٰ صاحب دستخط کړے دے، سبا به دے هاؤس ته دا ډیمانډز راځی د ګرانټ په شکل کښے او د دے هاؤس نه به د دے Approval غواړی نو په دیکښے Discrepancy ده، نو ما وئیل، لږ د منسټر صاحب په علم کښے راولمه ځکه چه دوئ په خپل بجټ سپیچ کښ زمونږه چه کوم ټوټل Receiptsدی نو هغه ئے 294.2 بلین ښودلی دی خو که دا شیډول اوګورو او یا دا بجټ سټیټمنټ اوګورو نو په دیکښے دا 294.26246 بلین دی نو مونږ ته دا پته نه لګی چه یره کوم فګرز ټهیک دی؟ چه دا بجټ سپیچ والا فګرز ټهیک دی او یا دا شیډول والا ټهیک دی، نو لږ ابهام پکښے دے چه دا ابهام ترے لرے شی۔ بل په دے سپیچ کښے چه کوم فګرز دی او په دے بجټ سټیټمنټ کښے چه دی چه دیکښے مونږه اوګورو، ډیر تفاوت پکښے په دے ښکاری لکه بائیس بلین روپئ دوئ په بجټ سپیچ کښ وائی چه کوم حکومت یقیناً چه دا یوه ډیره خائسته فیصله کړے وه چه پچاس پرسنټ تنخواګانے د سرکاری ملازمینو زیاتے کړی دی نو په دے باندے جی زما په خیال په تاریخ کښ په اول ځل موجوده حکومت ته دا اعزاز حاصل دے چه د دومره مسائلو، مشکلاتو باوجود ئے د غه سرکاری ملازمینو تنخواګانے په دومره غټه پیمانه سیوا کړی دی خو دیکښے یو څیز دا چه په بجټ سپیچ کښ دوئ وئیلی دی چه بائیس بلین روپئ به دا په دے خزانه باندے بوجه پریوځی خو په بجټ کښے ئے دا نه دی ښودلی چه دا کوم ځائے کښے ورکیږی؟ نو دا سوچ پکار دے ځکه چه که فرض کړو چه دا نه دی ریکور شوے نو دا خو بیا د خسارے بجټ دے جی نو چه په دے باندے دوئ سوچ اوکړی چه یره کوم ځائے کښ دا غلطی ده؟ بل په دیکښے چه کوم د دوئ د تقریر دا فګرز دی او دا مونږ Calculate کړو او جمع کړو نو دا 294.942 بلین راځی نو دا چه کوم د دوئ دا د

بجټ سټیټمنټ فګرز او دا مونږه جمع منفی کړو نو دا چوهتر کروړ روپئ په دیکښې فرق راځی نو بیا پکښې چوهتر کروړ روپئ خساره راځی، نو په دے بیا نه پوهیږو چه یره دے ته اوس مونږه به د خسارے بجټ وایو که دغه به ورته وایو؟ نو په دے فګرز کښې لږ غلطی ما ته ښکاری چه یقیناً چه دا ټهیک شی نو دا ما ته د خسارے بجټ نه ښکاری خو چه د دوئ په علم او نوټس کښې ما وئیل چه لږ راولم۔ د دے نه علاوه جناب سپیکر، ما دا ګزارش کوؤ چه مالاکنډ ډویژن کښے دا کوم بحران تیر شو، کومه قربانی چه دغه غریب اولس ورکړه، نو زما دا خدشه ده چه دا اصل وجه څنګه چه ما مخکښې اووئیل چه دغلته کښې د تعلیم کمے وو، دغلته جهالت وو، ناپوهی وه او بے روزګاری وه نو پکار دا ده چه دیکښے د تعلیم او صحت طرف ته زیاته توجه ورکړے شوے وے۔ د دے نه علاوه دغلته ته پکار ده چه یو انډسټریل زون د بے نظیر شهید په نوم باندے جوړ شی چه بے روزګاری دغلته ختمه شی۔ چه دا کومه Militancy چه دلته اوس قابو پرے بیا موندے شوے ده چه هسے نه چه بیا دغلته د بے روزګارئ په وجه باندے دا خلق دغه ته لاړ شی۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریه جی۔

<u>جناب محمد زمین خان:</u> جناب سپیکر، یو منټ غواړمه۔

<u>جناب سپیکر:</u> بس، بس، شکریه جی۔

<u>جناب محمد زمین خان:</u> دا ایجوکیشن باره کښې جی، دا ایجوکیشن او هیلتھ ته چه کوم بجټ ورکړے شوے دے، Allocate شوے دے نو دا ګیاره پرسنټ بجټ دے-----

<u>جناب سپیکر:</u> په دے به نور سرفراز خان خبرے اوکړی کنه، سرافراز خان هم ډیر وختی راسے ناست دے۔

<u>جناب محمد زمین خان:</u> ډیره مهربانی، شکریه۔

<u>جناب سپیکر:</u> سرفراز خان جدون صاحب۔ سرفراز خان جدون صاحب، معافی غواړم تاسو پرون راسے غږ کوئ، هغه بله ورځ راسے خو مجبوری ده، شکریه۔

<u>جناب سرفراز خان:</u> بسم الله الرحمن الرحیم۔ سپیکر صاحب، ستاسو ډیره شکریه چه ما له مو ټائم راکړو۔ د ټولو نه مخکښے خو مونږ د وزیر خزانه جناب همایون خان،

د وزیر اعلیٰ صاحب، د فنانس ډیپارټمنټ او د ټولو ډیره لویه شکریه ادا کوؤ او مبارکباد ورکوؤ چه یو ډیر خائسته او ډیر متوازن بجټ ئے پیش کړے دے جی او مونږ به ورته متوازن په دے وجه اووایو چه په تیر شوی اسمبلئ کښے چه مونږ ته کوم کارونه شوی دی، هغے ته ګورو او دے ته ګورو نو ډیر لوئے فرق دے پکښے۔ د 2002 نه چه مونږه کله ممبران شوی وو په وړومبئ اسمبلئ کښ نو مونږ ته تین کروړ، پچیس لاکھ روپئ په پینځو کالو کښ ملاؤ شوے دی، اپوزیشن ممبرز ته په پینځو کالو کښ تین کروړ، پچیس لاکھ روپئ ملاؤ شوے دی او په 09-2008 کښے، په یو کال کښے چه زمونږه دا حکومت راغے او وړومبنے بجټ ئے پیش کړو نو ساړھے سوله کروړ روپئ مونږ ته په یو یو حلقه کښے ملاؤ شوے دی او مونږ پرے کارونه کړی دی۔ اوس په سګنی کال کښے چه کوم بجټ پیش شوے دے، هغه محرومه علاقے چه زهٔ به خپله حلقه واخلم چه پی ایف 36 صوابی 6 چه د 1947 نه راوخلئ تر ننه پورے چه په هغے کښے کوم کارونه شوی دی نو د دے یو کال سره برابر نه دی ځکه چه زمونږ یو روډ وو چه زمونږه د دے حلقے هغے سره Touch کیږی، یوه حلقه د پیر صابر شاه صاحب چه چیف منسټر پاتے شوے دے، بله حلقه د نمروز خان او د ریمه زما حلقه چه زمونږه یوه دیرینه مطالبه وه او انتیس کلو میټر روډ وو چه دے حکومت ورله انتیس کروړ روپئ ورکړلے او د پخولو د پاره ئے اعلان اوکړو حالانکه تیر شوی حکومتونو کښے د دے وزیر اعلیٰ ګانو د دے روډ افتتاح کړے ده، د دے پل ئے افتتاح کړے وه، د کالجونو افتتاح ګانے شوے دی خو کار نه دے شوے او دا یو داسے بجټ پیش شوے دے چه په یو کال کښ هغے د پاره ئے غونډے پیسے ایښے دی چه په سګنی کال کښ به هغه برابریږی په 2010 او په 2011 کښے یعنی په 2001 کښے زهٔ ناظم ووم چه مونږ ګورنر صاحب راوستے وو (تالیاں) او مونږ له ئے ټوپی بائی پاس منظور کړے وو او د هغے د پاره پانچ کروړ روپئ منظورے شوے وے، په 2001 کښے ئے هغے له دس لاکھ روپئ ورکړے، نو دا د کوم ځائے انصاف دے چه پانچ کروړو روپو له تاسو لس لاکھ روپئ ورکوئ، په لس لاکھ روپئ باندے به څه کیږی؟ هغه روډ اوږدو اوږدو، په 2008 چه کله دا حکومت راغے نو د هغے روډ د پاره ئے پیسے ورکړے نو Complete شو۔ نو دا

یو ډیر زبردست بجټ دے ، ښه بجټ دے او انصاف ئے کړے دے۔ مونږه د فنانس ډیپارټمنټ، د وزیر خزانه صاحب او د د ے حکومت ډیره لویه شکریه ادا کوؤ او خصوصاً د اپوزیشن ممبرانو هم۔ مونږ چه کله په اپوزیشن کښے پاتے شوی وو نو مونږ له ئے په یو واک آوټ باندے ، مونږه یولسو کسانو ته یوه پیسه هم نه وه ملاؤ شوے ، وئیل ئے چه تاسو واک آوټ کړے دے ، ستاسو په دے بجټ کښے حصه نه رسی، نو آیا مونږه ممبران نه وو؟ نن خو اپوزیشن ته هم یو کروړ روپئ په دے ملاؤیږی او د هرے حلقے سکیمونه شته او دغه چهترئ چه کومه جوړه ده، امبریله، مونږ خو گورے خدائے شته سپیکر صاحب، چه پینځه کاله د دے چهترئ نه بهر ولاړ وو، چه کله دا اقتدار راغے نو مونږه چهترئ ته هله رادننه شو، نو زهٔ د د ے حکومت ډیره لویه شکریه ادا کومه او خصوصاً د اپوزیشن د هر ممبر په دیکښے سکیم شته نو دوئ د هم دا بجټ د زړه د اخلاصه تسلیم کړی او دے ته د ښه بجټ اووائی۔ ډیره شکریه جی۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: شکریه، سرفراز خان، ډیره مهربانی۔ شازیه طهماس بی بی!

<u>آنسہ شازیہ طہماس خان:</u> بسم اللہ الرحمن الرحیم۔جناب سپیکر، بہت شکریہ کہ خیبرپختونخوا کے بجٹ کے حوالے سے آپ نے مجھے اس پر اظہار خیال کرنے کا موقع دیا۔ سر! میری تقریر نہ صرف جو بجٹ کے اچھے اور Positive features ہیں، اس حوالے سے ہوگی لیکن جہاں پر کچھ ترامیم کی ضرورت ہے، میں کوشش کروں گی کہ اس میں کچھ Suggestions آپ کے توسط سے میں پیش کر سکوں۔ یقیناً یہ ایک اچھا بجٹ ہے کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد نہ صرف صوبائی خود مختاری بلکہ این ایف سی کا جو متفقہ تاریخی ایوارڈ کا اعلان ہوا ہے، یہ ایک تاریخی اہمیت کا حامل ہے۔ اسی طرح بجلی کے خالص منافع کا جو مسئلہ جزوی طور پر ثالثی کونسل کے ذریعے حل ہوا ہے، یہ بھی ایک اہم بات ہے۔ بجٹ جو ہماری ڈاکومنٹ ہے، اس میں جو Strategies اس دفعہ Use ہوئی ہیں، بی ایس پی، Budget Strategy Paper یہ تو بھی ایک اچھی میں سمجھتی ہوں کہ ایک روایت ڈالی گئی ہے، ایک اچھی گائیڈ لائن کے طور پر اس کو تیار کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ جو Consultative workshop اس ضمن میں ہوئی ہے، تو یہاں پر تھوڑا افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس میں دانشور بھی بلائے گئے اور سول سوسائٹی کے ممبران بھی بلائے گئے لیکن ایم پی ایز میں سے کسی کو نہیں بلایا گیا۔ ہمیں تو بڑی امید تھی کہ فنانس ڈیپارٹمنٹ Stakeholders میں ہمیں

شامل کرے گا لیکن Unfortunately یہ ان کا دوسرا سال جارہا ہے کہ Stakeholders میں وہ ایم پی ایز کو شامل نہ کریں تو امید ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ Next Budget وہ پیش کریں گے تو ہمیں بھی اس ضمن میں شامل کریں گے اور کنکرنٹ لسٹ کے خاتمے کے بعد ایک ڈیپارٹمنٹ جس کے حوالے سے میں بتانا چاہوں گی کہ جس کی فنڈنگ اور Salaries، سارا کچھ وفاقی گورنمنٹ کرتی ہے، وہ ہے پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ، تو ابھی کنکرنٹ لسٹ کے خاتمے کے بعد ایک بڑا مسئلہ آیا ہے اس کے اونرشپ کا، میری یہ درخواست ہوگی حکومت سے کہ پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی اونرشپ کا مسئلہ جلد از جلد حل کیا جائے کیونکہ اس حوالے سے ملازمین میں جو بے چینی پائی جاتی ہے، وہ ان کے کام پر اثرانداز ہو رہی ہے اور وقت آگیا ہے کہ یہ جلد از جلد یہ ڈیپارٹمنٹ Provincialize ہو۔ بجٹ ڈاکومنٹ میں جی صوبائی سیفٹی کمیشن، صوبائی پولیس کمپلنٹ اینڈ سیفٹی کمیشن جیسے اہم ادارہ کو بھی خاطر خواہ اہمیت نہیں دی گئی ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ اگر ہو سکے تو کچھ Special incentive کے ذریعے یہ جو سیفٹی کمیشن کا ادارہ ہے جو کہ لاء اینڈ آرڈر سچویشن کو Deal کرنے کے معاملے میں انتہائی اہمیت رکھتا ہے، اس کو بھی خاطر خواہ اہمیت دی جائے۔ پھر اسی طرح سے وزراء کا جو اپنی تنخواہوں میں بیس فیصد کمی کا فیصلہ ہے، قابل تحسین ہے اور میں یہ سمجھتی ہوں کہ اچھی روایت ڈالی گئی ہے۔ یہ ایک Deprivation تھی کہ ایم پی ایز تو پھر بھی کسی طریقے سے اپنی پرانی تنخواہ پر گزارا کرتے ہیں، وزراء مراعات حاصل کرتے ہیں تو یہ سمجھتی ہوں کہ یہ قابل تحسین بات ہے کہ رضاکارانہ طور پر تمام وزراء نے یہ فیصلہ کیا ہے۔ 'باچا خان خپل روزگار سکیم' بھی ایک بہترین کوشش ہے، اچھی کوشش ہے، میں چاہونگی کہ اس کے طریقہ کار پر بات چیت، ڈیبیٹ ہوگی تو بہتر یہی ہے کہ پہلے سے اس کا طریقہ کار بھی واضح کیا جائے کہ کس طریقے سے یہ سکیم Implement ہوگی اور اس میں خواتین کا تیس فیصد حصہ ہے تو میں یہ گزارش کروں گی کہ تیس فیصد کے چکروں سے ابھی ہمیں نکل آنا چاہیئے، فنڈز میں بھی تیس فیصد، سکیموں میں بھی تیس فیصد، گزارش یہ ہوگی کہ اگر ایک اچھی روایت کی اگر آپ ابتدا ڈالیں اور تیس سے چالیس فیصد کردیں تو یہ آپ کی نظر کرم ہوگی۔ اسی طرح سے گریپ (GRAP) کمیشن جو بن رہا ہے، اچھا اقدام ہے جی لیکن اس میں مشاورتی ورکشاپ میں ہمارا مطالبہ تھا کہ اس میں خواتین ایم پی ایز کو بھی شامل کیا جائے تو ابھی تک ہمارے علم میں کچھ یہ بات نہیں آئی ہے کہ گریپ کمیشن میں خواتین ایم پی ایز کو لیا گیا ہے یا نہیں؟ 'باچا خان تخفیف غربت پروگرام' بہترین پروگرام ہے، اس حوالے سے جو چار اضلاع کا سلیکشن ہوا ہے، اگر چار سے چھ کر

دیا گیا تو زیادہ Effectively اس کے اثرات ہمارے سامنے آسکتے ہیں۔ خواتین ممبران اسمبلی کے فنڈز کے حوالے سے جی ایک گزارش ہے سپیکر صاحب، کہ کافی خواتین ممبران اسمبلی نے ابھی تک اپنا فنڈ استعمال نہیں کیااور وہ جو مشروط لیٹر ہے،اس کی وجہ سے تو میں سپیکر صاحب،آپ سے،چیف منسٹر صاحب اور جو ہمارے سینیئر منسٹرز ہیں،ان سے چاہوں گی کہ یہ ہماری مدد کریں۔ گزشتہ تین چار دنوں سے میں اگر اپنی پارٹی کے حوالے سے بات کروں تو عبدالاکبر خان صاحب سے ہم بار بار یہ بات کررہے ہیں کہ ہمیں ٹائم دیں اور تین دن سے وہ ہمیں ٹائم دے کے بھاگ جاتے ہیں،تو یہ کچھ اشعاراان کی نذر اگر آپ کر دیں:

بن جائے اگر تم سے تمہیں کیسا لگے گا
ہر پل میں رہوں تم سے خفا کیسے لگے گا
پڑھتے ہو مجھے تم جو نمازوں کی طرح سے
ہو جاؤں اگر تم سے قضاء کیسے لگے گا
خود سے بھی زیادہ ہو یقین تم کو کسی پر
وہ شخص بھی دے جائے دغا، کیسے لگے گا

جناب سپیکر: شکریہ۔

آنسہ شازیہ طہماس خان: عبدالاکبر خان صاحب کو کہیں کہ یہ دغا بازیاں بند کریں اور ہمارے فنڈز کے مسئلے پر آج ہی ہم سے بات کریں، شکریہ۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: مولوی عبیداللہ خان صاحب۔عبیداللہ خان صاحب۔ مولوی عبیداللہ خان صاحب۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: وقت بہت Limited ہے،آپ کو نمبر ملے گا جی، بس اتنی چٹ بھیجنا کافی تھا۔ جی عبیداللہ خان صاحب۔

مولوی عبیداللہ: الحمدلله الذی هدانا الصراط المستقیم والصلواة علی من اشرف الانبیا و المرسلین۔ محترم سپیکر صاحب، بڑا ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے موقع فراہم کیا کہ میں بجٹ کے متعلق کچھ بول سکوں۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ بجٹ کو متوازن نہ کہنا درست نہیں ہوگا چونکہ ہمارے وزیر صاحب نے آمدن اور اخراجات میں ایک پائی ایک فیصد کا بھی فرق رکھا نہیں ہے، اسلئے اگر ہمارے ہمایون خان کی جگہ افلاطون صاحب بھی آتے تو یہی بجٹ پیش کر لیتے اسی معروضی اور اسی سیاق و

سباق کی حالت میں۔ اس میں سب سے نئی بات، سب سے انوکھی بات، سب سے اچھی بات جہاں تک میں محسوس کر رہا ہوں، وہ یہ ہے کہ گورنمنٹ کو چلانے والے لوگ یعنی گورنمنٹ ملازمین کی تنخواہوں میں مناسب قسم کا اضافہ کیا گیا ہے، میں نے مناسب کا لفظ اسلئے استعمال کیا ہے کہ یہ حقیقت پر مبنی نہیں ہے، پچاس فیصد کچھ بھی نہیں ہے، سو فیصد اضافہ کرنا چاہیئے تھا اور سو فیصد اضافہ کرنے کے بعد، Simplyاس بات کو اسی طرح نہیں رکھنا چاہئے تھا بلکہ سو فیصد اضافہ کرنے کے بعد، سو فیصد اضافہ ان لوگوں کیلئے کرنا ہے جو کہ اس ملک کو چلا رہے ہیں اور اس ملک کو چلانے کیلئے جو لوگ ہیں، ان کی حوصلہ افزائی کماحقہ ہونی چاہیئے لیکن ساتھ سزا اور جزا کا ایک معیار بھی قائم ہونا چاہیئے۔ اگر اتنی بڑی مراعات دے کے ان کو، وہ لوگ پھر بھی، یہ کرپشن تو بہت ایک عام لفظ بھی بنا ہے، کوئی چوری کرنے کا ارادہ کریں تو پھر ان کو سزا ایسی ملنی چاہیئے کہ ان کو زمین گاڑ کر ہلاک کرنا چاہیئے تو پھر کس طرح یہ ملک اچھا نہیں ہوگا اور کس طرح بجٹ پر عملدرآمد نہیں ہوگا اور کس طرح غربت ختم نہیں ہوگی؟ اگر اسی بنیاد پر کہ یہ جتنا بھی ہمارا ملک چل رہا ہے، یہی ملازمین پر چل رہا ہے، ان کی حوصلہ افزائی اچھی طرح کی جائے، اگر دو سو فیصد بھی اضافہ ان کی تنخواہوں میں کیا جائے تو اسکا مطلب یہ ہے کہ یہ کرپشن نہیں کریں گے۔ ان کے جو لوازمات ہیں، ان کی جو ضروریات ہیں، وہ پوری کی جائیں، وہ چوری کیوں کریں گے؟ جب چوری نہیں کریں گے تو بجٹ میں اگر یہ دو سو فیصد ہم ان کی تنخواہوں میں اضافہ کر لیں گے تو بجٹ پر دو فیصد، تین فیصد سے بھی اثر نہیں پڑے گا اور بجٹ پر عملدرآمد اچھی طرح ہوگا۔ اس میں دوسری بات یہ ہے جناب، میں شکایت کے طور پر اپنے وزیر خزانہ صاحب سے یہ عرض کروں کہ ایک مسلمان ملک کا وزیر، ایک صوبہ کا وزیر اعلیٰ ہوتے ہوئے اس نے ہر ایک مد میں خطیر رقم کی تجاویز دی ہیں لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ کسی اسلامی ادارے کیلئے اس بجٹ میں ایک پیسہ بھی مختص نہیں کیا گیا ہے جبکہ یہ ملک اسلامی نکتہ نظر سے بنا ہوا ہے، نہ کسی مسجد کیلئے ایک پیسہ ہے، نہ کسی مدرسے کیلئے ہے، نہ کسی دینی ادارے کیلئے ایک روپیہ بھی اس بجٹ کتاب میں مجھے نظر آرہا ہے، اگر اور کوئی ممبر صاحب سمجھیں تو دیکھیں، یہ افسوس کی بات ہے، اگر ہم میں یہ جذبہ نہ ہو، اس ملک کا وجود میں آنا اور یہ پورا ملک ہم جن چلا رہے ہیں، محض اسلامی اقدار کو اجاگر کرنے کیلئے اور اپنے آپ کو مسلمان بنا کے اس ملک کو چلانے کیلئے ہم نے اسے معرض وجود میں لایا ہے تو اسی ملک میں کسی مسجد کیلئے کم از کم صوبے میں، صوبے کے معیار کے مطابق ایک مسجد ہو جائے، تو کم از کم ہر ضلع میں صدر مقام پر ایک مسجد ہو جائے تاکہ یہ پتہ چلے کہ یہ ملک ایک اسلامی ملک ہے اور مسلمان

لوگوں کے رہنے والا ایک ملک ہے، یہ افسوس کی بات ہے اور میں بڑے افسوس سے یہ بات کہہ رہا ہوں اور یہ عرض کر رہا ہوں کہ اس بجٹ میں ترمیم کر کے صوبے کی لیول پر پشاور میں ایک عظیم الشان مسجد بنائیں اور ہر ضلع میں صدر مقام پر ایک مسجد بنانے کیلئے، یہ اتنی بڑی بات نہیں ہے، معمولی سی ہے، اسی بجٹ میں یہ دیا جا سکتا ہے۔ یہ میری تجویز ہے اور خدا کرے کہ آپ کے دل کو یہ بات لگ جائے اور دوسری بات یہ ہے، یہ آپ نے جو فرمایا ہے کہ 1778 ملازمین کی ہم نے گنجائش رکھی ہے، ان کو مزید تنخواہیں دینا، ان کو بھرتی کرنا، ان کی اپوائنٹمنٹ کرنا، انکی تقرری کی ہم نے یہ گنجائش رکھی ہے تو میں پوچھتا ہوں کہ آیا یہ گنجائش رکھنا فقط کسی آدمی کو روزگار فراہم کرنا ہے یا کہ مملکت کے اداروں کو چلانے کیلئے کوئی ضرورت پیش آتی ہے؟ اگر یہ مملکیت کو چلانے کیلئے ضرورت پیش آئی ہے تو پھر اچھی بات ہے، ورنہ کسی ایسے آدمی کو، آج کل تو میرٹ تو ہے نہیں، ذاتی پسند و ناپسند ہے، کسی وزیر صاحب یا کسی معزز ممبر صاحب کا آدمی بغیر انٹرویو کے، بغیر امتحان کے، بغیر میرٹ کے، بغیر اہلیت کے بھرتی ہو سکتا ہے تو اس سے بڑا ظلم کوئی اور نہیں ہو گا (تالیاں) 1778 اور آئندہ سال کیلئے آپ نے کہا ہے کہ پچیس ہزار مزید بھرتیاں بھی کریں گے تو اس غریب ملک میں ان اداروں کو چلانے کیلئے، اس مملکت کو چلانے تو آپ کے پاس پیسے نہیں ہیں لیکن اپنے کسی دوست، احباب، رشتہ دار کو بغیر میرٹ کے، بغیر اہلیت کے بھرتی کرنے کیلئے اتنی بڑی مقدار میں بھرتیاں کر لیتے ہیں یہ میرے خیال میں ملک کیلئے اچھائی نہیں ہے، یہ ملک کے ساتھ وفاداری نہیں ہو گی۔ اس کی مثال ہمارے سامنے ظاہر ہے، آپ پی آئی اے کو دیکھیں، آپ ریلوے کو دیکھیں، پی آئی اے اسی لئے خسارے میں ہے کہ اس میں پسند اور ناپسند کی بنیاد پر لوگوں کی تقرریاں کی گئی ہیں۔ خسارہ، ٹرانسپورٹ، ریلوئے سب سے بڑا ٹرانسپورٹ ادارہ ہے، وہ خسارے میں ہے اور اسلئے ہے کہ وہاں اتنے ملازمین بھرتی ہیں کہ وہاں کسی کی پسند و ناپسند کے لوگ ہیں، اگر ضرورت کے مطابق ہوتے تو میری ایک پرائیویٹ کمپنی ہے، میں تو فائدہ لے رہا ہوں۔ یہ پی آئی اے طرز کے اور جو ادارے ہیں، وہ تو فائدے میں ہیں لیکن پی آئی اے اور ہمارا ریلوے اسلئے خسارے میں ہیں کہ وہاں پر پسند و ناپسند کے لوگ بھرتی ہوئے ہیں، اگر اب اس بجٹ میں بھی یہی لوگ بھرتی کرنے کیلئے پسند و ناپسند کی بات ہے، تو میں بڑا افسوس ہی کر سکتا ہوں اور میں کیا کر سکتا ہوں؟ (تالیاں) ہم بڑی خوشی سے کہتے ہیں کہ ہم نے بجٹ پیش کیا اور بجٹ پاس کر رہے ہیں، ہمارے پاس اتنے اثاثے ہیں اور اتنی ہماری اخراجات ہیں اور اتنی آمدن لیکن یہ جہاں تک میں سمجھتا ہوں، ذرا آپ لوگ، ہر ایک بھی سوچے، اپنے گریبان میں جھانکے کہ اگر ہمارے ملک پر اتنا بڑا

قرضہ ہے، اگر وہ قرضہ ہم مکائیں گے، وہ قرضہ ہم دے دیں گے تو کیا ہمارے پاس بجٹ میں ایک پیسہ بھی بچے گا، یعنی پورا بجٹ، ہمارا قومی بجٹ، پورا بجٹ، جتنے ہم پر دنیا کے قرضے ہیں، ان کو دے دیں گے تو ہمارے پاس ایک پیسہ بھی نہیں رہے گا تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہم تو سیلز مین بن گئے، ان کے سیلز مین ہیں، ان کی چیزوں کو ہم بیچتے ہیں، ان کیلئے ہم، خوشی کی بات تو بھئی یہ ہو گی اور چاہیئے تو یہ ہے کہ ایک پیسہ ہم پر قرضہ نہ ہو، کیوں قرضہ نہ ہو؟ ہمارے پاس اتنے اثاثے ہیں، ہمارے ملک میں اتنے قیمتی اثاثے ہیں، اگر ان کو دیانتداری سے، ایمانداری سے بروئے کار لایا جائے تو ایک پیسہ ہمیں باہر سے لانے کیلئے کوئی ضرورت نہیں ہو گی۔ یہ دیکھیں جناب، یہ ہمارا فقہی مسئلہ ہے کہ ایک آدمی کے پاس اگر ایک ارب روپے بھی اس کی ڈیپازٹ ہو لیکن اس پر ایک ارب، ایک کروڑ روپیہ قرضہ ہو، تو اس پر ایک روپیہ بھی زکوۃ واجب نہیں ہے چونکہ وہ روپیہ اس کا ہے نہیں، وہ کسی اور کا ہے تو یہ مثال ہمارے ملک کی ہے، ہم جب بجٹ پیش کر رہے ہیں، ہمارے پاس کیا ہے؟ اگر یہ ہم قرضے میں دے دیں گے تو ہمارے پاس کیا رہ جائے گا؟ گو کہ ہمارے پاس مزید اخراجات اور مزید قرضے کا بوجھ رہتا ہے، کیا ہمارے لئے خوشی کی بات ہے کہ ہم بجٹ پیش کریں گے، جھوٹ بولیں گے کہ اتنے پیسے ہمارے پاس ہیں، ہم تمہیں دے دیں گے، ہمیں دے دیں گے، یہ جھوٹ بولنے والی بات ہو گی۔ یہ تو کوئی سمجھدار آدمی، ذمہ دار آدمی کا کام نہیں ہو سکتا ہے کہ اگر اپنے گھر میں مجھ پر ایک کروڑ روپے کے اخراجات ہوں، میں پچاس لاکھ روپے بھی اپنے گھر کیلئے بال بچوں سے کہوں کہ لے لو، لے لو، یہ کیا ہے؟ میں ایک بے مراد، ایک جھوٹا آدمی بن گیا ہوں ناجی۔ اسی طرح دیکھو، سوچو، سمجھو، ملک میں کیا ہو رہا ہے؟ ہر مہینے میں Billions of dollars ہم مقروض ہوتے رہے ہیں اور ہمیں یہاں یہ کہتے ہیں کہ ہم نے اتنا متوازن بجٹ پیش کیا ہے کہ دنیا کو، ہم نے یہ سب سے پہلا بجٹ پیش کیا ہے، یہ سب سے پہلا بجٹ پیش کیا ہے، سب سے پہلا، ہمایون خان، اس بجٹ پر ہمیں خوشی نہیں ہونی چاہیئے، اس پر ہمیں رونا چاہیئے۔ یہ میرا مسئلہ ہے، اب یہ کیوں ہو رہا ہے اس طرح؟ جہاں تک میں سمجھتا ہوں یہ خسارے میں کیوں جا رہے ہیں اور یہ مصائب میں کیوں آ رہے ہیں؟ یہ امن وامان کیوں ہم پر خراب ہو رہا ہے؟ یہ محض اسلئے ہے کہ ہمارا ملک جس نظام کیلئے بنا تھا، وہ نظام اس ملک میں نہیں ہے، جو کہ سودی نظام ہے، خدا نے اس نظام کو حرام کہا ہے، خدا نے اس نظام کو خدا اور رسول کے ساتھ جنگ قرار دیا ہے، وہ نظام ہماری بنیاد ہے، اس نظام کو ہم چلا رہے ہیں، اس نظام سے ہم کھا رہے ہیں، محض یہی بات ہے کہ ہم پر نیو ورلڈ آرڈر آتا ہے، ہم پر صیہونی کار حکومت کر رہے ہیں، انتہائی برے قسم کے لوگ، ظالم لوگ

ہم پر ظلم کر رہے ہیں۔ یہ محض اسلئے کر رہے ہیں کہ ہم خدا کے ساتھ لڑ رہے ہیں، ہم خدا کی بات نہیں مان رہے ہیں، ہم رسول اللہ ﷺ کا وہ نظام، میں کل آیا ہوں سعودی عرب سے، آپ یقین کریں وہاں اتنی خوشحالی ہے، وہ شاید اسلئے وہاں ہے کہ وہاں سود نہیں ہے، وہاں صحیح نظام ہے، صحیح نظام چل رہا ہے، خدا نے ان کو سب کچھ دیا ہوا ہے۔ ان کے پٹرول سے ہمارا پانی اچھا ہے، ان کے پٹرول سے جو بجلی بنتی ہے، وہ سات روپیہ اور نو روپے کا یونٹ ہے اور ہمارے پانی سے جو بجلی بنتی ہے، وہ ایک روپے کا یونٹ ہے، ان کے پٹرول سے ہمارا پانی بہت اچھا ہے۔ ان کا پٹرول کنوئیں سے نکلتا ہے، ہمارا پانی دریاؤں میں آتا ہے لیکن ہم محتاج ہیں اور وہ خوشحال ہیں۔ وہ اسلئے خوشحال ہیں کہ انہوں نے اچھا نظام بنایا ہے، وہ نظام پر کماحقہ عمل درآمد کر رہے ہیں۔ ہم جھوٹے ہیں، ہم جھوٹ بول رہے ہیں۔ ہمارا نظام شیطانی نظام ہے، ہمارا نظام مغربی نظام ہے، ہمارا نظام یہودیوں کا نظام ہے، اسلئے ہم خسارے میں ہیں۔ (تالیاں) جب تک اس برے نظام کو، جب تک اس خسارے کے نظام کو، جب تک اس نظام کو جو خدا اور رسول کے ساتھ لڑائی کا نظام ہے، ہم بدنہیں کہیں گے، ہم ہمیشہ رسوائی کی طرف جائیں گے، کبھی ہمیں خوشی میسر نہیں ہو گی۔ یہ کچھ باتیں ہیں، ہمایوں صاحب، آپ غور کریں، مساجد بنائیں اور کچھ بھی نہ کریں۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: حافظ اختر علی صاحب۔ حافظ اختر علی (موجود نہیں)۔ محمد علی خان (موجود نہیں)۔ عطیف الرحمن صاحب (موجود نہیں)۔ مہر سلطانہ (موجود نہیں)۔ جاوید اقبال ترکئی صاحب، (موجود نہیں)۔ اورنگزیب خان، (موجود نہیں)۔ فائزۂ بی بی رشید صاحبہ، (موجود نہیں)۔ انور سیف اللہ خان، (موجود نہیں)۔ فضل اللہ صاحب، (موجود نہیں)۔ یاسمین پیر محمد صاحب، (موجود نہیں)۔ چلیں ابھی نماز پڑھتے ہیں، پھر چائے اکھٹے پرانے ہال میں پیتے ہیں۔ تھینک یو۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: محترم سپیکر صاحب! کتنا ٹائم وقفہ ہو گا؟ پھر ٹائم بہت زیادہ گزر جاتا ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: بیس منٹ، بیس منٹ کیلئے جی۔ آ جائیں جی۔

(اس مرحلے پر چائے کیلئے ایوان کی کارروائی بیس منٹ تک کیلئے ملتوی کی گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پت متمکن ہوئے)

<u>جناب سپیکر</u>: **بسم اللہ الرحمن الرحیم۔** انور خان صاحب۔ مختصر بنه۔ بس اوس د وه د وه منتهه به اخلئ، پینځه منتهه خبره ختمه شوه، بس صرف خپل تعارف کوئ۔

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: بسم اللہ الر حمن الرحیم۔ ډیره مهربانی، جناب سپیکر صاحب۔ د ټولو نه اول خو زۀ جی تاسو د خیبر پختونخوا د اولنی سپیکر په حیثیت چه کوم حلف اوچت کړے دے، په هغے باندے تاسو ته مبارکبادی پیش کومه جی او د هغے نه پس د خیبر پختونخوا اولنے بجټ پیش کیږی جی، په دے باندے زۀ ټول ایوان ته او د اللہ پاک لاکھ لاکھ شکر دے جی زمونږه د ټولو اهمه مسئله د دے صوبے چه کومه وه، هغه د امن و امان مسئله وه جی او تیر کال مونږ ته یاد دی چه کله زمونږه بجټ اجلاس وو نو داسے حالات وو چه څوک د اسمبلئی اجلاس ته نه شو راتلے نو زۀ صوبائی حکومت ته، خاصکر خپل ږ دلعزیز چیف منسټر صاحب ته خراج تحسین پیش کوم چه هغوی د دے صوبے په امن کښے چه کوم کردار ادا کړے دے، شکر الحمد للّٰہ نن په دے صوبه کښے امن دے، نن بجټ پیش کیږی او چه کله په دے صوبه کښے امن راشی نو هله به زمونږ د ترقیاتی کارونو خوند پیدا شی۔ چه امن نه وی نو که ډیر ښه بجټ هم راشی جی، که په بجټ کښے ډیر ترقیاتی کارونه هم راشی خو چه امن نه وی، نو صوبائی حکومت چه په دے امن کښے چه کوم کردار ادا کړے دے، د دے کریډټ ټول صوبائی حکومت ته ځی، زۀ ټولو صوبائی ممبرانو ته مبارکبادی ورکومه جی۔ د دے نه علاوه زۀ فنانس ډیپارټمنټ ته او خاصکر فنانس منسټر صاحب ته د دومره بهترین بجټ چه دوئ کوم په دے حالاتو کښې پیش کړے دے، چه زمونږه څومره مالی مسئلے دی جی او په هغے کښے دومره بهترین بجټ دوئ پیش کړے دے نو فنانس منسټر صاحب ته، پی اینډ ډی منسټرئ ته، رحیم داد خان ته، ټولو مشرانو ته مبارکبادی پیش کومه جی۔ د خیبر پختونخوا دا بجټ چه کوم پیش شوے دے، دا هر لحاظ سره او په هر پهلو سره یو متوازن بجټ دے، بهترین بجټ پیش کړے شوے دے، خاصکر باچا خان خپل روزګار سکیم، زمونږ د صوبے د ټولو نه غټه مسئله چه کومه ده جی، هغه دلته کښې نوجوان کول چه کوم دے، بے روزګاره دے او نن که زمونږ د امن و امان مسئله ده، د هغے د ټولو نه غټه وجه دا ده چه په دے ملک کښے بے روزګاری ده او چه کله بے روزګاری وی نو نوجوان نسل ته چه روزګار نه ملاویږی نو د هغے به بیا دے قسمه سیکټرو ته خا مخا ځی، نو باچا خان خپل روزګار سکیم چه دے یا بے نظیر انکم سپورټ

پروگرام دے ، په هغے کښې چه کومے پیسے راغلی دی، د هغے نه علاوه سرکاری ملازمینو تنخواه ډبل کړے شوے ده او ډیر غټ بجټ پیش کړے شوے دے ، 79.3 بلین روپئ چه تقریبا د تیر کال د بجټ نه 77% زیات دے جی، نو دا په هر لحاظ سره یو تاریخی بجټ دے او د خیبر پختونخوا اولنے بجټ دے۔ په دیکښے جی مونږ ته د این ایف سی ایوارډ کښے یا د بجلئی په مد کښے چه کومے پیسے ملاؤ شوے دی، هغه پیسے راغلی دی او دلته چه کومه خبره به مونږ کوله چه یره صوبو ته د حقوق ملاؤ شی، صوبو ته د اختیارات ملاؤ شی نو شکر الحمد لله اتهارویں ترمیم تحت، د اتهارویں د لاندے چه مرکزی حکومت یا په دے ملک کښے ټولے پارټئ راغونډے شوے دی که هغه د خیبر پختونخوا نوم دے که هغه زمونږه هغه سترهویں ترمیم ختمول دی، هغه Presidential اختیارات ختمول دی، نو په دیکښے زهٔ د ملک ټولو سیاسی پارټو ته او په دے ترمیم کښے ټول شامل دی، که خیبر پختونخوا نوم دے ، دے له ټولو خلقو ووټ ورکړے دے ، هیچ چا ئے هلته مخالفت نه دے کړے ، نو زهٔ په دے باندے مرکزی او صوبائی حکومت ته او ټولو سیاسی پارټو ته خراج تحسین پیش کومه جی۔

جناب سپیکر: دومره شکریه، بس دے جی-----

جناب انور خان ایڈوکیٹ: جی یو----

جناب سپیکر: باچا صالح صاحب۔ بادشاه صالح صاحب۔

جناب انور خان ایڈوکیٹ: بس یو څو منټه راکړئ جی۔

جناب سپیکر: بس اوس ختم دی منټونه۔ بادشاه صالح خان۔

جناب بادشاه صالح: اعوذ بالله من الشیطن الرجیم ، بسم الله الرحمن الرحیم۔ ډیره مهربانی او شکریه سپیکر صاحب، چه تاسو مونږ له په بجټ د خبرو کولو موقع راکړه۔ د ټولو نه مخکښے خو زهٔ د همایون خان او د هغه ټیم، پلاننګ ډویژن، زمونږه بیوروکریسی افسران صاحبان چه کوم دوه درے میاشتو نه مسلسل لګیا وو او دا بجټ ئے تیاروؤ، نو دا د هغوی د محنت ثمر وو چه یو غیر متوازن بجټ او یو داسے بجټ چه په هغے کښے یو نوے ټیکس هم نه دے لګیدلے-----

جناب انور خان ایڈوکیٹ: متوازن۔

جناب بادشاہ صالح: نو مونږ د دے شکریه ادا کوؤ او د دے بجټ د ټولو نه غټه خبره دا ده چه ایجوکیشن کښے دوئ 33.1 ارب روپئ، چه د دے قوم ترقی چه ده، هغه ایجوکیشن دے، تعلیم دے، که تعلیم مو دے قوم له ورنکړو نو مونږه به بیا په پسماندګئ کښے پاتے کیږو، نو د دوئ غټه کارکردګی دا ده۔ بیا د دے آفت زده او دے غریبے صوبے د پاره د نوجوانانو په مختلفو محکمو کښے 9283 پوسټونه پیدا کول، بیا په تنخواګانو کښ پچاس فیصد او په پنشن کښ بیس فیصد اضافه کول او د ټولو نه غټه خبره دا ده چه د امن و امان د پاره 15 ارب روپئ مختص کول، بیا د صحت د پاره 6.6 ارب روپئ مختص کول او خاصکر دا چه زمونږه په دے ښارونو باندے چه دا کوم بوجهه چه راروان دے، چه مختلفے کالونیانے جوړول په نورو ښارونو کښے او خاصکر د موټروے په خوا کښ یو ښار جوړول، دا د دے بجټ او د دے حکومت د ټولو نه غټه کارنامه په دے وخت کښے ده او جناب سپیکر صاحب، د ټولو نه غټه دا ده چه دا چالیس فیصد اضافی بجټ پیش کړے شوے دے په دے وخت کښے نو دا انشاء الله مونږ به د ترقئ په لار روانیږو، زمونږ د صوبے حالات خو ټولو ته معلوم دی چه کومو حالاتو سره مونږ مخامخ یو، کوم حالاتو سره مونږ تیر شو او په هغے کښے یو داسے بجټ پیش کول نو دا زمونږ د اوسنی حکومت ډیره غټه کارنامه ده، زمونږ د مشرانو او خاصکر بے نظیر هیلته سپورټ پروګرام چه په دے کلی والو علاقو کښ هیپاټائټس سی ډیر په تیزئ سره روان دے چه د دے روک تهام اوشی، دا یوه ډیره غټه کارنامه مونږ د خپل حکومت ګنړو۔ خاصکر روډونه زمونږ ډیر په تیزئ سره خرابیدو طرف ته رروان دی، نو هغے د پاره دوه ارب روپئ چه د تیر شوی کال نه 80% سیوا دی، دا جی یوه ډیره ښه او غټه کارنامه ده خو د دے سره مونږه یو څو تجاویز هم خپلو مشرانو له ورکوؤ جی چه هغه دا دی جی چه زمونږه آبادی ډیره په تیزئ سره روانه ده او سیوا کیږی خو اوسه پورے د دے د پاره هیڅ څه داسے عملی اقدام او نه شو چه دے د پاره توجه ورکړے شی۔ هائیډل پاور کښے چه کومے پیسے دی، دا چه نورے ډیرے کړے شی ولے چه مونږ که په خپلو پښو اودریږو او مونږ ترقی غواړو او چا نه سوال کول نه غواړو چه دغه د پاره دا پیسے لږے دی چه نورے هم سیوا کړے شی جی۔

ملاکنډ ټنل چه کومه یو اهمه مسئله ده زمونږه د دے ملاکنډ ډویژن د خلقو چه د دغے د پاره پیسے چه د هر طرفه وی چه ډیرے اوغوښتے شی۔ بل دا ده جی چه کومے زمونږه یخے علاقے چه دی، یخے علاقے چه دی، دلته ټراؤټ فش ډیر په هائی تعداد سره، په ډیر دومره تعداد سره پیدا کیدے شی چه هغه ټول ملک ته او بهر ملکونو ته هم سپلائی کیدے شی جی، نو چه دغه د پاره هم څه توجه ورکړے شی چه مونږه، پخپله خلق د خپل رزق خاوندان شی او چه د دے سوال او د دے او د دے دغه نه بچ شو نو ډیر په آسانه کیدے شی دا کار۔ بل دا ده چه۔۔۔

جناب سپیکر: همایون خان، دا پکښے نوے تجویز راغے، دا پکښے خا مخا شامل کړه، دا ښه خبره ده۔ بادشاه صالح صاحب، بله ورځ به بیا پرے اووایئ۔ نور سحر بی بی، پلیز۔ نور سحر بی بی۔

محترمہ نور سحر: سپیکر صاحب، شکریہ کہ آپ نے مجھے ٹائم دے دیا، ورنہ میں تو سمجھ رہی تھی کہ مجھے فلور کی نظر لگ گئی ہے، اس دفعہ مجھے ٹائم نہیں ملے گا۔ سب سے پہلے سپیکر صاحب، میں آپ کی شکر گزار ہوں اور اس کے بعد یہ ہے کہ آپ کو مبارکباد دیتی ہوں دوسری دفعہ اوتھ لینے پر، سمیع اللہ صاحب کو مبارکباد دیتی ہوں جو ہمارے اس فلور پر دوبارہ ان کی سیٹ جو خالی پڑی تھی، علیزئی صاحب کی، وہ Fill ہو گئی ہے، وہ بھی اس طرح Fill ہو گئی کہ ان کے فرزند اور ان کے بھتیجے سے Fill ہو گئی، تو اس پر میں بہت خوشی کا اظہار کرتی ہوں۔ سب سے پہلے اپنے ہزارہ کے بھائیوں کیلئے ایک شعر

اس وقت پر آنکھیں شب دیجور کی سوجھی اندھے کو اندھیرے میں بڑی دور کی سوجھی

(نعرہ ہائے تحسین /تالیاں)

اس کے بعد سر، میں آتی ہوں کہ اپنے خیبر پختونخوا کے اولین بجٹ پر مبارکباد پیش کرتی ہوں لیکن یہاں پر یاد دہانی کرانا بھی مناسب سمجھتی ہوں کہ اس صوبے کو خیبر پختونخوا کا نام دستیاب اور منظوری میں اس طویل جمہوری عمل کا حصہ ہے جس میں پاکستانی قوم اور بالعموم عوامی نیشنل پارٹی، پاکستان پیپلز پارٹی کی ترقی پسند قوتوں کی مسلسل جدوجہد ہے، یہ ہمیں ہاتھ کی ہتھیلی پر نہیں ملا، اس کیلئے بڑی جدوجہد اور مشقتیں ہم نے جھیلی ہیں، اب یہاں پر میں بھٹو خاندان کا بھی ذکر کرونگی۔ بھٹو خاندان ہی سے وابستہ باہمت جیالے، نڈر اور حق گو سپوت کا ذکر سب سے اہم جاننا چاہتی ہوں جو ہمارے صدر پاکستان، جناب آصف علی زرداری صاحب کا نام ہے جس نے سب سے پہلے عالمی سطح پر بحیثیت صدر پاکستان یو این او میں پختونخوا کا

نام بہانگ دہل اعلان کر کے اپنے ہم خیال ساتھی اسفندیار ولی کا قدم قدم پر ساتھ دیا اور اپنی دوستی نبھانے کا وعدہ کر دیا۔اس حقیقت سے بھی انکار ممکن نہیں ہے کہ جمہوریت کی گاڑی کو چلانے اور موجودہ منزل تک پہنچانے میں سب سے زیادہ بھٹو خاندان نے فعال رول ادا کیا، خصوصاً قائد جمہوریت بی بی شہید اپنے قابل فخر باپ شہید ذوالفقار علی بھٹو کے نقش قدم پر چل کر اس سرزمین کو جمہوریت سے ہمکنار کرنے کیلئے۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر</u>: مجھے پتہ ہے، بس خیر ہے لیڈی ہیں، کیا کریں؟ بس ختم کریں جی۔

<u>محترمہ نور سحر</u>: سر! میں بجٹ پر ایک دو باتیں کرونگی۔

<u>جناب سپیکر</u>: آگے تعریفیں ختم کرو، خالی بجٹ پر دو باتیں کرو۔

<u>محترمہ نور سحر</u>: اچھا۔ سر! جب ہمارا ٹائم آتا ہے تو بالکل ٹائم شارٹ ہو گیا۔ یہاں پر میں وزیر خزانہ محمد ہمایون خان کا بھی ذکر ضروری سمجھونگی جنکی کاوشوں کا بھی دل سے معترف ہوں کہ جنہوں نے گزشتہ دو سال میں تباہ کن دہشتگردی کی زد میں مکمل تباہی کی دہانے پر کھڑی ہوئی معیشت کو سنبھالنے میں ہر قسم کے نامساعد حالات کا مردانہ وار مقابلہ کیا اور ایسا بجٹ پیش کیا کہ جو ناقابل فراموش ہے جو کہ Budget strategy papers کی گائیڈ لائن میں تیار کیا گیا ہے۔ اب میں آؤنگی اپنے ملاکنڈ ڈویژن کی طرف، باتیں تو بہت ہیں لیکن ٹائم کم ہے۔ اس بجٹ کو کئی لحاظ سے عوامی بجٹ تسلیم کرتی ہوں کیونکہ اس میں زندگی سے تعلق رکھنے والے ہر طبقے کی امنگوں اور خواہشوں کے لحاظ کی کافی کوشش کی گئی ہے۔

افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر      ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ

یہاں پر میں ملاکنڈ ڈویژن کے حلقے سے متعلق بات کرونگی کہ دہشتگردی کے خون آشام فضاؤں میں مسلسل دو سال تک گری ہوئے اس بدقسمت خطے کے مظلوم اور ستم رسیدہ باشندوں کے بحالی کیلئے ہماری دوراندیش اور باہمت قیادت نے شب و روز محنت اور جدوجہد کا عملی مظاہرہ کیا۔ ان کی بحالی کا سلسلہ ابھی جاری ہے اور ملاکنڈ ڈویژن میں ترقیاتی کاموں کیلئے اس سلسلے میں حکومتی اقدامات نے یہاں کے عوام کے دل جیت لیے ہیں اور موجودہ بجٹ میں ان کیلئے معقول رقوم کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ سب سے پہلے تو سوات یونیورسٹی کا جو اعلان کیا گیا ہے اس سے ہمارے شہید قائد کی روح کو تسکین پہنچی ہے چونکہ 1976 میں جب شہید قائد گئے تھے تو انہوں نے اعلان کیا تھا اور چونتیس سال بعد وہ یونیورسٹی ابھی بنی ہے تو آج

اس پر میں فخر کرتی ہوں کہ بھٹو صاحب کا وہ خواب آج پورا ہو گیا ہے۔ اس کے بعد فضاگٹ کا جو پارک انہوں نے مخصوص کیا ہے تو پارک تو وہاں پہلے بھی موجود تھا لیکن اسکی اہمیت اسلئے زیادہ ہے کہ یہ شہداء کے نام پر رکھا گیا ہے جنکی قربانیاں کسی سے چھپی ہوئی نہیں ہیں اور اس کے بعد جو پچاس سٹیل بریجز کا اعلان کیا ہے ملاکنڈ ڈویژن کیلئے تو اس کو میں سراہتی ہوں کہ کسی بھی حکومت نے ملاکنڈ ڈویژن کو اتنی اہمیت نہیں دی تھی جو اس حکومت نے دی ہے، پچاس سٹیل بریجز بہت زیادہ ہیں اگر اس کو آپ دیکھیں تو یہ ایک بہت اچھا بجٹ ہے ہمارے صوبے کیلئے اور ایک کیڈٹ کالج کا اعلان کیا جو بہت سے دلوں کو ناگوار گزرا ہے لیکن پھر بھی حکومت نے ہمارے لیے اعلان کر دیا ہے۔ آخر میں یہ 74 کلو میٹر پختہ روڈ کا جو اعلان کیا ہے، اس میں خیر ہماری لیڈیز کو تو کچھ نہیں ملتا لیکن ہمارے صوبے کو تو مل رہا ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ بی بی۔

<u>محترمہ نور سحر</u>: سر! آخر میں میں یہ کہونگی، میں حکومت کی طرف سے یہ بھی کہونگی کہ جہاں عورتوں کے حقوق آئیں گے، وہاں آپ مجھے اپنی ماؤں اور بہنوں کے ساتھ پائیں گے۔ میں دل کی گہرائیوں سے انکی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اس بجٹ میں عورتوں کیلئے کافی فنڈ رکھا ہوا ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ بی بی۔

<u>محترمہ نور سحر</u>: سر! آخر میں، Wind up کر رہی ہوں، میں حکومت کی طرف سے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ بی بی، شکریہ۔ نصیر محمد خان میداد خیل، نصیر محمد خان۔

<u>جناب نصیر محمد میداد خیل</u>: جناب سپیکر! بجٹ کے حوالے سے کافی باتیں ہوئی، کئی دوستوں نے تعریف کی، کئی دوستوں نے اعتراض کئے، افسوس اس بات کا ہوتا ہے کہ بجٹ آئندہ آنے والے سال کے تمام کاموں کی عکاسی کرتا ہے اور اس حوالے سے جب ہم نے آئندہ سال کیلئے اے ڈی پی کی کتاب کو دیکھا تو یقین جانیں کہ ہمیں افسوس سا ہوا کہ ہمارے پورے علاقے کے ساتھ ایک سوتیلی ماں کا سلوک کیا گیا ہے۔ پورے کتاب میں پانچ جگہ پر ہمارا ذکر خیر آیا ہے۔۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: مفتی صاحب، مفتی صاحب، یہ نصیر محمد خان ایک بات کی طرف اشارہ کر رہا ہے، تھوڑا وزراء صاحبان کو سننے دیں۔ جی نصیر محمد خان، ذرا جلدی جلدی۔

<u>جناب نصیر محمد میداد خیل</u>: شکریہ جناب، کوشش کرونگا کہ جلد سے جلد میں اپنی تقریر ختم کر لوں۔ دو جگہوں پر شاہ حسن خیل کا ذکر خیر ہوا ہے۔ شاہ حسن خیل وہ گاؤں ہے جہاں سے تقریباً سوا ایک سو دس بندوں

سے زیادہ لوگ شہید ہوئے تھے اور وہاں پر وزیراعلیٰ صاحب نے جاکر اپنے خصوصی فنڈ سے اس علاقے کیلئے کچھ سکیموں کا اعلان کیا اور افسوس کی بات ہے کہ ان اعلانات کے بعد انکی نشاندہی اے ڈی پی کی کتاب میں کر دی گئی On going schemes میں، تو میں نہیں سمجھتا کہ ایک طرف وہ اپنے خصوصی فنڈ سے اعلان فرما رہے ہیں اور دوسری طرف وہ On going schemes میں اس کو نشاندہی کرتے ہوئے نمایاں کر رہے ہیں۔ جناب سپیکر، ایک مقام پر چار اضلاع بنوں، لکی مروت، ٹانک اور ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے اس کتاب میں ایک کروڑ روپے کھجوروں کیلئے رکھے گئے ہیں، خدارا ہمیں کھجوریں نہیں، پینے کا پانی اور ہماری زمینوں کیلئے پانی مہیا کر دیں، ہمیں کھجوریں نہیں، پانی چاہیئے اور جیسے جناب سپیکر، میں نے اپنے پہلے دن کی تقریر میں آپ سے درخواست کی تھی اگر آپ کو جناب والا، یاد ہو کہ ہمارے علاقے میں ایک 'باران ڈیم' نامی ڈیم ہے جو اس وقت خشک ہوا پڑا ہے، اس کیلئے صوبائی حکومت کوئی اقدامات کرے لیکن افسوس کہ ہمارے اے ڈی پی کتاب میں اس کا کوئی ذکر خیر نہیں ہے، یا تو وہ بھول گئے ہیں یا ہمیں نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ جناب والا شیخ بدین کیلئے انہوں نے کچھ فنڈ رکھا ہوا ہے، جنوبی اضلاع میں شیخ بدین واحد ایک پر فضا مقام ہے اور جناب سپیکر صاحب، میں نے پچھلے دنوں ایک سوال آپ کے ذریعے سے وزیر جنگلات صاحب سے کیا تھا، اس کا ابھی جواب ہی نہیں آیا کہ شیخ بدین کے جنگلات میں آگ لگا دی گئی، اس پر فضا مقام میں چند درخت لگے ہوئے تھے، ان کو بھی ختم کروا دیا گیا۔ میری آپ کے ذریعے حکومت سے یہ استدعا ہوگی کہ اس کی مکمل انکوائری کرے اور دیکھا جائے کہ ان جنگلات میں آگ از خود لگی ہے یا کسی نے لگوائی ہے؟ میں اس معاملے میں آنجناب سے مدد کا بھی طلبگار ہوں۔ جناب سپیکر، اس کے علاوہ کہیں پر بھی اے ڈی پی کی کتاب میں ہمارے ضلع کا ذکر نہیں آیا، ہماری روڈیں بھی اے ون ہیں، بہترین روڈیں ہیں، ان کیلئے قسم کی بھی Repair کی ضرورت نہیں محسوس کی گئی حالانکہ اگر آپ خود وہاں پر چلے جائیں تو ہماری روڈوں کو دیکھ لیں، شاید آپ کو بھی رونا آ جائے۔ جناب سپیکر، ہمارا سب سے بڑا مسئلہ اس وقت آبپاشی کیلئے پانی کا ہے، جیسے میں نے پہلے باران ڈیم کا ذکر کیا، ہمارے کرم تنگی کا بھی یہی مسئلہ ہے کہ کرم تنگی کو وفاقی حکومت یا صوبائی حکومت اپنی طرف سے بنانے کیلئے اقدامات کرے، یہی ہمارے ذریعہ معاش بھی ہے اور یہی ہمارے زندگی گزارنے کا ایک ذریعہ بھی ہے۔ جناب سپیکر،۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ کرم تنگی پر میں تقریباً چار پانچ میٹنگ کر چکا ہوں اور یہ واپڈا نے اے ڈی پی میں بھیجا تھا لیکن ابھی اس کو کنفرم کریں گے کہ ادھر کیا بنا؟

جناب نصیر محمد میداد خیل: اس کیلئے جناب سپیکر، پورے ضلع کی طرف سے میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے اس پر زحمت فرمائی ہے اور اس پر میٹنگز اٹینڈ کی ہیں۔ جناب سپیکر، ہمارے ضلع کے ساتھ پورا ایک پہاڑی سلسلہ بھی ہے، اگر اس میں یہ صوبائی حکومت سال ڈیم پر کوئی منصوبہ بنالے تو اس کیلئے بھی ہم صوبائی حکومت کے مشکور ہوں گے۔ جناب سپیکر، ہماری ایک سڑک اس وقت ڈیرہ اسماعیل خان اور لکی مروت اور بنوں کو Connect کرتی ہے، اس کے ساتھ ایک دوسری روڈ تھی جو غزنی خیل سے ٹانک تک، ضلع ٹانک اور ضلع لکی مروت کو Connect کرتی تھی جناب سپیکر، مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہماری افواج نے، ہماری فورسز نے اس روڈ کو بند کر کے اس پر بنائے گئے تمام پلوں کو اڑادیا ہے از خود تاکہ اس پر کوئی گزر نہ ہو سکے حالانکہ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس سڑک پر پہاڑی سلسلہ شروع ہونے سے آخر تک دو ایف سی کے قلعے بھی بنائے گئے ہیں اور یہ ہم نے نہیں بنائے، یہ انگریزوں نے بنائے تھے۔ باوجود وہاں پر ایف سی کے موجودگی کے اس سڑک کے پلوں کو اڑانا، یہ اس علاقے کے عوام کے ساتھ ایک مذاق تھا ورنہ اگر یہی ایف سی والے ڈیوٹی کرتے، یہی ان کی دیکھ بھال کرتے تو ان پلوں کو برباد کرنے کا ان کے پاس کوئی جواز ہی نہیں تھا۔ جناب سپیکر، میری آپ کے توسط سے صوبائی حکومت سے ایک یہ استدعا ہو گی کہ ٹانک کو درہ بین کے ذریعے لکی مروت سے ملانے والی سڑک کو فوراً بنایا جائے اور اس کو ایف ایچ اے کے ذریعے، ایف ایچ اے کی تحویل میں دیکر اس کو بنایا جائے، یہ میری آپ سے استدعا ہے۔ جناب سپیکر، ہمیں امید ہے کہ صوبائی حکومت ہمارے ضلع کو نظر انداز نہیں کرے گی جیسے کہ اے ڈی پی کی کتاب میں اس کو نظر انداز کیا گیا ہے۔ میری آپ سے اور پوری حکومت سے یہی استدعا ہے کہ از روئے خدا ہمیں پرائیوں کی نظر سے نہ دیکھیں، ہم بھی اسی صوبے کے رہنے والے ہیں، ہم نے بھی آپ کے بنائے ہوئے پختونخوا کو خاموشی سے قبول کیا، ہزارے کی طرح شور نہیں کیا مچایا اور مجھے معلوم ہے کہ شور کرتے تو کچھ ملتا اور اگر شور نہیں کرتے، ہم جیسے خاموش رہ جاتے تو ان کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ مجھے امید ہے کہ صوبائی حکومت ہمیں نظر انداز نہیں کرے گی۔ وآخر دعوانا ان الحمد اللہ رب العالمین۔

جناب سپیکر: انشاء اللہ، شکریہ جی۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: آپ کا بہت بہت شکریہ، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ میں ان تمام معزز اراکین سے معذرت کرونگا جن کے نام رہ گئے ہیں۔ میں نے اپوزیشن کے کافی ممبران صاحبان کو Accommodate کرنے کی بہت کوشش کی۔۔۔۔

(تالیاں / قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: آپ کی ٹریژری بنچز سے ہمارے جتنے بھی دوست، معزز اراکین تعلق رکھتے ہیں، آپ لوگوں نے تھوڑا صبر کرنا ہوگا۔۔۔۔۔

(شور / قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: اگر ہاؤس اجازت دے تو میں کل بھی اس پر ڈیبیٹ کرتا ہوں۔۔۔۔۔

(شور / قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: نه، هم دا وایم کنه۔ که دوئ خا مخا غواړی نو دا دوه ورځے نور هم زۀ ډیبیټ ته کینا ستم۔ تاسو که هاؤس اجازت را کوئ۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں / شور)

جناب سپیکر: میں تو دو نہیں، تین دن بھی بیٹھ سکتا ہوں، یہ ڈیبیٹ چار کی بجائے سات دن بھی کر سکتا ہوں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: یہ ابھی نماز کا وقت ہو جائے گا، مفتی صاحب فتوی دینا شروع کر دیں گے۔ تو یہ جو آپ لوگوں نے گزارشات کی ہیں، ان کے جواب ان سے کیسے مانگیں گے ؟۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں / شور)

جناب سپیکر: دو دو منٹ جس طرح ان کو دیئے نا، حافظ صاحب، آپ پھر بول لیں گے، ان خواتین کو بولنے دیں۔ جی نرگس ثمین بی بی، دو منٹ۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: ستاسو نوم ما واغستو، تاسو نه وئ جی۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: نو دا مونځونه خو مونږه هم اوکړل کنه، تاسو هم اوکړو، ټولو اوکړو۔ دا جی ټولو له مے ورکړو، جی بس ستاسو نوم مے واغستو چه تاسو نه وئ نو زۀ څه اوکړم؟ جی نرگس ثمین بی بی۔

بیگم نرگس ثمین: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر، بہت بہت شکریہ کہ مجھے بجٹ پر بولنے کا موقع دیا۔ جناب سپیکر، اس سال کا بجٹ جو 294.2 بلین روپے ہے جس کا اعلان ہو چکا ہے اور اخراجات کا تخمینہ بھی 294.2 ہے، اس کے متعلق بیان کیا گیا ہے کہ یہ ایک متوازن بجٹ ہے۔ پچھلے سال بھی وزیر موصوف نے ایک ایسا ہی بجٹ پیش کیا تھا جس کو متوازن بجٹ کہا گیا تھا لیکن اس بجٹ کے ساتھ وزیر موصوف نے سپلیمنٹری بجٹ بھی پیش کیا جس کا مطلب یہ ہوا کہ پچھلا بجٹ بھی غیر متوازن تھا۔ میں پچھلے سال کے بجٹ پر اپنی تقریر کی یاد دہانی کروانا چاہتی ہوں۔ میں نے واضح طور پر کہا تھا کہ یہ بجٹ سیاستدان یا عوامی نمائندے نہیں بناتے، یہ بیوروکریٹس بناتے ہیں۔ (تالیاں) حکومت کا یہ کہنا کہ اس بجٹ کے بنانے میں عوامی نمائندوں سے مشاورت کی گئی، حقیقت پر مبنی نہیں ہے۔ مجھے بتایا جائے کہ اس ایوان میں اپوزیشن لیڈر یا کسی پارلیمانی لیڈر سے پوچھا گیا یا ہم بہنوں سے پوچھا گیا؟ تعلیم کی مد میں جو پیسہ رکھا گیا ہے، وہ بہت کم ہے چونکہ اس صوبے میں تعلیم مکمل طور پر تباہ ہو چکی ہے، ایک ہزار سکول تباہ ہو چکے ہیں، یہ رقم اونٹ کے منہ میں زیرے کے برابر ہے، اے ڈی پی میں صرف سو سکول رکھے گئے ہیں۔ حکومت خواتین کو Empower کرنے کے دعوے کر رہی ہے لیکن اس بجٹ میں خواتین کیلئے کچھ نظر نہیں آتا، تو ان Empowerment کیلئے کیا ہوگا؟ ہائیڈل ڈیویلپمنٹ فنڈ جو بنایا گیا ہے، اس میں جو رقم بجلی کی مد سے آتی ہے، اس کو اوپن کیا جائے، اس کے شیئر اور بانڈ بنائے جائیں تاکہ پرائیویٹ انوسٹمنٹ صوبے کو آئے اور صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکے۔ ثقافت کے حوالے سے صوبے میں ثقافتی بورڈ تشکیل کیا جائے اور ثقافتی عمارت بنوا کر گلوکار، ادیب اور شاعر کو اپنے خدمات انجام کرنے کے موقع فراہم کئے جائیں۔ وزیراعظم کا سپیشل ریلیف پیکیج، قرضے معاف کرنے، بجلی کے بل سوئی گیس کے بل معاف کرنے کے ساتھ ساتھ جو ہمارے Backward areas ہیں، ان اضلاع کو بھی شامل کیا جائے۔ پولیس ڈیپارٹمنٹ کیلئے جو رقم رکھی گئی ہے، بہت زیادہ ہے لیکن پولیس امن وامان کے سلسلے میں کچھ نہیں کر رہی، ڈکیتی، اغواء برائے تاوان کا سلسلہ جاری ہے۔ میں خود ایک عورت ہونے کے ناطے جب یہاں سے نکلتی ہوں، آٹھ بج جاتے ہیں، مجھے فکر لاحق ہو جاتی ہے کہ میں اپنے گھر کیسے پہنچوں گی؟ ایک گھنٹے کا راستہ ہے، راستے میں رش ہوتا ہے، ایک اکیلی عورت ڈرائیونگ کرتے ہوئے امن وامان کیلئے بھیک مانگ رہی ہے۔ (تالیاں) وائٹ پیپر، صفحہ نمبر 59 پر جو پروگرام دیا گیا ہے، 'Compensation for damaged houses'، اس کیلئے چار چار لاکھ روپے رکھے گئے ہیں، یہ تو کوئی کچی آبادیوں کے گھر تو نہیں تھے، اس میں

تو لوگوں کے بنگلے بھی تھے تو چار لاکھ کا تو ایک باتھ روم بھی نہیں بن سکتا تو انکے گھر کیسے بنیں گے ؟ لہذا اس پیکج میں اور اضافہ کیا جائے۔ دہشتگردی سے جو خواتین متاثر ہوئی ہیں، جن کے خاوند مر گئے ہیں، جن کے بیٹے مر گئے ہیں، جو عورتیں بیوہ ہوئی ہیں، ان کیلئے کوئی ریلیف فنڈ نہیں رکھا گیا، میری التجا ہے، میری تجویز ہے کہ Endowment fund سے اس پیکج کو Announce کیا جائے۔ بہت بہت شکریہ آپ کا۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ بی بی۔ تھینک یو۔ سید بتول ناصر بی بی۔

<u>بیگم سعیدہ بتول ناصر:</u> شکریہ، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! میں یہاں کہونگی کہ پندرہ منٹ آپ کی تعریف کے اور پندرہ منٹ بجٹ کی تعریف اور دس منٹ شکریہ کے، وہ بھی مجھے دیجیئے، وہ میں ٹائم آوٹ کر رہی ہوں۔ (تالیاں) جناب سپیکر! یہ ایک طریقہ کار واضح ہونا چاہیئے، یہ تین دن ہو گئے ہیں، ہم تو ذہنی تناؤ کا شکار ہو گئے کہ کب ہماری باری آتی ہے، کب ہماری باری آ جائے ؟ کوئی ڈسپلے لسٹ ہونی چاہیئے، کوئی ایک طریقہ کار واضح کریں کہ کونسے ممبر کی کب باری ہے ؟ مجھے نہیں سمجھ آتی کہ۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> اپنے پوائنٹ پر بی بی آ جائیں، بجٹ پر آ جائیں۔

<u>بیگم سعیدہ بتول ناصر:</u> ایک منٹ جناب سپیکر، مجھے نہیں سمجھ آتی، یہ آپ کس طرح Decide کر لیتے ہیں کہ اس کو بولنا ہے یا تو آپ کو ٹیلی پیتھی کا علم ہے کہ اس نے میری تعریف کرنی ہے، اس کو کھڑا کیا جائے۔ (قہقہے/تالیاں) یا تو پھر جناب سپیکر، اب یہاں اگر یہ فیصلہ قسمت کا فیصلہ ہے تو ایک یہاں طوطا بٹھا دیجئے کہ وہ ہماری فال نکالے کہ ہم بھی اپنی قسمت کے رحم و کرم پر رہیں کہ کب باری آتی ہے ؟ یہ تو قسمت کا فیصلہ ہے۔ (تالیاں) یہاں ہمارے معزز رکن، جاوید عباسی صاحب نے بہت آپکی تعریف کی کیونکہ وہ جاوید عباسی صاحب۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> بس ابھی آپ بجٹ پر نہیں آتیں تو میں نے آپ کا مائیک بند کر دیا۔ (قہقہے) ابھی اور کون رہتا ہے ؟ حافظ اختر علی صاحب۔ حافظ اختر علی صاحب، حافظ اختر علی۔ میرے خیال میں پیر صاحب کل کیلئے رولز Relax کروا دیں تا کہ ہم کل شام تک لگے رہیں گے۔ جی حافظ اختر علی صاحب۔

<u>بیگم سعیدہ بتول ناصر:</u> جناب سپیکر! آپ مائیک آن کریں، ہم بجٹ پر بات کر رہے ہیں۔ جناب سپیکر! ہم بجٹ پر بات کر رہے ہیں۔۔۔۔۔

<u>حافظ اختر علی:</u> **بسم اللہ الرحمن الرحیم۔**

جناب سپیکر: حافظ اختر علی صاحب، آپ بیٹھ جائیں، تھوڑا سا ان کو، جی بی بی بولیں، سعیدہ بتول ناصر صاحبہ۔

بیگم سعیدہ بتول ناصر: بجٹ سے قبل ایک Consultative Seminar منعقد کیا گیا ایک دن کا جس میں تمام Stakeholders، عوامی نمائندے اور دیگر متعلقہ اداروں نے لوگوں نے شرکت کی جس کا مقصد اس بجٹ کو Predictable اور Accountable بنانا تھا لیکن جناب سپیکر، آپ مجھے بتائیں کہ اس ایک دن کے سیمنار سے کیا بجٹ Predictable اور Accountable بن گیا ہوگا، ایک دن میں کیا مشاورت دی گئی ہوگی؟ کیا تجاویز دی گئی ہونگی؟ ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ ہر لیول پر بجٹ کا ایک پراسس ہوتا ہے، عوامی نمائندوں اور دیگر Stakeholders کو اس میں شامل کرنا چاہیئے تھا، جیسے کہ معزز رکن میاں افتخار صاحب نے فرمایا کہ ایسا Possible نہیں ہے، اسطرح اگر ہم آپ لوگوں سے مشورہ لیں تو پانچ سال تک یہ بجٹ نہیں بنتا لیکن ہم پہلے سال میں کہہ چکے ہیں کہ ایک Pre session budget بنایا جائے، بجٹ بنانا حکومت کا کام ہے، یہ نہیں ہے کہ ہر نمائندہ اٹھ کر بجٹ بنائے گا لیکن جو یہ سیشن اب ہو رہا ہے، جسطرح کہ عبدالاکبر صاحب نے بھی کہا، یہ کتابیں جب پرنٹنگ پریس میں بنی ہیں، یہ ہم تک پہنچ جاتیں، یہ جو سیشن میں ابھی ہم تجاویز دے رہے ہیں، ترامیم کروا رہے ہیں، اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے، بجٹ تو پاس ہو جانا ہے۔ اگر یہ سب پہلے ہو جاتا تو کیا Pre session اس پر نہیں ہو جاتا، تین سال گزر گئے ہیں۔ یہ تو اے این پی کی حکومت ہے، یہ تو انقلابی حکومت ہونی چاہیئے۔ میاں افتخار صاحب فرماتے ہیں کہ یہ ایک روایت ہے، روایت چل رہی ہے، روایتی بجٹ ہے لیکن آپ کی جماعت تو انقلابی جماعت ہے، آپ کو اس روایت کو ختم کرنا چاہیئے تھا، جو حقیقت ہے، اس پر آنا چاہیئے تھا۔ جناب سپیکر، اس بجٹ میں، وزیر خزانہ صاحب نے جیسے فرمایا کہ خدائی خدمتگار فخر افغان امن اور آشتی کے علمبردار خان عبدالغفار خان کو خراج عقیدت پیش کیا گیا جناب سپیکر، خان عبدالغفار خان بے شک خدائی خدمتگار اس خطے کی ایک تاریخی شخصیت ہیں، ہم بہت قدر کرتے ہیں خان عبدالغفار خان کی لیکن یہاں یہ لقب 'فخر افغان' ہمارے لیے انتہائی تعجب کن ہے، یہاں اگر فخر پاکستان یا فخر پختون ہوتا تو ہمیں بہت خوشی ہوتی۔ (تالیاں)

جناب سپیکر، اسی طرح 'باچا خان خپل روزگار سکیم'، میں 'خپل' پر مفتی کفایت صاحب نے اعتراض کیا لیکن میں اعتراض نہیں کرونگی، خپل، اس خطے کو ہم Own کرتے ہیں، ان کی خدمت کو باچا خان خپل روزگار میں جو یہ انہوں نے ایک بلین روپے رکھے تو ابھی تک تو ہم بینظیر انکم سپورٹ، بینظیر وسیلہ روزگار

پروگرام وغیرہ وغیرہ سنتے آئے ہیں لیکن ابھی میری یہ گزارش ہے کہ جیسا کہ اب اس عظیم شخصیت کے نام کو استعمال کیا گیا ہے تو اسی طرح جیسے کہ بے نظیر کے پروگرام، لیاقت شباب صاحب نے فرمایا کہ Transparent ہوتے ہیں، اسی طرح اس سلسلے میں بھی میری گزارش ہے کہ یہ پروگرام بھی بالکل Transparentاور بلاتفریق پارٹی سے بالاتر سب کیلئے ہونا چاہیئے، یہ نہ ہو کہ یہ ایک بلین مردان، صوابی اور چارسدہ میں خرچ ہو جائے لہذا ڈی آئی خان پر بھی نگاہ کرم ہو اور ہزارہ جب تک الگ صوبہ بن نہیں جاتا، ہمارے صوبے کا حصہ ہے، ان علاقوں کو بھی اس پروگرام میں شامل کرنا چاہیئے۔ اسی طرح صحت کی بات آتی ہے، جیسے بینظیر ہیلتھ سپورٹ کا پروگرام ہے، اس میں ایک پانچ سو ملین رکھا گیا ہے، یہ بہت کم ہے اور وہ جو صرف ہیپاٹائٹس سی کیلئے استعمال ہوگا جناب سپیکر، جیسا کہ معزز رکن ثاقب صاحب نے بھی فرمایا کہ ہیپاٹائٹس کی شرح بڑھ رہی ہے ہمارے صوبے میں، اس کی وجوہات بیان کی جائیں، اس کی وجوہات اور اسباب بتائے جائیں، اسکے روک تھام کیلئے ایک الگ سے جامع پروگرام مرتب کیا جائے جس میں اس کی Preventionاور کنٹرول ہو۔ یہ پانچ سو ملین کے بارے میں میری یہ تجویز ہے کہ یہ پانچ سو ملین تمام غریب اور نادار مریضوں کیلئے رکھا جائے۔ اسی طرح زراعت کی جہاں تک بات آتی ہے تو زراعت میں ہمارے وزیر خزانہ صاحب نے بتایا کہ چھیالیس لاکھ حیوانات کا علاج کیا گیا جناب سپیکر، چھیالیس لاکھ حیوانات کا علاج کون سی ڈیویلپمنٹ ہے، کون سی کوئی Breed دریافت کی گئی ہے؟ دودھ کی پیداوار میں کتنا اضافہ کیا گیا؟ جیسے کہ آج ایک رکن وجیہ الزمان صاحب نے فرمایا کہ ڈیری پراڈکٹ پر کوئی کام نہیں ہوا، چاہیئے تو یہ تھا کہ زراعت میں کوئی ترقیاتی اصلاحات آتیں۔ جب کرپشن کی بات کرتے ہیں جنگلات اور زراعت میں تو میاں افتخار صاحب کہتے ہیں کہ کرپشن نہیں ہے۔ تنولی صاحب نے فرمایا کہ درخت کو کاٹنا جرم ہے، بالکل میں اس کی تائید کرتی ہوں، درخت بھی جاندار ہوتے ہیں، اس کا سخت قانون نافذ کرنا چاہیئے، ابھی دو دن پہلے کی بات ہے، کرپشن کیسے نہیں ہے؟ میاں افتخار صاحب موجود نہیں ہیں ورنہ میں انکو بتاؤں کہ کرپشن کیسے نہیں ہے؟ دو دن پہلے یہاں یہ کینٹ کا حصہ ہے، وی آر آئی ویٹنری کالونی، وہاں پر تین دن سے درختوں کی تیزی سے کٹائی ہو رہی تھی، میں جب متعلقہ محکمے کو فون کرتی ہوں، ان کو کہتی ہوں تو وہ جتنی Ignorance سے کام لیتے ہیں، سیکرٹری صاحب کہتے ہیں کہ ہمیں علم نہیں، ہم پتہ کرتے ہیں حالانکہ میں As a MPA انکو اطلاع دے رہی ہوں اس کی، درختوں کی کٹائی سے ایسے لگ رہا تھا کہ جیسے کوئی کسی کا قتل ہو رہا ہے، میں نے خود ذاتی طور پر وہ رکوائی، وہاں پر جا کر ان کو منع کیا۔ کرپشن،

انٹرنیشنل ٹرانسپرنسی کی بات کرتے ہیں جیسے کہ مفتی صاحب نے تو وہ ان کو کہا ہے کہ انٹرنیشنل ٹرانسپرنسی کی بات ہم نہیں مانتے، ٹھیک ہے انٹرنیشنل ٹرانسپرنسی کو نہ مانیں اور میاں افتخار صاحب، میاں افتخار صاحب کی ہم بہت عزت کرتے ہیں، ان کی سچائی اور ان کی ایمانداری میں کوئی شک نہیں، وہ میں تو سمجھتی ہوں کہ میاں افتخار صاحب کی سچائی، ایمانداری اور جرات کی وجہ سے اے این پی کی حکومت قائم ہے، کاش کہ سارے وزراء میاں افتخار جیسے ہی ہوتے۔ (تالیاں) آپ انٹرنیشنل ٹرانسپرنسی کی بات کرتے ہیں، تو یہاں پر تو نیب کے ریکارڈز موجود ہیں، یہ صوبہ ٹاپ پر ہے کرپشن میں، یہاں پر نیب کے ریکارڈز موجود ہیں اور خود ہم لوگوں نے ایک سو ملین کے چیف سیکرٹری کو کرپشن کے ثبوت دیے، کرپشن کا ریکارڈ دیا اور انہوں نے کیس متعلقہ سیکرٹری کو بھیجا، متعلقہ سیکرٹری نے وہ فائل کر دیا۔ کرپشن تو بہت ہے، ٹھیک ہے اگر انٹرنیشنل ٹرانسپرنسی کی بات نہیں مانتے تو یہ دوست نہیں ہیں، یہاں تو یہ دیکھنا چاہیئے کہ دوست، دشمن کی تعریف، امریکہ ہمارا دشمن ہے، دشمن کی تعریف کو Ignore کرنا چاہیئے اور دشمن کی تنقید پر غور کرنا چاہیئے، اگر وہ اس کی رپورٹ غلط ہے تو اس کانیب میں ریکارڈ موجود ہے اور یہاں پر یہ صابر شاہ صاحب نے فرمایا کہ ہم کس کے ہاتھ پہ اپنا لہو تلاش کریں تو جواب آیا کہ بیوروکریسی کو بیوروکریسی Protect کرتی ہے، وزراء کو وزراء Protect کرتے ہیں لیکن آج کل کا ہم حال دیکھ رہے ہیں کہ وزراء اور بیوروکریسی دونوں ایک دوسرے کو Protect کر رہے ہیں، دونوں ایک دوسرے کے ساتھ چل رہے ہیں، عوام کا تو اللہ ہی حافظ ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: بی بی! بجٹ پر آ جائیں۔ بجٹ پر ایک دو لفظ بولیں، بجٹ سے آپ ہٹ رہی ہیں۔

<u>بیگم سعیدہ بتول ناصر</u>: سپیکر صاحب! بجٹ کی بات ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: تین مہینے، تین مہینے آپ کے اسمبلی سیشن کو ملیں گے، آپ اس میں دو، دو گھنٹے بولیں، آج بجٹ پر بولیں۔

<u>بیگم سعیدہ بتول ناصر</u>: تعلیم کی بات ہے، تعلیم کی بات ہے، جہاں تک تعلیم کی بات ہے تو یہ جو پچاس طالبعلموں کو دنیا کی بہترین یونیورسٹیوں میں پی ایچ ڈی کیلئے بجھوایا جائے گا تو یہ بھی میری گزارش ہے کہ اس کی سلیکشن بھی میرٹ پر ہو اور اس بات کی کیا گرانٹی ہے کہ جب یہ پی ایچ ڈی کر کے واپس آئیں گے تو ان کو ان کے سٹینڈرڈ کا روزگار مہیا ہو گا؟ کیونکہ یہاں تو یہ عالم ہے کہ پی ایچ ڈی والے دھکے کھا رہے ہیں اور جو عہدیداران، بیوروکریسی اور وزراء کو خوش کریں، وہی مزے کر رہے ہیں۔ پھر یہ دیکھیں جناب، تین

سال ہو گئے ہیں، کونسی تعلیمی اصلاحات؟ بڑا شور ہے، تعلیم میں یہ ہو رہا ہے۔ وہی حال ہے سکولوں کا، وہی پرائمری سکولوں کا، وہی تعلیم کی چال بے ڈھنگی ہے، کوئی ایک انچ آگے کوئی کچھ بھی نہیں ہوا تعلیم میں۔ آپ یہ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی Annual report دیکھ لیں، وہاں پر Enrolment drop out تیزی سے ہو رہے ہیں، انرولمنٹ کا 48% تو Overall drop out ہو رہا ہے اور کہیں پر تو 80% بھی Drop آ رہا ہے اور اگر آپ یہ اس کا جواز پیش کریں گے Militancy، تو نہیں، Militancy کی وجہ سے نہیں ہوئے، ایسے علاقوں میں جیسے ہزارہ، دیگر علاقوں میں وہاں Militancy سے نہیں ہوا۔ یہ Drop out، یہاں کس وجہ سے ہوا ہے؟ آپ کو آنکھیں کھولنی چاہئیں۔ تین سال تو گزر گئے، ابھی دو سال میں کیا کرنا ہے تعلیم میں؟ شکریہ، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی حافظ اختر علی صاحب۔

حافظ اختر علی: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

امیر جمع ہیں احباب حال دل کہہ لے　　　پھر التفات دل دوستاں رہے، رہے نہ رہے

محترم جناب سپیکر صاحب، ډیره زیاته شکریه. په بجټ باندے فاضل اراکینو تقاریراوکړل، زۀ تقاریر کول نه غواړم، تجاویز دوه، درے پیش کول غواړم. د ټولو نه اول خو وزیر اعلیٰ صاحب ته، وزیر خزانه صاحب ته او تاسو ته او دے ټول حکومت ته په دغه نامساعد او مخدوش حالاتو کښے د صوبه خیبر پختونخوا په ړومبنی بجټ پیش کولو باندے مبارکباد پیش کوم. (تالیاں)

جناب سپیکرا! یقیناً دلته کښ مختلف تجاویز او تقاریر راغلل او زۀ په دے باندے نه ځم چه یره انټرنیشنل ټرانسپرنسی رپورټ یا ټهیک دے یا غلط دے خو بهرحال د ډیرو فاضلو اراکینو هغه پوائنټس هم مخے ته راغلل خو دا به یقیناً زۀ اووایمه چه نن زمونږه د صوبے، د پختونخوا، زمونږه د پختنو Image، یقیناً هغه وائی چه "بد اچھا بدنام برا"، دا یقیناً متاثره شوے دے ځکه چه مخکښے وخت کښے کوم رپورټ راغلے وو، نور رپورټس راغلی وو، هغے کښے ټولے دنیا ته دا پیغام تلے وو چه زمونږه دا صوبه نسبتاً دیانتداره ده او امانتداره ده او نن په مونږ باندے داسے یو Blame لګیدلے دے نو زما به تجویز جی دا وی چه مونږ ته

د دے خبرے احساس کول پکار دی چه مونږه دا خپل Image څنګه هغه بحال اوساتو؟ که چرے مونږه سره د دے احساس نه وی نو زهٔ به د ومره اووایم چه

*وائے ناکامی متاع کارواں جاتا رہا کارواں کے دل سے احساس زیاں جاتا رہا*

لهذا مونږ له خپل Image بحال کولو د پاره د کرپشن خلاف، د رشوت، د لاقانونیت خلاف یقیناً جهاد پکار دے۔ د هغے د پاره مونږه ټول دا نه چه دا صرف د حکومت ډیوټی ده، دا زمونږه د ټولو اراکینو جوائنټ ذمه داری ده او په دے بنیادونو باندے کار پکار دے۔ دے سره سره جی یقیناً په دے بجټ کښے ډیرے ښے خبرے راغلے دی مثلاً په هغے کښے پځوس طالبعلمان چه هغه د بهر جامعاتو ته لیږل دی، زما به جی تجویز دا وی حکومت ته چه د طبقاتی نظام تعلیم د خاتمے د پاره که مونږه یو طرف ته د عصری علومو طالبعلمان بهر جامعاتو ته لیږو، یقیناً دا ډیره خوش آئند خبره ده خو هغے سره سره د دینی مدارسو طالب علمان چه که یو سړے بخاری شریف لولی، یو سړے صحاح سته لولی، یو سړے قرآن و سنت لولی نو کم از کم هغه ته د حقارت په سترګه باندے کتل نه دی پکار لهذا په دیکښے کم از کم لس سیټونه زمونږه د دینی مدارسو طلبه د مدینه یونیورسټی د پاره، د جامعه ام القریٰ د پاره، د دارالعلوم دیوبند انډیا د پاره مختص کول پکار دی۔ جناب سپیکر صاحب! یقیناً د سوات او د ملاکنډ چه کومے قربانئ دی او بیا په بجټ بک کښے د شهداء سوات په حوالے سره د پارک او د یادګار ذکر دے، زهٔ به دا هغے سره Add کول غواړم چه د هغے سره د د جماعت تعمیر شامل کړے شی۔ جناب سپیکر صاحب! زما تجویز آخری دا دے چه دا نن 294 ارب روپو بجټ پیش شوے دے او چالیس فیصد اضافه ښودلے کیږی نو پکار دا ده چه د ټول صوبے چوبیس اضلاع ته بالکل د انصاف په بنیادونو باندے د Need په بنیاد باندے هرے علاقے له په هغے کښی نمائندګی ورکړے شی۔ جناب سپیکر صاحب، زهٔ دا خبره یقیناً واضح کول غواړم، زهٔ به د خپلے حلقے ذکر اوکړم، نن چه د مردان ذکر راځی نو ټول ملګری مونږ ته اشارے اوکړی خو که زهٔ تاسو ته داوضاحت اوکړم چه د تیر کال 2009-10 چه کومه ADP ده او کوم بجټ مونږه پاس کړے دډ د اربونو روپو، زما خپله حلقه پی ایف۔ 28 کښے د TSP او د CND نه علاوه ما ته نه Establishment د یو

سکول ملاؤ شوے دے ، نه ما ته پرائمری سکول ملاؤ شوے دے ، نه مډل ملاو شوے دے ، نه ما ته نور چه کوم بنیادی ضرورتونه دی په سکولونو کښ او بیا که ملاؤ شوی دی زما حلقے ته نو جناب سپیکر صاحب، هغه د شکست خورده عناصرو په لاس باندے ملاو شوی دی، دا یقیناً د جمهوریت خون دے ، دا یقیناً د جمهوریت نفی ده، لهذا مونږ ټولو له دا پکار دی چه د جمهوریت Develop د پاره مونږه بالکل د Need په بنیاد باندے د ټولو، اپله، دے پله ټولو اراکینو د هغے لحاظ اوکړو چه قوم مینډیټ ورکړے دے ، هغوی ئے نمائنده ګان رالیږلی دی۔ انشاءالله که چرے مونږه هغه د انصاف تقاضے پوره کوو، بیا د الله تعالیٰ نصرت زمونږه شامل حال وی۔

جناب سپیکر: جناب ثناءاللہ خان میانخیل صاحب۔

الحاج ثناءاللہ خان میانخیل: جناب سپیکر! میں آپ کا مشکور ہوں، توقع تو نہیں کر رہا تھا لیکن پھر جناب نے مہربانی فرمائی۔ میں ان نوٹس پر اور بجٹ کے ان خدوخال پر جانے کی کوشش نہیں کرونگا کیونکہ یہاں پر ہمارے اچھے مقررین نے بجٹ میں جو ٹیکنیکل باتیں تھیں، ان کو جناب اسرار خان صاحب نے، وجیہ الزمان نے، پیر صابر شاہ صاحب نے اور سکندر شیر پاؤ خان نے جس طریقے سے اجاگر کیا تو وہ حکومت کے گوش گزار کر دی گئی ہیں اور آئندہ کیلئے ان کا وہ جواب بھی دیں۔ یہاں پر جو باتیں ہوئی ہیں، ان میں سے کچھ باتوں کو سمجھتے ہوئے بڑے مختصراً اس پر کوشش کرونگا کہ میں آپ کا ٹائم ضائع نہ کروں اور اپنا مدعا بھی پیش کر سکوں اور حکومت کو اپنے خیال کے مطابق اپنی تجاویز بھی گوش گزار کر سکوں۔ جناب سپیکر، یہاں اس صوبے میں بے روزگاری کو ختم کرنے کیلئے بجٹ میں بھی جو چیزیں رکھی گئی ہیں، وہ یقیناً قابل ستائش ہے لیکن غور اور فکر کرنے کی بات ہے کہ یہاں پر ہمارے صوبے کا قیمتی متاع پانی جو کہ 1991 سے ہمیں ایوارڈ ہو چکا ہے، Accorded water ہے، وہ کہیں اور استعمال ہو رہا ہے اور اس کے استعمال کیلئے میں سمجھتا ہوں کہ اس کے استعمال سے اگر ہم اس کیلئے پراجیکٹ شروع کر دیں تو اس کی تکمیل کے بعد میرے اپنے خیال کے مطابق اس منصوبے سے کم از کم چار سے پانچ لوگ باروزگار ہو جائیں گے اور بڑا عزتمندانہ روزگار جو خود ہی اس میں کام کر کے پیدا کیا جاتا ہے اور ساتھ ساتھ اس صوبے میں ایک ترقی کا عمل اور پھر Revenue collection بھی اس کے ساتھ ہی وابستہ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ ہائے چشمہ Lift-cum-gravity canal جس کا یہاں پر وزیراعظم صاحب نے بھی برملا اعلان کیا لیکن شومئ قسمت یہاں

بجٹ میں جو پچھلے سال اس Ongoing میں رکھا گیا دس ملین روپے رکھے گئے تھے اور وہی دس ملین آج تک چل رہے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ اگر مرکزلیت ولعل سے کام لے رہا ہے تو ہمیں اپنا پیٹ کاٹ کر اس قسم کے اہم منصوبے کو کیونکہ ہمارہ اصل یہ ہے کہ متاع ضائع ہو رہا ہے اور بیس سال سے متواتر ضائع ہو چکا ہے، اس کے مزید ضیاع کو روکنے کیلئے اس کو اپنے استعمال میں لانے کیلئے حکومت اس پر خصوصی تجو دے۔ ساتھ ساتھ یہاں پر ذکر ہوا ہے Block allocations کا، اسرار خان نے بھی ذکر کیا ہے، پچھلے مہینے میں بھی ہم نے اس پر استدعا کی تھی کہ آئندہ کیلئے ان Block allocations کا سہارہ نہ لیا جائے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ہر ایک چیز کے اچھے پہلو بھی ہوتے ہیں، برے پہلو بھی ہوتے ہیں کہ جو باتیں اتر جاتی ہے دماغ سے یا سامنے نہیں آتی ہیں، میرے اپنے خیال میں ان Block allocations کو Deficiencies کی بنیاد پر اگر حکومت استعمال کرے کیونکہ جہاں پر جس چیز کی زیادہ ضرورت ہے، وہاں پر ان Block allocations کو استعمال کیا جا سکتا ہے کیونکہ اگر اس کو ہم By name fix کر دیں تو میرے خیال میں اس کا پھر اتنا فائدہ نہیں ہوتا ہے۔ حکومت کو چاہیئے کہ علاقوں کی سروے کرالیں کہ کس علاقے میں سڑکوں کی کتنی ضرورت ہے، کس علاقے کو پینے کے پانی کی ضرورت ہے، کس علاقے میں ٹیوب ویل کی ضرورت ہے تاکہ یہ Block allocation کا فائدہ لیا جاسکے اور ساتھ ساتھ میں یہ بھی کہونگا کہ اس اسمبلی میں اپوزیشن تو ایک حکومت کا خوبصورتی کا میک اپ ہے جو ہم یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں اور اپوزیشن کا نام بھی ہے ورنہ میرے خیال میں جب حکومت قائم ہو گی تو اصل میں بنیاد ہوتی ہے سٹرکچر بنانے میں وہاں پر کوئی اپوزیشن نہیں تھی اور متفقہ حکومت کو منتخب کیا گیا تو میں سمجھتا ہوں کہ یہاں پر کوئی فرق نہیں پڑتا ہے لیکن یہ صوبے کی ساری اکائیاں جتنے بھی پی ایف ہیں، یہ صوبے کی اکائیاں ہیں اور اس کے ایم پی ایز وہاں کے وسائل کو بھی جانتے ہیں۔ کم از کم اگر جو فیصلہ ہوا تھا یہ چھوٹی سی رقمیں جو رکھی جاتی ہے، ان کو Develop کرنے کیلئے اور ان کی Development کیلئے تاکہ وہ جہاں پر سمجھتے ہیں کہ بہت زیادہ ضرورت ہے تو اس میں ابھی سر فراز خان سے میری طرح کا سادہ ممبر ہے، انہوں نے نشاندہی کی ہے کہ ایک ایک ممبر کو اٹھارہ کروڑ روپے اور سولہ کروڑ روپے دیئے گیے ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ جو ہم سے Commitment ہوئی تھی، ان میں بھی اگر سکول کہیں پر کسی ایم پی اے دو ملے ہیں تو کسی کو زیرو ملا ہے اور کسی کو نہیں ملے ہیں، کم از کم پسماندہ علاقے ہیں اور یہ بڑی خطرناک صورتحال ہوتی ہے کہ جب کچھ لوگ Deprivedness feel کرتے ہیں کہ وہ محروم کیے جارہے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ان باتوں کا

ہمارے چیف منسٹر صاحب جو حکومت کے چیف ایگزیکٹیو بھی ہیں اور کیبنٹ بیٹھ کر یہ فیصلہ کریگی کہ ہم کو بھی اپنا سوتیلا بھائی نہ سمجھے بلکہ سگے بھائی کے حیثیت سے Treat کریں۔ جناب والا! یہاں پر بجٹ کتاب میں، میں نے وہ سامنے نوٹس نہیں رکھے ہیں، سبسڈی کی مد میں، گندم کی خریداری کی مد میں پیسے رکھے ہیں، بہت اچھی بات ہے کہ اپنے صوبے کیلئے ہم خود گندم خرید رہے ہیں بجائے اس کے کہ ہم پنجاب سے اور دوسروں صوبوں سے لیتے ہیں لیکن اس میں جو ایک خامی نظر آئی ہے مجھے سر، وہ یہ ہے کہ ہم خریدتے وقت وہ ٹائم فکس کریں، یہ بیٹھیں کیونکہ آج جو خرید ہو رہی ہے، اس میں زمیندار کی بجائے Third hired جو ہے، وہ فائدہ اٹھارہا ہے کیونکہ جس وقت فصل برداشت ہو رہے تھے، غریب کاشتکار اسی وقت اپنی فصل بیچنا چاہتے ہیں لیکن اس خرید کو اتنا لیٹ شروع کیا گیا کہ وہ غریب زمیندار جو کہ مقروض ہوتا ہے، بینک کے قرضے لئے ہوتے ہیں کسی اور طریقے سے اس کی ضرورتیں پوری کرنے کیلئے وہ پھر فصل کو فوراً بیچنا چاہتا ہے، اس کے پاس سٹاک کیلئے کوئی گودام نہیں ہوتے ہیں، وہ اپنے پاس ایک ہی کمرہ رکھتا ہے جس کمرے میں وہ خود سوتا بھی ہے اور اپنی فصل بھی وہاں لے جاتا ہے تو وہ فوراً اس کو مارکیٹ میں بیچنا چاہتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر محکمہ خوراک In time جب فصل برداشت ہوتے ہیں، وہ خرید شروع کریں تو میرے خیال میں کاشتکاروں کو ڈائریکٹ فائدہ ہوگا۔ میں جناب کا بہت مشکور ہوں کہ آپ نے اس نازک وقت میں مجھے یہ تھوڑا سا اظہار کا موقع دیا۔ بہت بہت مہربانی شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> ستار خان صاحب، عبدالستار خان، چیف آف کوہستان۔

<u>جناب عبدالستار خان:</u> جناب سپیکر! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ مجھے جب بھی پکارتے ہیں تو بڑے خوبصورت انداز میں پکارتے ہیں۔ اس بجٹ پر میں نے مکمل تیاری کی تھی اور میری اب دلی خواہش تھی کہ اس سال میں کھل کر بات کروں اور اس سلسلے میں میں نے آپ سے گزارش بھی سب سے پہلے کی تھی لیکن آپ نے سب سے مجھے آخر میں بلایا، اس پر میں آپ کا مشکور ہوں۔ جناب سپیکر! جب سے موجودہ گورنمنٹ آئی ہے، ہمارا یہ تیسرا بجٹ ہے۔ پہلا بجٹ ہمارا پیش ہوا، ہمارے حالات نامناسب تھے، ہمارے لئے مشکل اوقات تھے، ہمارے صوبے کے حالات ناسازگار تھے جس پر ہم سب اٹھتے تھے اور کہتے تھے کہ ہمارے نامناسب حالات میں صوبائی گورنمنٹ نے ایک بجٹ بہتر انداز میں دینے کی کوشش کی ہے۔ بہر حال دو بجٹ اس سے پہلے پیش ہوئے ہیں، آج یہ تیسرا بجٹ ہے صوبہ خیبر کا، خیبر دماغ ہے، پکارونگا سر ہے جسم کا، پکارونگا اگر پختونخوا پر میں تھوڑی نرمی کروں تو مجھ پر کوئی پابندی نہیں ہے، لہذا میرے قائد نے

میرے پاکستان مسلم لیگ (ن) نے اس چوائس کو پسند کیا، اس نام کو خیبری عوام کیلئے تحفہ دیا، اس پر میں فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ میں صوبہ خیبر پکاروں۔ جناب سپیکر! بجٹ دو چیزوں کا مجموعہ ہوتا ہے جن میں ایک وسائل کی پیداوار اور دوسرے وسائل کے اخراجات، ہمارے فنانس منسٹر نے بڑے خوبصورت انداز میں حسن گفتار میں شروع میں جو الفاظ ہمیں دئے ہیں 294 بلین روپے کے تخمینہ جات جو وسائل کے ہیں اور 294 ارب، بلین روپے کے جو اخراجات ہمیں دکھائے ہیں اور ساتھ جو مدات دئے ہیں جن میں ہم نے وسائل کو پیدا کرنا ہے، جس طرح میرے سینیئر ارکان اسمبلی نے پہلے جو ہمارے پوائنٹس تھے، وہ سارے دے دیئے آپ کو اور آپ کا تقاضا بھی ہے کہ نئی پرپوزل کو سامنے لانا ہے، میرے خیال میں ہم جیسے جونیئر ارکان اسمبلی کیلئے ایک بہت بڑا مشکل کام ہے کہ ہم نئی پروپوزل کہاں سے لائیں بہر حال اس کا ایک اعادہ کرلونگا۔ اس میں جو مدات دی گئی ہیں مرکزی ٹیکسوں میں صوبے کا حصہ، بجلی کے خالص منافع میں چھ بلین روپے اور پچیس بلین روپے جو ہمارے Out standings ہیں اور ساتھ انہوں نے اس پہ ایک توقعات کا لفظ استعمال کیا ہے کہ یہ ہمیں امید ہے اور اس سے پہلے ہمارے بڑے سینیئر ارکان کی طرف سے بجٹ سے پہلے یہ بات بھی آئی کہ اگر ہمیں پچیس بلین روپے دیں گے تو ہم بجٹ بنائیں گے، تو کہیں ایسا نہ ہو کہ اس Financial year میں ہمیں یہ Resources نہ ملیں اور پھر بجٹ پہ خسارہ آئے اور Next budget جو ہمارا وہ متوازن بجٹ نہ ہو بلکہ ہم سپلیمنٹری بجٹ لے آئیں، اس چیز کا ہمیں بھی احساس ہے، میں اس چیز کو محسوس کرتا ہوں۔ دوسری بات جناب سپیکر، بجٹ ڈاکومنٹس جو ہمیں دیئے ہیں، Budget formulation میں ہمیں، اس ہاؤس کو، اس ہاؤس کے ممبران اسمبلی کو اور تمام سینیئر ارکان کو Budget formulation میں Involve نہیں کرتے، اس سلسلے میں میرے ساتھیوں نے بھی گزارش کی ہے اس کو سیکنڈ کرتے ہوئے میں تجویز رکھونگا کہ آپ بجٹ سازی میں اس ہاؤس کو شامل کرلیں۔ اب اگر میں اس مرحلے میں میں کچھ بھی کوشش کروں، تمام ہاؤس کوشش کرے، ہمارے سینیئر ارکان اس پہ، جو ہمارا اس صوبائی اسمبلی کا جو ماحول ہے، اگر ہم کچھ بھی کریں تو ایک روپیہ کا ہم اس بجٹ میں کٹ بھی نہیں لگا سکتے ہیں اور ایک پروپوزل کو نئی شامل بھی نہیں کر سکتے ہیں تو لہذا میں ایک بات محسوس کرتا ہوں کہ ہمارا سارا جو وقت ہے، سارا جو تیس لاکھ روپے ڈیلی اس صوبائی اسمبلی پر ہمارا خرچ ہوتا ہے، اس کا حاصل کچھ نہیں ہے، اسلئے بجٹ سے پہلے 'پری بجٹ' ایک اجلاس ہونا چاہیئے جس میں ہماری یہ پروپوزل جو آج ہم دے رہیں، ہم اس وقت دیں، یہ کٹ موشن جو ہم لگاتے ہیں، یہ اس وقت ہم

اس پہ بات کریں کہ فلاں ڈیپارٹمنٹ کے اخراجات زیادہ ہیں، فلاں ڈیپارٹمنٹ کے اخراجات کم ہیں، تو یہ تجاویز اگر پہلے آئیں تو میرے خیال میں آئندہ کے حالات صحیح سمت میں، تو میری یہ ناقص رائے ہے۔ جناب سپیکر میں ایک بات ضرور سمجھونگا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: چلیں، خدا کرے زندگی رہی، دوسرا بجٹ آگیا، اس پہ فنانس منسٹر صاحب ضرور کریں گے۔ جی مختصر کریں اور بھی کافی لوگ ہیں۔

جناب عبدالستان خان: جناب سپیکر! میں مختصر کرتا ہوں۔ بالکل یہ بجٹ آسمانی صحیفہ نہیں ہے، اس میں Merits بھی ہیں، Demerits بھی ہیں، خوبیاں بھی ہیں، اچھائیاں بھی ہیں، برائیاں بھی ہیں۔ جو میں نے Catch کیا ہے، تین چیزیں ہیں جناب سپیکر۔ پہلی بات ہماری Determination of priorities، دوسری بات جناب سپیکر، ہماری Allocation of resources، تیسری بات جناب سپیکر، Distribution of income، جناب سپیکر، میں بتدریج جاؤں گا۔ جب تک یہ تین باتیں کسی بجٹ میں، کسی اکنامک سسٹم میں نہ ہو، ہم اپنے Goals کی طرف، ہم Objective کی طرف نہیں جا سکتے ہیں۔ پہلی بات جو ہماری اس بجٹ میں جو ہے، Determination of priorities کی Lack ہے، اس میں کمی ہے، وہ اس لحاظ سے کہ اس صوبے کی جو اکائیاں ہیں، ہر ایک اکائی کی اپنی اپنی ضرورت ہے، ہر ایک حلقے کی اپنی اپنی ضرورت ہے، جب میرے عوام کو، میرے حلقے کو، میرے ضلع کو بجلی کی ضرورت ہے اور آپ مجھے ٹیوب ویل دیں گے تو اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ جب مجھے سڑک کی ضرورت ہے، آپ اس کے بدلے میں اے۔ڈی۔پی میں مجھے ڈگ ویلز دیں گے تو اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے، تو اس چیز کا تعین ہونا چاہیے، جو اس بجٹ میں میں محسوس نہیں کرتا ہوں۔ دوسری بات وسائل کی منصفانہ تقسیم، اس لحاظ سے جو Backward areas ہیں، جو Far-flung areas ہیں، غریب اضلاع ہیں، پسماندہ اضلاع ہیں، ایک طرف سنٹرل ڈسٹرکٹس ہیں، جو مرکزی علاقے ہیں، اس بجٹ میں تمام Resources کا رخ مرکزی علاقوں کی طرف ہیں اور جو Backward districts ہیں، Backward areas ہیں، وہ اس میں محروم ہیں، لہذا جب آپ پچھتر فیصد دیہاتی زندگی کو آپ اپنی ترغیب میں شامل نہیں کریں گے تو آپ ڈیویلپمنٹ کے جو Goals ہیں، وہ آپ حاصل نہیں کر سکتے۔ تیسری بات جناب سپیکر، ایک این۔ایف۔سی ایوارڈ میں جو وسائل اس صوبے میں جنگ کے بعد مرکز سے لیے ہیں، بڑا سٹینڈ لیا ہے، میں مبارکباد دیتا ہوں گورنمنٹ کو، اس ہاؤس کے تمام ممبران کو، ہماری

تمام پولیٹکل پارٹیز کو، انہوں نے ایک طویل جنگ کی ہے اور اس مقصد کو حاصل کیا ہے اور اس میں ہمارا ایک ڈیمانڈ ہوتا ہے۔ ہر صوبہ اپنے مفادات کے مطابق مرکز سے Vertical distribution میں پھر Horizontal distribution آپس میں ایک موقف رکھتا ہے جس میں ہمارے صوبے کا شروع سے ایک موقف ہے کہ ہمیں پسماندگی اور غربت کی بنیاد پر وسائل دیں۔ الحمدللہ اس مقصد کو ہم نے پالیا لیکن ایک تیسرا مرحلہ بھی آتا ہے جناب سپیکر، کہ جب صوبے کے پاس وسائل آ گئے تو اب صوبے سے وسائل ڈسٹرکٹ لیول پہ ٹرانسفر کرنا ہے، اس میں ہم اپنے اس مطالبے پر پورا نہیں اترتے ہیں جس مطالبے کی بنیاد پر ہم مرکز سے وسائل لیتے ہیں۔ اگر غربت اور پسماندگی کو آپ بنیاد بنائیں تو صوبے سے جو وسائل ڈسٹرکٹ کے لیول پر جائیں گے، اس میں کوہستان، بٹگرام، شانگلہ جو پسماندہ ہیں، جو غریب ہیں، وہ وسائل کے زیادہ حقدار ہوتے ہیں۔ یہاں پہ ہماری جو صوبے کی ایڈمنسٹریشن ہے، صوبے کی ہماری جو قیادت ہے، یہاں پہ اس مطالبے کی نفی کرتی ہے، جب ہم انہیں لاگو نہیں کرتے اور مرکز سے اس بنیاد پر وسائل مانگتے ہیں تو میرے خیال میں یہ بہت بڑی زیادتی ہے جو ہم اپنے چوبیس اضلاع میں Backwardness پہ غربت پہ اور پسماندگی پر وسائل تقسیم نہیں کرتے ہیں، اگر مرکز سے اس بنیاد پہ وسائل ہم مانگتے ہیں، اس چیز کا میں فقدان محسوس کرتا ہوں۔ جناب سپیکر! جب تک ہم وسائل Generate نہیں کریں گے، ہم صوبے کی معیشت کو مستقل بنیاد پہ کھڑا نہیں کر سکتے ہیں۔ اس حوالے سے بہت اہم بات جو بجٹ سے ہٹ کر میں آپ کی نذر کرنا چاہتا ہوں کہ اس موجودہ وقت میں ایک بہت بڑا پراجیکٹ بھاشا ڈیم جو خوش قسمتی ہے ہمارے اس صوبے کے خیبرے عوام کی کہ وہ ضلع کوہستان میں بن رہا ہے، اس میں ایک بار گلگت بلتستان کی پوری گورنمنٹ نے، ان کی ایڈمنسٹریشن نے، ان کی یہاں تک کہ جوڈیشری نے ایک Campaign شروع کیا ہے ہمارے اس حق پر جو اس صوبے کے عوام کا حق ہے، جو ہماری زمین پر وہ ڈیم بنتا ہے، آٹھ کلو میٹر جو ہمارے کوہستان کی سرزمین اس ڈیم میں آتی ہے، اس پہ انہوں نے ایک مہم شروع کر کے مرکز میں جا کر Pressure develop کیا ہے اور ان کا نو مولود وزیراعلیٰ اس مہم کا وکیل بنا ہوا ہے اور ہمارے حق پر ڈاکہ ڈالنا چاہتا ہے اور ہم خاموش ہیں، اس پہ مجھے افسوس ہے۔ میری ایک گزارش ہو گی کہ سب سے پہلے ہمارے وزیراعلیٰ صاحب، ان کی کابینہ کے ارکان، اس ہاؤس کو اس اہم منصوبے کو لینا ہے، تاریخ ہمیں معاف نہیں کریگی اگر ہم اس میں سستی کریں گے۔ اگر ہمارے حقوق پر وہ لوگ قابض ہو جائیں گے، اگر اس ڈیم کی ملکیتی حقوق، رائلٹی، دوسرے

جو حقوق ہیں، ہمیں نہیں ملیں گے تو یہ ہماری سستی اور غفلت ہو گی جو اس وقت یکطرفہ ہے، ہماری طرف سے کوئی بات نہیں آتی۔ میری تمام ہاؤس سے گزارش ہے کہ اس وقت آپ کے مستقبل کے مفادات میں یہ مفاد سرفہرست ہے، جس طرح تربیلا ڈیم پر اس کی رائلٹی سے آج ہمارا یہ بجٹ ممکن ہے، ہزارہ کے عوام کی اس قربانی سے آج یہ بجٹ ممکن ہے، اسی طرح مستقبل میں یہ بھاشا ڈیم ہمارا مستقبل ہے، لہذا میری پورے ایوان سے گزارش ہو گی کہ اس پہ سٹینڈ لے۔ پریس والوں سے بھی میری گزارش ہو گی کہ ہماری اسمبلی کے موقف کو سامنے لائیں تاکہ یہ پریشر یکطرفہ نہ ہو۔ (تالیاں) جناب سپیکر، میں بڑے اہم پوائنٹ پہ جارہا ہوں۔ جناب سپیکر، میں گزارش کروں گا کہ وفاق سے ہائیڈل جنریشن میں جو ہمیں پرافٹ ملا ہے، جو ہمیں وسائل ملے ہیں، اس میں آپ شامل کریں کوہستان کے وہ سائٹس جو Most feasible declare ہوئے ہیں، ان کو اس میں شامل کرلیں، ہم صوبے کیلئے پانی سے بجلی بناکر دیں گے، ہم صوبے کیلئے قربانی دیں گے۔ یہ میں نے پہلے بجٹ میں بھی عرض کیا تھا جناب بشیر بلور صاحب، کہ ہم کوہستان کے عوام ایک تاریخی کردار ادا کرنے والے ہیں، بے شک ہم غریب ہیں، اس بجٹ میں دیکھتا ہوں تو کوہستان کیلئے کوئی حصہ نہیں ہے لیکن ہمیں مایوسی نہیں ہے، اللہ رب العالمین نے جب ہمیں پیدا کیا ہے، جب ہمیں وطن دیا ہے تو ہمارے لئے وسائل کے اسباب بھی پیدا کیے ہیں، البتہ یہ ایک فراخدلی ہوتی آپ کی کہ ہماری گورنمنٹ کے ساتھی بھی آپ کے ساتھ ہیں، دوسرے ساتھی بھی آپ سے تعاون کرتے ہیں، تو آپ اگر کوہستان کے عوام کو ایک پراجیکٹ دیتے تو کم از کم اس کا اچھے الفاظ میں ذکر کرتے لیکن اس بجٹ میں ذکر نہیں ہے لیکن اس کو میں نہیں لاؤں گا، ہم قربانی دینے کیلئے تیار ہیں، خدارا آپ آئیں کوہستان میں ہم آپ کو بجلی بھی بناکر دیں گے صوبے کو ہم ایسے قدرتی معدنیات کا مائن دیں گے اور میرے خیال میں اگر اس پہ ہم خاطر خواہ کام کریں تو اس صوبے کے پورے بجٹ کو ہم بناکر دے سکتے ہیں۔ ہم آپ کو وہ ٹمبر دیں گے، وہ جنگلات دیں گے جو شاید کسی ملک میں نہیں ہیں، جو کسی ضلع کے پاس نہیں ہیں، لہذا میری گزارش یہ ہو گی کہ مستقبل کی پلاننگ میں میری ان تجاویز کو شامل کریں اور میری ان گزارشات پر غور کرلیں۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔ (تالیاں)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر! نماز کا وقت ہوا ہے۔ جناب سپیکر! نماز پڑھتے ہیں، نماز کے بعد کاروائی شروع کریں گے؟ (شور)

جناب سپیکر: ستا سو خوبنه د ه چه څنگه تا سو وایئ (شور)

جناب سپیکر: نماز کیلئے دس منٹ کا وقفہ کیا جاتا ہے۔

(اس مرحلہ پر مغرب کی نماز کیلئے ایوان کی کارروائی دس منٹ تک کیلئے ملتوی ہو گئی)

جناب سپیکر: بسم اللّٰه الرحمن لرحیم۔ جی هدایت اللّٰه خان صاحب، د حکومت د طرف نه چه کوم څه پوائنټس دی نو جی بسم اللّٰه، صرف لائیوسټاک، نور څه نه جی۔

جناب ہدایت اللہ خان(وزیر برائے تحفظ حیوانات): بسم اللّٰه الرحمن لرحیم۔ محترم جناب سپیکر صاحب، ډیره زیاته مهربانی او شکریه۔ د حکومت د طرف نه خو زمونږ مشر شته دے جی، هغه به خبره کوی خو دلته یو څو خبرے داسے اوشوے چه هغه زما د ډیپارټمنټ سره تعلق ساتی او بله دا ده چه مونږه دا یو عرض کوؤ چه هر یو ممبر زمونږ په خپل ځائے باندے په ایوان کښ محترم دے زمونږ د پاره خو کم از کم داسے الفاظ بیا خصوصاً د سپیکر صاحب په باره کښے استعمالول نو دا د ټول ایوان توهین دے نو مونږ دا وایو چه مهربانی د اوکړی په خپلو جذباتو باندے د قابو اوکړی او بیا داسے سپیکر صاحب دا مونږ له چه خدائے پاک کوم راکړے دے، په دے زۀ څه وئیلے نه شمه خو بهرحال دا ټولو ته معلومه ده او داسے خبره چه همیشه د پاره هغه په دیکښے فرق نه دے ساتلے چه حزب اقتدار دے او دا حزب اختلاف دے او د دے باوجود هر سړی له ئے ښه صحیح ټائم ورکړے دے، بیا ئے د هر سړی Respect کړے دے، بیا ئے د هغوی نه تپوس کړے دے چه تاسو اجلاس کوئ که نه کوئ چهټی اوکړو، اونکړو، دا راځی، نه راځی، دا ټولے خبرے هغوی د ایوان په صلاح اوپه رضامندئ باندے کوی خو د هغے باوجود هم مونږ د هغه خلاف داسے الفاظ استعمالوؤ نو دا زمونږ د ټول ایوان د پاره توهین دے۔ مونږه دا وایو چه یره دا مهربانی د اوکړی، آئنده د پاره د په خبرو باندے خیال ساتی او زۀ خو دا وایمه چه هغه حبیب جالب صاحب وائی چه

نگاہ بلند سخن دل نواز جاں پر سوز یہی ہے رخت سفر میر کارواں کیلئے

نو زۀ خو وایم چه ستاسو د پاره دا شعر دے او ډیر زبردست په دے وخت باندے دغه کیږی ځکه چه تاسو همیشه د پاره، بله جی دا ده چه د دے نه روستو به زۀ صرف دا دوه خبرے کوم، بجټ په باره کښے ما خو تاسو ته اووئیل چه مشران به

خبرے کوی خو کوآپریٹیو بینک چه سبنکال په دے بجټ کښے راغلے دے نو محترم وزیر خزانه صاحب، زمونږه مشران او وزیر اعلیٰ صاحب ټولو، واقعی د ه چه په دے باندے ډیر غټ وخت تیر شوے دے او دا یو ډیر ښه کار شوے وو چه دوئ په دے بجټ کښے دا واچوؤ، هغه یو سړے جناب سپیکر صاحب، یو کال د یو سړی ښځه مړه وه نو چه څوک به ورسره ملاویدل نو هغه به وئیل چه سبنکال د ښځو بیخ اووتو او بیا ئے چه په بل کال کښے واده کړے وو نو چه څوک به ورسره ملاویدو نو وئیل به یے چه سبنکال زبردست ودونه اوشول، خلقو ډیر ودونه اوکړل نو مونږ وایو چه بجټ خو زبردست بجټ دے چه په دیکښے د خیره سره د کوآپریټو بینک منظوری اوشوه او باقی زما د ډیپارټمنټ باره کښے څه خبرے محترمے اوکړے نو سپیکر صاحب، ستاسو په وساطت دا خبره مونږ کوؤ چه داسے په دے وخت کښے د بجټ په اجلاس کښے د اونو د کټ کولو خو هډو څه ضرورت نه وو خو دا چونکه د هغے یو ذاتی، Personal interest به وو په دے کښے او بله هغے دے ډیپارټمنټ ته ډیر سپک نسبت اوکړو چه *چوبیس لاکھ جانوروں کا علاج کیا ہوتا ہے؟* د چا یوه بیزۀ مړه شی نو هغه ته تکلیف اورسی چه د هغه څومره تاوان اوشو؟ که د چا یوه غوا مړه شی، هغه ته پته لګی چه د هغه څومره تاوان اوشو او که د چا یوه میخه مړه شی نو هغه ته پته اولګی او یا ئے د قلبے غوائی مړ شی چه بیا زمونږ په دیکښے، جی دا خبره یے راته کوله، چه هغه یو سړی خبره کوله، یو غریب سړے وو، د هغه د قلبے غوائی مړ شو، تاسو یقین اوکړئ چه هغه دوه کاله بیا پخپله باندے یو طرف ته ځان تړلے، یو طرف ته غوائے تړلے وو او قلبه به ئے راخکله، داسے خلق هم شته دے خو بهرحال زۀ دا وایمه چه چونکه زمونږ د محترمے شوهر ډی۔جی پاتے شوے دے، دے ډیپارټمنټ پینتیس سال هغه نوکری کړے ده، هغه پینتیس سال نوکری کړے ده په دے ډیپارټمنټ کښے خو دا چونکه هغے ته څکه پته نه لګی د دے ډیپارټمنټ اهمیت۔۔۔۔

<u>*محترمہ سعیدہ بتول ناصر:*</u> *جناب سپیکر۔۔۔۔*

<u>*وزیر برائے تحفظ حیوانات:*</u> لږ کښینه، لږ کښینه، لږ کښینه۔

<u>*محترمہ سعیدہ بتول ناصر:*</u> *یہ کس قسم کی باتیں کر رہے ہیں؟۔۔۔*

جناب سپیکر: بی بی، آپ Interruption نہ کریں۔ آپ Interruption نہ کریں۔

وزیر برائے تحفظ حیوانات: تھوڑا سا آپ میری بات سنیں، پھر بعد میں جواب دے دیں۔ د دے دغه خاوند چه دے جی، دا دے ډیپارټمنټ کښے ډی۔جی پاتے شوے دے، پینتیس سال هغه نوکری کړے ده په دے ډیپارټمنټ کښے او د هغے چونکه دے ته پته څکه نشته۔۔۔۔

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: جناب سپیکر، یہ کیا کہہ رہے ہیں؟

وزیر برائے تحفظ حیوانات: ته لږه صبر اوکړه، خبره واوره۔۔۔۔ (قہقہے)

جناب سپیکر: بی بی، آپ بیٹھ جائیں۔ آپ بیٹھ جائیں، پلیز۔

وزیر برائے تحفظ حیوانات: پینتیس سال جی هغه په دے ډیپارټمنټ کښے نوکری کړے ده او د لاندے لیول نه رارسیدلے دے او ډی۔جی ته رسیدلے دے، ډی۔جی ته رسیدلے دے۔ اوس محترمے ته څکه پته نشته د دے ډیپارټمنټ چه دا دویمه خبره هغه اوله ښځه چه کومه وه، هغے ته پته وه چه دا تقریباً درے کاله کیږی چه راغلے ده، دے ته پته نشته نو په دے وجه باندے دے ته د دے ډیپارټمنټ اهمیت پته نشته څکه دا خبره دا کوی۔ پاتے شوه زمونږه۔۔۔۔

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: جناب سپیکر۔۔۔۔

وزیر برائے تحفظ حیوانات: مجھے اس کے اوپر بہت افسوس ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: دیخوا خبرے کوی، هغه پریږدئ جی۔

وزیر برائے تحفظ حیوانات: محترم جناب سپیکر صاحب، مجھے اس کے اوپر بہت افسوس ہے کہ اس نے لائیو سٹاک کے بارے میں چونکہ اس کے شوہر نے زندگی کے قیمتی پینتیس سال اس محکمے میں گزارے ہیں اور ابھی چونکہ وہ ریٹائرڈ ہو گیا۔ پچھلے دو تین بجٹ ہمارے آ گئے، اس میں پچھلے بجٹ میں ان کو خیال نہیں آیا، دوسرے میں خیال میں نہیں آیا اور تیسرے بجٹ میں اسلئے خیال آیا کہ اس کے شوہر کو Extension نہیں ملی اور وہ ان کا حق نہیں تھا، اسلئے ہم نے نہیں دیا اور نہ چیف منسٹر دے سکتے ہیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: چلیں، تھینک یو جی۔

وزیر برائے تحفظ حیوانات: تو مہربانی کر کے یہ اپنے طریقے سے لائیو سٹاک کے بارے میں کوئی کوئسچن لائیں اسمبلی کے فلور پہ، اس کا ہم جواب دیں گے انشاء اللہ۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

وزیر برائے تحفظ حیوانات: بہت بہت مہربانی۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ شازی خان صاحب، آنریبل منسٹر فار فوڈ۔ شازی خان صاحب، شجاع خان صاحب کا مائیک۔ جی بسم اللہ۔

جناب شجاع خان (وزیر خوراک): شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔یہاں پہ جو دو تین پوائنٹس سامنے آئے تھے تو صرف ان کی Clarification ضروری تھی۔ ایک تو جناب عبدالاکبر خان صاحب نے ایک بات رکھی تھی کہ چھتر ارب، ستانوے کروڑ اور کوئی بیس لاکھ روپے جو سٹیٹ ٹریڈنگ کیلئے ہوتے ہیں، یہ بجٹ میں کیوں شامل کیے جاتے ہیں تو یہ صرف بجٹ کا حجم بڑھانے کیلئے اس کو شامل کیا جاتا ہے۔ جناب سپیکر، یہ فوڈ ڈیپارٹمنٹ اس صوبے کا ایک محکمہ ہے، یہ کوئی ٹریڈنگ کمپنی نہیں ہے۔ ہم گندم کی خریداری کیلئے جو پیسے بینک سے لون لیتے ہیں تو اس سے گندم کی خریداری کرتے ہیں اور پھر فلور ملز کو جب بیچ دیتے ہیں تو وہ پیسے دوبارہ بینک کو واپس کر دیتے ہیں۔ اب وہی پیسے جو ہم گندم کی خریداری کیلئے بینک سے لون لیتے ہیں، اس کی اجازت اس ہاؤس سے لینا ضروری ہے۔ چونکہ یہ کوئی ٹریڈنگ کمپنی تو نہیں ہے کہ اس کو اس کی اجازت۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ذرا تیز بولیں تاکہ میڈیا کے دوست سن سکیں جی۔

وزیر خوراک: اور پھر انہوں نے ایک بات اس میں رکھی تھی کہ آمدنی جو ہے، یہ آمدنی سے پہلے خرچ شو کیا جاتا ہے، پہلے آمدن ہوتی ہے۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں/قہقہے)

جناب سپیکر: جی سیریس ہو جائیں۔ جی بسم اللہ جی۔

وزیر خوراک: تو پہلے انہوں نے ایک دوسری بات یہ رکھی تھی کہ آمدنی سے پہلے خرچ شو کیا جاتا ہے، تو جناب سپیکر، پہلے فوڈ ڈیپارٹمنٹ گندم کی خریداری کیلئے بینک سے پیسے لیتا ہے اور اس کے بعد اس کو بیچتا ہے اور پھر وہ اس سے پیسے ریکور کرتا ہے، تب اس کو آمدنی ہوتی ہے۔ آمدنی اس کی تب ہوتی ہے، جب وہ گندم بیچ کے اور اس کو پیسے واپس ملتے ہیں، تو اسلئے خرچ پہلے شو کیا جاتا ہے، اس کی آمدن بعد میں شو کی جاتی ہے۔ اسی طرح جناب سردار شمعون صاحب کا یہ خیال تھا کہ یہ پیسے دو جگہ Reflect ہوئے ہیں کہ ایک جگہ دو ارب، پچاس کروڑ روپے اور دوسری جگہ چھتر ارب تو یہ چھتر ارب صرف ٹریڈنگ کیلئے ہیں اور

دو ارب اور جو پچاس کروڑ روپے ہیں، وہ سبسڈی کی مد میں دیئے جاتے ہیں۔ جناب مفتی کفایت اللہ صاحب نے کہا کہ میں جب پنڈی سے گزرتا ہوں تو دو روپے کی روٹی ہوتی ہے اور جب مانسہرہ پہنچتا ہوں تو وہاں مہنگی روٹی ہوتی ہے۔ جناب سپیکر، پنجاب کے جو حالات ہیں، لاہور میں جو گندم پیدا ہوتی ہے، لاہور کی فلور مل کو دی جاتی ہے، گجرانوالہ میں گندم پیدا ہوئی، گجرانوالہ میں اس کو پیس لیا، ہم تو اسے کراچی سے اور گوادر سے اٹھاتے ہیں اور پھر چترال اور کوہستان پہنچاتے ہیں، اس پہ جو اخراجات ہمارے آتے ہیں، کوئی پانچ ہزار روپے فی ٹن خرچہ آتا ہے یعنی یہ صوبہ اگر ان حالات میں ہوتا جس طرح پنجاب ہے تو ہم روپے کی بجائے مفت روٹی دیتے یعنی یہ پیسے بھی میں آپ کو مفت روٹی ملتی (تالیاں) لیکن اس پہ جو اخراجات ہمیں آتے ہیں، اس کے علاوہ جی پچھلے سال کوشش کی گئی جس طرح میاںخیل صاحب نے کہا کہ گندم کی خریداری شروع ہوئی اور اس میں In time نہیں شروع ہوئی، ضرور اس میں کچھ غلطیاں ہوں گی، ہم نے یہ کام پچھلے سال شروع کیا۔ پچھلے سال صوبے کی تاریخ میں پہلی دفعہ ایک لاکھ ٹن گندم خریدی گئی اور اس سے حکومت کو پچاس کروڑ روپے کی بچت ہوئی۔ اس سال اس ٹارگٹ کو تین لاکھ ٹن تک لایا گیا۔ ابھی تک دو لاکھ ٹن خرید لی گئی ہے اور ایک لاکھ ٹن گندم کی خریداری جاری ہے جس سے تقریباً ڈیڑھ ارب روپے کی جو آپ ڈھائی ارب روپے سبسڈی کی مد میں رکھتے ہیں، ان میں سے کی سیونگ ہو گی جو ان قرضہ جات کو دینے کیلئے جسے پہلے ٹی۔ سی۔ پی کے اس صوبے میں خرچ کی جاتی تھی۔ شکریہ جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر</u>: جناب بشیر احمد خان صاحب، سینیئر منسٹر صاحب۔

<u>جناب بشیر احمد بلور</u>: سپیکر صاحب، آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا۔ میں اسلئے اردو میں بول رہا ہوں کہ کچھ میری بہن نے بھی باتیں کی ہیں، ایک تو زمین خان، بدقسمتی ہماری یہ ہے جی کہ آپ باتیں خود کر کے چلے جاتے ہیں اور پھر سنتے نہیں ہیں کہ انہوں نے جو کوسچن کیا ہے، اس کا جواب ہم کس کے کانوں کو سنائیں؟ پریس والوں سے ریکوسٹ کرتے ہیں کہ وہ جواب انہیں پہنچائیں۔ اب زمین خان نے یہاں کہا کہ میرے حلقے میں زخمیوں کو ڈیڑھ سال ہو گیا ہے کہ پیسے نہیں ملے، شہیدوں کو پیسے نہیں ملے، میں دعوے سے کہتا ہوں، فلور آف دی ہاؤس پہ کہتا ہوں کہ جو بھی کلیئر ہوئے ہیں، سب کو پیسے ملے ہیں اور کوئی بھی اس وقت صوبے میں ایسی جگہ نہیں ہے کہ جہاں کوئی شہید ہوا ہو اور اس کو پیسے نہ ملے ہوں۔ اور میں یہ بھی ساتھ کہتا ہوں کہ دیر کے چار بندوں کو تو دس دس لاکھ روپے ہم نے دیئے ہیں، چار بندوں

کو، جن میں ڈسٹرکٹ ناظم کو دس لاکھ، قاضی حبیب الرحمن کو دس لاکھ، غلام حاجی صاحب کو دس لاکھ اور چوتھے آدمی کا نام میرے پاس نہیں آیا۔ چار آدمیوں کو ہم نے دس دس لاکھ بھی دیئے ہیں اور اس کے باوجود یہ کہتے ہیں جی ڈیڑھ سال ہو گیا پیسے، نہیں ملے ہیں۔ میں نے فلور آف دی ہاؤس پہ ان سے وعدہ کیا تھا کہ انشاء اللہ ہم دس دن کے اندر پیسے لوگوں کو دیں گے۔ چونکہ پہلے پروسیجر یہ تھا کہ وہ جاتا تھا چیف منسٹر صاحب کے پاس اور چیف منسٹر صاحب سے واپس لاتے تھے، ہم نے اس دفعہ اس طرح کیا ہے کہ جہاں بھی خدانخواستہ ایسا واقعہ ہوتا ہے تو ہم ڈائریکٹ پیسے کمیشنر کو دے دیتے ہیں اور وہ موقع پہ ان کو دیتے ہیں، ایک تکلیف ضرور ہوتی ہے کہ ٹیکنیکل پرابلم ہو جاتے ہیں۔ اگر ایک بندے کے چار بچے ہیں، تو ایک کہتا ہے کہ مجھے دیں، دوسرا کہتا ہے کہ مجھے دیں، دوسرا کہتا ہے مجھے دیں، تو اس وجہ سے پرابلم ہوتی ہے کہ وہ ڈیتھ سرٹیفکیٹ لائیں اور وہ ایک آدمی ہو، اس کے نام پہ ہم چیک دیں تو میں فلور آف دی ہاؤس پہ پھر یہ کہتا ہوں کہ کوئی ایسا Due ہماری گورنمنٹ پہ نہیں ہے جو ہم نے نہ دیا ہو۔ دوسری بات میرے مروت صاحب نے شاہ حسن خیل کے بارے میں کی تو وزیراعلیٰ صاحب وہاں گئے تھے اور انہوں نے اعلان کیا تھا کہ ہم ماڈل ویلج بنائیں گے اور وہاں کیلئے Ongoing سکیمیں لکھ دی ہیں تو میں ان سے یہ پوچھتا ہوں، وہ موجود نہیں ہیں، آپ کی وساطت سے کہ شاہ حسن خیل میں جس وقت بلاسٹ ہوا تو ایک ہفتے کے اندر چیف منسٹر کی قیادت میں ہم سارے لوگ وہاں پہنچے، میں پوچھتا ہوں کہ جب ہنگو میں واقعہ ہوا تھا تو اس وقت پانچ سال حکومت کو ہو گئے تھے، کوئی منسٹر، وزیراعلیٰ صاحب وہاں ہنگو نہیں گئے تھے اور ہم ایک ہفتے میں گئے ہیں اور وہاں وزیراعلیٰ صاحب نے اعلان کیا تھا کہ انشاء اللہ اس کو ہم ماڈل ویلج بنائیں گے اور اس کیلئے کام وہاں شروع ہے تو اسلئے وہاں ہم ان کو Ongoing سکیموں میں اس کو رکھا گیا ہے، اب Ongoing سکیمیں نہیں رکھیں گے تو کس میں رکھیں گے؟ ہم نے Ongoing سکیم میں کر کے اس کو Full funding کیا ہے تاکہ وہاں جو حالات ہیں، جو وعدہ کیا تھا، ہم وہ پورا کریں۔ پتہ نہیں انہوں نے کیوں، کیسے، ان کو تکلیف ہے کہ وہ Ongoing میں کیوں آ گئی ہیں؟ اگر ایک پراجیکٹ شروع ہوتا ہے تو وہ تو Automatically ongoing میں ہی جائے گا نا، کہاں سے آئے گا؟ ایک ان کو یہ ریکوسٹ تھی آپ کی وساطت سے، انہوں نے جو فرمایا ہے، دوسرا انہوں نے بہت بڑی باتیں کی ہیں جی کہ میرے حلقوں میں پیسے نہیں ہیں اور ہماری سڑکیں بڑی خراب ہیں، پانچ سال تک ایم۔اے کی حکومت رہی ہیں، ان کی حکومت پانچ سال رہی ہے، جنوبی اضلاع میں تو آپ کو چاہئے تھا کہ یہاں پہ تو کوئی تکلیف ہی نہ

ہوتی تو یہ اس وقت کیوں نہیں بولتے تھے کہ بھئی ہماری فلاں جگہ پہ سڑک نہیں ہے اور فلاں جگہ پہ سڑک نہیں ہے اور جب ہماری حکومت ہے تو ان کو ساری باتیں یاد آ گئی ہیں کہ مردان میں یہ ہو رہا ہے، پشاور میں یہ ہو رہا ہے، چارسدہ میں یہ ہو رہا ہے؟ میرے پاس اب ریکارڈ، جب ہم اپوزیشن میں تھے تو میرے پاس ریکارڈ تھا کہ بنوں میں اور دیر میں کیا کچھ ہوا ہے، وہ اب ریکارڈ میرے پاس نہیں ہے جو میں آپ کو بتاؤں تو جناب، یہ اپنے سکندر خان شیرپاؤ گواہ ہیں اس بات کے، ہماری بہن ثمین صاحبہ نے فرمایا ہے کہ جی ضمنی بجٹ پیش کرتے ہیں، افسوس کی بات یہ ہے کہ پہلے بھی یہ پارلیمنٹ میں میرے خیال میں رہی ہیں، یہ شیرپاؤ خان دو دفعہ یہاں پہ وزیراعلیٰ رہے، میں پوچھتا ہوں آیا انہوں نے ضمنی بجٹ پیش نہیں کیا تھا؟ ضمنی بجٹ دنیا میں ہر جگہ پیش ہوتا ہے اور اس کو یہ تکلیف، ان کو Criticism ضروری تھا جی کہ انہوں نے ضمنی بجٹ کیوں پیش کیا ہے؟ یہ تخمینہ ہوتا ہے، یہ اندازہ لگایا جاتا ہے جس وقت پیسے کم آئیں، اس وقت Automatically اس کو پھر ضمنی بجٹ میں پاس کیا جاتا ہے۔ زیادہ ہوں تب بھی ضمنی بجٹ میں بات ہوتی ہے تو یہ قاعدہ قانون ہے، اس میں کوئی نئی بات ہم نے نہیں کی ہے۔ یہ تکلیف ٹھیک ہے میرے بھائیوں نے جو بات کی ہے کہ ہمیں Confidence میں نہیں لیا گیا، یہ ایم۔ایم۔اے نے پانچ سال یہاں حکومت کی ہے، میں پوچھتا ہوں کہ کس کو Confidence میں لیا گیا ہے؟ یہ میرے اپوزیشن کے اس وقت کے دوست بیٹھے ہوئے ہیں، ان سے پوچھیں کہ کبھی کسی نے پوچھا؟ ہمیں تو یہ امبریلا سسٹم انہوں نے سکھایا ہے ورنہ پہلے اس صوبے میں امبریلا سسٹم کبھی بھی نہیں تھا، ہمیشہ یہ جو سکیمیں ہوتی تھیں، وہ ڈائریکٹ علاقوں کیلئے تھیں اور پی۔ایف کے نام پہ ہوتی تھیں، یہ امبریلا انہوں نے سکھایا، پانچ سال انہوں نے حکومت کی ہے، اس وقت تو ان کو تکلیف کا پتہ نہیں تھا کہ یہ ہوگا۔ تو دوسرا جو انہوں نے یہ فرمایا کہ ہمیں Confidence میں نہیں لیا جاتا، میں فلور آف دی ہاؤس پہ معافی چاہتا ہوں، چاہیئے یہ تھا کہ ہر ڈویژن کے ایم۔پی۔ایز کو ان کی حکومت سے پہلے دو تین دفعہ جب میں پہلے بھی رہا ہوں تو ہم ہر ڈویژن کے ایم۔پی۔ایز کو بلا لیتے تھے اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری صاحب بیٹھ کر ان سے سکیمیں لے لیتے تھے اور جو ہمارے بس میں ہوتی تھیں، ہمارے Impact میں ہوتی تھیں، جو ہمارے فنانس کے حساب سے ہم یہ سکیمیں Priority پہ ان سے لے لیتے تھے اور ہم ان کو دیتے تھے، انشاء اللہ Next year ہم اسی طرح کریں گے، میں فلور آف دی ہاؤس پہ یہ Commitment کرتا ہوں۔ (تالیاں)

میری بہن نے، افسوس یہ ہے کہ اب میں کچھ کہہ نہیں سکتا، فرمایا کہ 'غفار خان'، 'غفار خان' ایک اتنے

بڑے لیڈر ہیں،ان کا نام بھی کم از کم ذرا طریقے سے لیا جاتا۔ ہم ان کو 'باچا خان' باعزت طریقے سے کہتے ہیں کہ وہ ہمارے برصغیر کے بہت بڑے لیڈر ہیں۔آج یہ پاکستان میں جو ہم بیٹھے ہیں، جو ہم کہتے ہیں کہ ہم آزاد ہیں، میں دعوے سے کہتا ہوں کہ اگر باچا خان یہ جدو جہد نہ کرتے تو آج انگریز اس ملک میں اس وقت بھی ہوتے، وہ جنگ آزادی کے ہیرو ہیں اور ان کو یہ کہتی ہیں کہ غفار خان، عبدالغفار خان، انہیں Respect کرنا چاہیئے، بڑوں کی کم از کم اور وہ اتنے بڑے سیاسی لیڈر ہیں اور وہ اتنی بڑی سیاسی ہستی ہیں اور ان کا طریقے سے نام لینا بھی ناجائز اور پھر یہ کہتی ہیں کہ فخر پاکستان کیوں نہیں ان کو کہا گیا؟ آپ کو یہ علم نہیں ہے کہ جتنے بھی پختون ہیں، سارے افغان ہیں۔ یہ آپ تاریخ ذرا دیکھیں، جتنے بھی پختون ہیں، وہ سارے افغان ہیں، اسلئے وہ فخر افغان ہیں۔ جو سارے پختون ہیں، وہ افغان ہیں اور سارے افغان پختون نہیں ہیں، ازبک بھی ہیں، ان میں دوسرے لوگ بھی ہیں اور یہ پختون سارے افغان ہیں۔اسلئے انہیں فخر افغان کہتے ہیں کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ وہ ہمارے پختونوں کے بہت بڑے لیڈر ہیں اور انہوں نے جو ایک لوگوں کو نظریہ دیا 'عدم تشدد' کا چونکہ پختون قوم بات بات پہ ایک دوسرے کے سامنے بندوقیں لے کر کھڑے ہوتے تھے، اس وقت جس وقت لوگ سمجھتے بھی نہیں تھے تو انہوں نے اس وقت عدم تشدد کی بات کی تھی اور آج خدا کے فضل سے ساری دنیا عدم تشدد کی بات کر رہی ہے، اسلئے میں کہتا ہوں، ذرا تاریخ پڑھ کر آپ اتنے بڑے لیڈروں کے بارے میں اظہار خیال کیا کریں۔آپ نے کہا کہ سو ملین روپے کا فراڈ ہوا ہے اور ہم سیکرٹری کے پاس فائل لے کر گئے ہیں، انہوں نے نہیں مانا، مجھے دیں جس نے فراڈ کیا ہے، انشاء اللہ اس اسمبلی کے سامنے اس کے ساتھ حساب کتاب کریں گے۔ یہ کونسی بات ہے کہ اتنا بڑا فراڈ ہو اور آپ دیں گی اور سیکرٹری کون ہوتا ہے جو اس کو فائل کرے گا؟ آپ مجھے دیں اور ایک ایک پیسے کا حساب کر کے ہم ان کو دیں گے۔ خدا کے فضل سے ہم فخر سے کہتے ہیں کہ یہ جو آپ نے ٹرانسپرنسی کی بات کی، انٹرنیشنل ٹرانسپرنسی، وہ میاں صاحب نے کل پوری ڈیٹیل سے بتایا ہے کہ وہ کیوں ہوئی ہے اور کس طرح ہوئی ہے؟ بدقسمتی سے یہ لوگ نہیں سمجھ سکتے کہ یہ کیوں ایسا ہوا ہے؟ پچھلے دس سالوں میں کتنی دفعہ انہوں نے یہ رپورٹ شائع کی ہے، یہ آج کیوں اس وقت رپورٹ شائع کر رہے ہیں؟ اس وقت شائع کر رہے ہیں کیونکہ ہمارے حالات اس وقت خدا کے فضل سے ایسے ہیں کہ میں دعویٰ سے کہتا ہوں، فلور آف دی ہاؤس پہ کہتا ہوں کہ امریکہ نے پینتیس کروڑ ڈالر ہمارے ساتھ ایم۔او۔یو پر سائن کئے ہیں ایمبیسڈر نے اور اس کے پانچ بلین ڈالر ہمیں آ بھی گئے ہیں، پانچ بلین ڈالر آ بھی گئے ہیں اور اس دن، ایک مہینہ پہلے

برطانیہ کے سٹیٹ منسٹر آئے تھے اور انہوں نے ہمیں کہا کہ ہم ترپن سٹیل پل آپ کو دیں گے، یہ 53 steel bridges آپ کو دیں گے، ملاکنڈ میں آپ کو ضرورت ہو گی اور ساتھ تین ملین پاونڈز کہا ہے کہ ہم آپ کو ایجوکیشن کیلئے دیں گے، تو خدا کے فضل سے فارن کنٹریز جو ہیں، وہ ہم لوگوں پر اعتماد کرتے ہیں، ہماری حکومت پر اعتماد کر رہے ہیں تو لوگوں کے دلوں میں تکلیف ہے کہ یہ کیوں پیسہ ان لوگوں کو مل رہا ہے، یہ کیوں صوبہ پختونخوا ترقی کرے، یہ کیوں صوبہ پختونخوا میں جو تکلیفات ہیں، وہ دور ہوں؟ تو اس کیلئے وہ کراچی میں بیٹھ کر ایک آدمی نے ایسی بات کر دی، وہ اس کو خدا کا حرف سمجھ رہے ہیں، قران کا حرف سمجھ رہے ہیں مگر جو موقع پر ہم کر رہے ہیں، اس کو یہ نہیں سمجھتے۔ دعویٰ سے کہتے ہیں کہ یہاں پر پچیس لاکھ جو ہمارے آئی ڈی پیز آئے تھے، ان کے ایک ایک پیسے کا حساب انٹرنیٹ پر موجود ہے، آپ جاکر دیکھیں، اگر اس میں کسی جگہ پر خرید و فروخت میں ایک ٹیڈی پیسے کا فرق ہو تو ہم جواب دہ ہیں آپ کے ہاوس میں بھی، قوم کو بھی جوابدہ ہیں اور خدا کو بھی جواب دہ ہیں تو ایسی باتوں کو اس طریقے سے نہ لیں جیسے کہ ہمارے کچھ لوگ انکے پاس بیٹھتے ہیں کہ جی پاکستان کے فلاں کرپٹ ہیں اور فلاں کرپٹ ہیں۔ تکلیف یہ ہے کہ باہر سے پیسے نہ آئیں تو جب باہر سے پیسے نہیں آئیں گے تو یہ ترقی کہاں سے ہو گی؟ یہ سوات کی بات کرتے ہیں، سوات میں چھیاسی بلین روپے کا ہم نے Estimate لگایا ہے، ان میں دو بلین روپے ہمیں مرکزی حکومت نے دیئے ہیں، ساڑھے چار ارب روپے کی امریکہ نے ہمارے ساتھ کمٹمنٹ کی ہے، ساڑھے چھ ارب روپے جو ہم دیں گے، وہ جن لوگوں کے گھر جو ٹوٹے ہیں، اس کیلئے ہم دیں گے اور ہمارے لئے فیڈرل گورنمنٹ نے اپنے بجٹ میں پچیس بلین روپے رکھے ہیں جو ہم سوات میں دیں گے تو چاہیئے یہ تھا کہ یہ Appreciate کرتے۔ ہم لوگ چھبیس لاکھ لوگوں کو لے کر یہاں آئے (تالیاں) چھبیس لاکھ لوگوں کو ہم نے یہاں رکھا باعزت طریقے سے۔ یہاں جو کیمپوں میں تھے، وہ صرف 20% لوگ تھے اور 80% لوگ جو تھے، ان کیلئے ہمارے چارسدہ، مردان، صوابی، پشاور اور نوشہرہ کے مکینوں نے اپنے گھر کے دروازے تو کیا، دل کے دروازے بھی کھول دیئے تھے اور لوگوں کو باعزت رکھا، کہتے تھے لوگ کہ یہ اے این پی اور پیپلز پارٹی کی حکومت دلدل میں پھنس گئی ہے، یہ اب نہیں نکل سکیں گے، یہ لوگ کیسے جائیں گے؟ اور پھر خدا کے فضل سے ہم نے ان کو باعزت طور پر واپس بھیجا اور آج آپ جاکر دیکھیں سوات میں، وہاں جہاں پر کوڑے لگتے تھے، جہاں پر بچوں کو کوڑوں سے مارا جاتا تھا، جہاں پر لوگوں کے ہاتھ کاٹے جاتے تھے اور وہاں پر لوگوں کو ذبح کیا جاتا تھا، آج جاکر دیکھیں خدا کے فضل سے

امن وامان وہاں موجود ہے اور یہ پاکستان کی تاریخ کیا، دنیا کی تاریخ میں پہلا موقع ہے کہ اتنی جلدی احسن طریقے سے خدا کے فضل سے ہم نے ان کو اپنی جگہ پر پہنچایا (تالیاں) اور پھر Appreciate کرنے کی بجائے الٹا Criticism کرتے ہیں، افسوس کی بات ہے۔ سپیکر صاحب! یہاں پر ہمارے لیڈر آف دی اپوزیشن صاحب نے فرمایا کہ جی میں نے یہاں پر ایک پل کا افتتاح کیا تھا اور وہ پل بنا نہیں اور خیر ہے نام بدلنے سے، میں پوچھتا ہوں ان سے کہ مجھے بتائیں کہ اس کا PC-1 کدھر ہے؟ مجھے بتائیں اس کیلئے کوئی ایک پیسہ بھی کہیں بجٹ میں رکھا تھا؟ کوئی لیٹر بتائیں کہ اس کیلئے ایک پیسہ بھی کہیں اپنے صوابدیدی فنڈ سے آپ نے مختص کیا ہو، کچھ بھی نہیں ہے۔ آج ہم نے گیارہ انڈر پاسز اور اوور ہیڈ بریجز کی بات کی ہے تو کل جو بھی بنائیں گے تو کیا میں کہونگا کہ میں نے کیا تھا؟ جو ہم بنائیں گے، وہ ہم کہیں گے، جو ہم نہیں بنائیں گے، ہم کیسے؟ جو کتاب میں ایک چیز آجائے اور ساری عمر کیلئے اس پر لگی رہے گی کہ میں نے کیا تھا؟ آپ نے افتتاح کیا تھا تو کیا ایک پیسہ بھی اس کیلئے رکھا تھا؟ پانچ سال آپ نے یہاں حکومت کی ہے، پشاور کیلئے آپ نے کیا کیا؟ سپیکر صاحب، بات کرنا بڑا آسان ہوتا ہے مگر جب آپ کریں تو اس وقت پتہ چلتا ہے کہ ہم نے کیا کیا ہے۔ سپیکر صاحب، میں فخر سے کہتا ہوں این ایف سی ایوارڈ، یہ وہی ایم ایم اے کی حکومت تھی جنہوں نے جاکر ایک مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کو اختیار دے دیا، ہمارے چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ صاحبان نے ایڈمنسٹریٹر کو، ایک مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کو اختیار دیا کہ آپ ہمارا فیصلہ کریں۔ ان میں اتنی سیاسی صلاحیت نہیں تھی کہ بیٹھ کر خود فیصلہ کرتے۔ انہوں نے جو فیصلہ کیا اور پھر اس نے جو فیصلہ کیا، اس نے کیا 2006-07 میں %41.5، 2007-08 میں %42.5، 2008-09 میں %42.75، 2009-10 میں %45 اور یہ جو 2010-11 کا سال ہمارا آئے گا، اس میں انہوں نے %46 کا کیا تھا، میں فخر سے کہتا ہوں، میں مشکور ہوں فیڈرل گورنمنٹ کا بھی کہ انہوں نے ہمارے ساتھ جب این ایف سی ایوارڈ دیا تو اس میں انہوں نے %56 فیڈرل گورنمنٹ کا حصہ جو ہے، وہ سارے صوبوں میں بانٹا گیا Above %10، (تالیاں) یہ نہیں کہتے کہ یہ Above %10 ہم لے کر آئے خدا کے فضل سے پاکستان کی فیڈرل گورنمنٹ سے اور پھر اگلے سال انشاء اللہ %51، %50 انشاء اللہ اگلے سال ہوگا۔ میں یہ عرض کروں سپیکر صاحب، پہلے یہ این ایف سی ایوارڈ صرف پاپولیشن کی بنیاد پر ہوتا تھا، آج این ایف سی ایوارڈ کیلئے ہم نے شور مچایا کہ غربت اور پسماندگی کو بھی بیچ میں رکھیں کیونکہ غربت اور پسماندگی کی بنیاد پر بھی ہمارا ایک حق بنتا ہے کہ ہمیں ملے۔ ہم نے یہ بھی کہا کہ چونکہ بلوچستان کا

ایریابڑاہے تواس کابھی حق بنتاہے کہ اس کو بھی ملے۔ ہم نے یہ بھی کہاہے کہ جس نے ریونیوز یادہ کیاہو،اس کو بھی کچھ ملے تو ہم نے آکر سب حساب جو کیاتو پاپولیشن پر 82% ہوا، غربت پر 10.30% ہوا، ریونیو پر 5% اور ایریا پر 2.70% اور 82 ہم نے پاپولیشن کیلئے کیا، پہلے ساری پاپولیشن کی بنیاد پر ہوتا تھا۔ سپیکر صاحب، یہ بھی ذرا کہیں کہ ہماری اس حکومت نے یہ بھی کیا۔ سپیکر صاحب،انہوں نے فرمایا کہ 110 بلین روپے ہم نے کیا،اس وقت یہ نہیں مان رہے تھے،اب یہ مانے ہیں، میں نے اس وقت بھی فلور آف دی ہاؤس پر کہا تھا، میرے بھائی بیٹھے ہیں، میں نے کہا تھا کہ یہ کسی کے باپ کی جاگیر نہیں ہے، یہ ہمارے صوبے کاایک ہی انکم کاذریعہ ہے مگر اب خدانے مہربانی کی ہے اور ہمیں گیس اور تیل بھی مل گیاہے،اس کا بھی میں بعد میں جواب دونگاان کو، تواس وقت میں نے کہاکہ اگر آپ نے اس پر کوئی فیصلہ کیا، ہمارے حساب کتاب سے 595 ارب روپے بنتاہے اور اگر آپ نے ان سے کوئی فیصلہ کیا، جو کمیٹی بنائی ہے، چاہیئے یہ تھا کہ وہ ہماری اسمبلی پاس کرے کیونکہ Collectively ہمارے صوبے کی ایک آمدن کاذریعہ ہے مگر انہوں نے بغیر اسمبلی میں لائے اس کو Accept کرایاتو جب Accept کرایاتو یہ بھی سپیکر صاحب،آپ کو بتانے کیلئے میں عرض کروں اور ہاؤس کو بتانے کیلئے کہ جب انہوں نے فیصلہ بھی کر لیاتب بھی ایک ٹیڈی پیسہ یہ لے کر نہیں آئے اور کیس عدالتوں میں لڑتے رہے۔ ہماری حکومت میں سب سے پہلے جب وزیر اعلیٰ صاحب نے سب منسٹروں کو لیکر پرائم منسٹر ہاؤس گئے اور ان سے ریکوسٹ کی کہ جب 110 بلین روپے پر فیصلہ ہواہے، کم از کم یہ تو ہمیں دیں، تواس وقت بھی انہوں نے کہاکہ کیس عدالت میں تھے۔ انہوں نے ہمارے 595 ارب روپے کو 110 ارب روپے کا کیااور پھر ایک پیسہ بھی لے کر نہیں آئے، ہم خداکے فضل سے دس ارب روپے مرکز سے لیکر آئے اپنے صوبے کیلئے اور پھر جو ہم نے فیصلہ کیا، ہماری حکومت نے کہ یہ دس بلین اور جو ہمارے ساتھ یہ فیصلہ ہے کہ 25 بلین ہر سال دے کر چار سالوں میں ہمیں 110 بلین روپیہ آئے گا، ہماری حکومت نے یہ فیصلہ کیاکہ ہم وہ پیسے، ایک ٹیڈی پیسہ بھی کہیں نہ نالی پر لگائیں گے، نہ سڑک پر لگائیں گے، نہ کہیں سکول پر لگائیں گے، یہ ساراپیسہ ہم ہائیڈل جنریشن کیلئے لگائیں گے اور ایریگیشن کیلئے لگائیں کیونکہ ہم چاہتے ہیں کہ ہماراصوبہ اپنے پاؤں پر کھڑاہواور میں آپ کو یہ بھی بتادوں سپیکر صاحب، ہاؤس کو بھی اور آپ کو بھی اور پریس کو بھی کہ سات ایسے منصوبے 312 میگا واٹ کے انشاءاللہ ہم شروع کرنے والے ہیں اور اسی سال اکتوبر، نومبر میں دو پراجیکٹس کاافتتاح ہمارے وزیراعلیٰ صاحب خود کریں گے (تالیاں) اور اس پر پچاس ارب روپے خرچ ہونگے اور پچاس

ارب روپے ہماری حکومت انشاء اللہ اس پر خرچ کرے گی۔ سپیکر صاحب، اچھی باتیں بھی کم از کم کریں، ایسا نہیں ہے کہ سب کچھ ہی غلط ہو رہا ہے، سب کچھ خدا کے فضل سے ٹھیک ہو رہا ہے۔ سپیکر صاحب! کوآپریٹو بینک کے سلسلے میں اپوزیشن کے بھی آج باہر لوگ جلوس نکالتے تھیں، انہیں پانچ سالوں میں کوآپریٹو بینک یاد نہیں تھا، خدا کے فضل سے ہماری حکومت نے کوآپریٹو بینک بحال کیا ہے اور ایک ارب روپے اس کیلئے رکھے ہیں۔ (تالیاں) سپیکر صاحب! یہ باتیں ان کو یاد نہیں رہتیں، ہم نے ایجوکیشن کیلئے 10.2 بلین روپے رکھے ہیں جو پچھلے سال کی نسبت تقریباً 70% زیادہ رکھے ہیں۔ ہم کو یہ تعلیم کی بات کرتے ہیں، ہم تو فخر کرتے ہیں اپنے باچاخان پر کہ انہوں نے اس وقت تعلیم کی بات کی تھی جس وقت انگریز کی یہاں پر حکومت تھی اور اس وقت انگریز چھوڑتا نہیں تھا اور ہمارے یہ صاحبان جو ہیں، میں معافی سے کہتا ہوں کہ اس وقت کیا کہتے تھے؟

سبق د مدرسے وائی پارہ د پیسے وائی

جنت کبنبے بہ ئے ځائے نہ وی دوزخ غوپے وھی

تو یہ لوگ آج ہمیں تعلیم کی باتیں کرتے ہیں۔ (تالیاں) تعلیم ہم نے، باچاخان نے یہاں پر سکول بنائے اور ہم خدا کے فضل سے تعلیم اور صحت کیلئے سب کچھ کرنے کیلئے تیار ہیں۔ ہم نے تعلیم اور صحت کیلئے تقریباً Above 70% پیسے رکھے ہیں۔ سپیکر صاحب! زراعت کی بات کرتے ہیں اور میرے بھائی ثناء اللہ میانخیل صاحب نے فرمایا، تو پرائم منسٹر صاحب نے ہمیں، وزیر اعلیٰ صاحب کو کہا کہ آپ مجھے ایک پراجیکٹ دیں تو ہم نے نہ مردان کا کوئی پراجیکٹ دیا، ہم نے نہ نوشہرہ کا کوئی پراجیکٹ دیا، ہم نے نہ کوئی پشاور کا پراجیکٹ دیا، کونسا پراجیکٹ دیا؟ میانخیل کا چشمہ لفٹ بنک کنال جو ہے، اس کیلئے پراجیکٹ دیا ان کو، ستر بلین روپے اس پر خرچ ہونگے اور اس بجٹ میں اس کیلئے ہم نے کہا کہ آپ کچھ نہ کچھ Minimum پیسے بھی رکھ لیں تاکہ ہم سے امریکن یا باقی ملکوں نے بات کی ہے کہ اس کو Funding ہم کریں گے اور انشاء اللہ بہت جلد ہمارا وزیر اعلیٰ صاحب جائے گا اور پرائم منسٹر کے ساتھ انشاء اللہ ہم اس کا افتتاح بھی کر کے دیں گے تو اب انشاء اللہ تین لاکھ ایکڑ زمین آپ کی سیراب ہو گی۔ (تالیاں)

باقی ایجوکیشن کی جو تفصیل ہے، وہ اس کتاب میں ہے کہ ہم کیا کیا کریں گے؟ وہ کہتے ہیں کہ کسی کو پتہ نہیں کہ کتنے پرائمری سکولز ہیں؟ سب کچھ اس میں موجود ہے۔ سپیکر صاحب! اب ٹائم اتنا نہیں ہے کہ میں آپ کو ایک ایک چیز بتاؤں۔ ہم نے ایبٹ آباد کیلئے گریوٹی واٹر سکیم کا کہا، تین ارب روپے اس پر خرچ ہونگے۔ ہم نے ایبٹ آباد کے بھائیوں کیلئے کہا کہ تین ارب روپے خرچ کریں گے اور فارن ایڈڈ پروگرام

ہے مگر بد قسمتی یہ ہے کہ اب ہزارہ میں ایبٹ آباد اور ہری پور آپس میں متفق نہیں ہو رہے ورنہ ہماری طرف سے، حکومت کی طرف سے ہم نے بہت بڑا پراجیکٹ ان کو دیا، تین ارب روپے کا دیا، اب یہ Agree کریں تو ہم کل اس پر کام شروع کرنے کیلئے تیار ہیں۔ سپیکر صاحب! ہم نے تو خدا کے فضل سے ہر جگہ کوشش کی ہے کہ سارے ڈسٹرکٹس کو ہم وہ کریں۔ سکندر شیرپاؤ خان نے فرمایا کہ اسی کروڑ روپے کی جگہ اس دفعہ بارہ ارب روپے رکھے گئے، اس دفعہ یہ ساری Collection جو ہے، وہ صوبائی حکومت کرے گی، اس میں یہ ٹیلیفون بھی ہے، اس میں موبائل بھی ہے اور اس کا جواب بھی انشاء اللہ ہمارے وزیر خزانہ صاحب تفصیل سے Facts and figures بتا کر دیں گے۔ زیادہ تکلیف، سکندر خان نے یہ بھی فرمایا کہ Indirect taxes بہت زیادہ ہیں، یہ نہیں ہونے چاہئیں، اس سے بڑے لوگوں کو فائدہ اور غریبوں کو نقصان پہنچتا ہے، معذرت کے ساتھ، یہ پرویز مشرف صاحب کی حکومت نے لگائے تھے جس میں شوکت عزیز صاحب فنانس منسٹر تھے اور یہ بھی اس حکومت میں شامل تھے، ہمارا اس میں کوئی قصور نہیں ہے، آپ کی حکومت نے لگایا ہے، ہم اس کو Continue کر رہے ہیں، ہم نے نیا کوئی ایسا کام نہیں کیا جس سے آپ کو اختلاف ہے۔ سپیکر صاحب! انہوں نے فرمایا کہ پشاور کو بڑے کم پیسے ملے ہیں، 1.2 بلین روپے ملے ہیں جبکہ ستر ارب روپے کا بجٹ ہے۔ سپیکر صاحب! یہ 1.2 بلین جو 3 بلین کتاب میں ہے، یہ صرف روڈز سائڈ پر ہے، یہ صرف اربن ڈیویلپمنٹ پروگرام کیلئے ہے، میرے پاس یہ پوری ڈیٹیل پڑی ہوئی ہے، اس میں آپ کو میں بتاؤں کہ پشاور کیلئے ٹوٹل جو ہے، رکھا گیا ہے، میں معافی چاہتا ہوں، تھوڑا ٹائم لگے گا، ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کیلئے 90 ملین روپے، ہائر ایجوکیشن کیلئے 30 ملین روپے، ہیلتھ کیلئے 1885 ملین روپے، ڈرنکنگ واٹر کیلئے 107 ملین روپے، سوشل ویلفیئر کیلئے 21 ملین روپے، حج اور اوقاف کیلئے 25 ملین روپے اور روڈز کیلئے 332 ملین روپے، بلڈنگز کیلئے 774 ملین روپے، اربن ڈیویلپمنٹ کیلئے 1295 ملین روپے، واٹر سیکٹر کیلئے 5 ملین روپے اور ایگریکلچر کیلئے 110 ملین روپے، فارسٹری کیلئے 87 ملین روپے، انوائرنمنٹ کیلئے 21 ملین روپے، کلچر اینڈ سپورٹس کیلئے 187 ملین روپے، انڈسٹریز کیلئے 284 ملین روپے، ریجنل ڈیویلپمنٹ کیلئے 174 ملین روپے، ریسرچ اینڈ ڈیویلپمنٹ کیلئے 20 ملین روپے، آئی ٹی کیلئے، یہ اپنا کیا ہے، ٹرانسپورٹ کیلئے 402 ملین روپے، ہاؤسنگ کیلئے 105 ملین روپے، انفارمیشن کیلئے 90 ملین روپے، بورڈ آف ریونیو کیلئے 10 ملین روپے، یہ ٹوٹل سپیکر صاحب، 5760.677 ملین روپے جو ہیں، وہ پشاور کیلئے رکھے گئے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ 10.3 بلین

روپے جو ہیں، وہ یہ ہمارے جو بھائیوں نے کہا تھا کہ یہ رینگ روڈ جو ہمارا ہے، یہ بڑا Deteriorated حالت میں ہے، بہت خراب حالت میں ہے، اس کیلئے 10.3 بلین روپے ہمیں ملے ہیں، ایک بلین روپے ہمیں فیڈرل گورنمنٹ نے دیے ہیں، 2.3 بلین روپے ہمیں امریکہ سے ملے ہیں، جس کا افتتاح زرداری صاحب نے پچھلے دنوں آکر یہاں پشاور میں کیا تھا، انشاء اللہ اس پر دو مہینے کے اندر کام شروع ہو جائے گا اور اس میں یہ بات۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

سینیئر وزیر (بلدیات): وہاں پر ہم آپ کی باتوں میں نہیں بولے تھے، بہر حال یہ انشاء اللہ دو مہینے کے بعد اس پر بھی کام شروع ہو جائے گا اور اس میں ایک ایک لین ہم نے بڑھائی ہے۔ یہ جو جتنا Existence روڈ ہے، اس پر ایک ایک لین بڑھا کر اور کوئی ساتھ بارہ بارہ فٹ کا ہم نے گرین بیلٹ بھی دیا ہے اور اس میں ایسا ہم یہاں ایک Bridge بھی بنائیں گے جو Straightaway لنڈی کوتل تک جائے گا راستہ اور یہ جو ہمارے حیات آباد میں بڑے ٹرالرز ہیں، یہ نہیں جائیں گے، تو اگر آپ یہ ٹوٹل کریں تو پشاور کیلئے تقریباً 5760 ملین اور 3.3 بلین، تو یہ جا کر تقریباً دس بلین روپے پشاور کیلئے رکھے گئے ہیں اور ان کو 1.3 بلین نظر آئے ہیں، باقی بجٹ میں سب کچھ پڑھا ہے مگر یہ بات انہوں نے نہیں پڑھی تھی۔ سپیکر صاحب! اٹھارہویں ترمیم، میں دعویٰ سے کہتا ہوں اور میں مبارکباد دیتا ہوں مرکزی حکومت کو اور تمام سیاسی جماعتوں کو کہ پہلی دفعہ پاکستان کے سن 1973 کے آئین کے بعد پہلی دفعہ یہ Seventeen جو ترمیم آئی ہے، یہ اتنی Important ترمیم ہے جس میں صوبے کے چھبیس ڈیپارٹمنٹس جو ہیں، وہ مرکز سے صوبوں کو ملیں گے۔ یہ صوبائی خودمختاری، جو ہمارا نعرہ تھا، اس میں کوئی شک نہیں کہ اس میں بہت زیادہ ہمیں نہیں ملی ہے جو ہمیں ملنی چاہیے تھی، جو ہمارے منشور میں ہے، وہ نہیں ہے۔ ہمارے منشور میں یہ ہے کہ چار محکمے مرکز کے پاس ہوں گے، باقی سارے صوبوں کے پاس ہوں گے، وہ نہیں ہوا مگر انشاء اللہ Gradually ہم نے یہ جو کمائی کی ہے، یہ اتنی بڑی کنکرنٹ لسٹ کو ختم کیا ہے اور مرکز سے اپنے صوبے میں تقریباً چھبیس محکمے لیکر آئیں گے اور ایک بات عرض کروں، یہ اس دن عبدالاکبر خان نے بھی کہا اور شیر پاؤ خان نے بھی کہا کہ اس کے اخراجات جو اتنے لوگ آجائیں گے، کون پورے کرے گا؟ تو اس کے اخراجات جو ہیں، ہمیں فیڈرل گورنمنٹ دے گی، فیڈرل گورنمنٹ نے وعدہ کیا ہے کہ ہم دیں گے۔ میں فلور آف دی ہاؤس پر کہہ رہا ہوں کہ فیڈرل گورنمنٹ نے ہم سے وعدہ کیا ہے اور انشاء اللہ اس کیلئے کمیٹی

بنی ہوئی ہے اور کمیٹی میں چیف منسٹر ہو گا اور ہمارے میاں صاحب ہیں اور یہ بیٹھ کر انشاء اللہ اس میں فیصلہ کریں گے اور اگر نہ کیا انہوں نے تو خدا کے فضل سے یہ %50 پرسنٹ، میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ باسٹھ سال اس صوبے میں حکومتیں رہی ہیں، کسی نے پچاس پرسنٹ تنخواہیں بڑھائی ہیں؟ ہم جب پولیس کی بات کرتے ہیں تو جب پولیس والے شہید ہوتے تھے تو ان کو پانچ لاکھ روپے دیتے تھے تو اس کو ہم نے تیس لاکھ روپے کر دیا ہے، ان کیلئے ہم نے پلاٹ دیا ہے، ان کیلئے ہم نے کہا ہے کہ ہم تعلیم کرائیں گے، وہ تعلیم ان کو فری دیں گے، ان کے ایک بچے کو نوکری دیں گے، تو یہ ان کو بھول گئے ہیں اور ان کیلئے وہ جو پانچ لاکھ تھا، وہ ان کو یاد تھا اور ہمارا تیس لاکھ روپے ہم دیں گے، یہ ان کو یاد نہیں ہے اور پولیس کی جو ہم نے تنخواہیں پہلے اتنی بڑھادی ہیں جو میں یہ دعویٰ سے کہتا ہوں کہ اس بجٹ میں کسی بھی صوبے نے، نہ سندھ نے بڑھائی ہے اور نہ پنجاب نے بڑھائی ہے اور نہ بلوچستان نے بڑھائی ہے اور ہم نے پہلی ان کی بڑھائی ہے اور پھر بھی ان کا پوائنٹ جو ہے، انشاء اللہ ہم ڈسکس کریں گے اور کچھ ہو سکا تو ضرور کریں گے۔ سپیکر صاحب! میں دہشتگردی کے بارے میں اتنا عرض کروں گا کہ جب ہم نے الیکشن لڑا، ہمارا جو منشور تھا الیکشن کا، ہم نے اپنی قوم سے وعدہ کیا تھا کہ ہم دہشتگردی کو انشاء اللہ کوشش کریں گے کہ ختم کریں، ہم کالا باغ ڈیم انشاء اللہ نہیں بننے دیں گے، ہم نے کہا تھا کہ ہم صوبائی خود مختاری حاصل کریں گے اور ہم نے کہا تھا کہ ہم انشاء اللہ اپنے صوبے کا نام پختونخوا رکھیں گے، یہ ہمارا منشور تھا جب ہم نے الیکشن لڑا اور اس بات پر ہمیں لوگوں نے ووٹ دیئے، میں دعویٰ سے کہتا ہوں سپیکر صاحب، خدا کے فضل سے آج وہ اسی پرسنٹ دہشت گردی کو جو ہم نے ختم کیا ہے، آج ہم یہاں اسمبلی کا اجلاس کر رہے ہیں، پچھلے سال آپ کو یاد ہو گا کہ ایک ہفتے میں ہم نے سارا بجٹ پاس کیا، اس دفعہ ہم مکمل ٹائم لیکر انشاء اللہ پاس کرائیں گے بجٹ اور آرام سے جس طرح آپ کی مرضی ہو گی، انشاء اللہ اس طرح بجٹ پاس ہو گا اور ہم صوبے میں حالات دیکھیں تو اسی پرسنٹ، پہلے وہ ہمارے پیچھے بھاگ رہے تھے، آج ہم ان کے پیچھے جا رہے ہیں، وہ غاروں میں گھسے ہوئے ہیں۔ خدا کے فضل سے ان کو اس جگہ پر جہاں پر تھے، ان کے جتنے بھی جو کمانڈ اینڈ کنٹرول تھے، وہ سب ہم نے ختم کیے ہیں، آج اللہ کے فضل سے ہمارے لوگ آرام سے پھر رہے ہیں۔ ہماری وہ بہن کہتی ہیں کہ ہم باہر نہیں نکل سکتیں، کیوں نہیں نکل سکتیں باہر؟ یہ میں کہتا ہوں کہ ابھی ان کا %80 ہے، %20 ہے ابھی باقی، مگر انشاء اللہ وہ بھی ہم ختم کریں گے۔ ہم نے صوبائی خود مختاری کی بات کی تھی، جیسے میں نے عرض کیا کہ تقریباً %60 صوبائی خود مختاری بھی ہم نے حاصل کر لی ہے اور پھر کالا باغ ڈیم کی

بات کرتاہوں۔ سپیکر صاحب! آجکل پھر وہ ٹی وی میں کالاباغ ڈیم کی بات تھوڑی تھوڑی شروع ہو گئی ہے، پنجاب میں، مرکزی اسمبلی میں ہو رہی ہے، میں تو مشکور ہوں فیڈرل گورنمنٹ کا کہ پنجاب کے دل لاہور میں بیٹھ کر ایک پنجاب کے وزیر راجہ اشرف پرویز صاحب پریس کانفرنس کرتے ہیں کہ "کالاباغ ڈیم مردہ گھوڑا ہے، وہ ہم نے دفنا دیا ہے"، اس سے بڑی اور کامیابی ہماری کیا ہو سکتی ہے۔ (تالیاں)

اور سپیکر صاحب، پختونخوا کے نام کیلئے ہم نے یہاں پر اس دن بات کی تو صابر شاہ صاحب نے فرمایا کہ لوگوں نے کہا کہ ہم پاکستان نہیں مانیں گے اگر آپ نے پختونخوا نہیں مانا تو سپیکر صاحب، آپ کو یاد ہو گا کہ 1998ء میں میں بھی وزیر تھا، اس وقت پختونخوا کی قرارداد جب یہاں سے پاس ہوئی، ہم سے وعدہ کیا تھا کہ چھ مہینے کے بعد پختونخوا نام رکھ دیا جائے گا، ہم نے ان سے کہا جی ہم نے قرارداد پاس کی، چھ مہینے گزر گئے، مہربانی کرکے میاں صاحب کو ریکویسٹ کی کہ آپ ہمارا نام دیں تو انہوں نے کہا جی کہ ہمارے ایم پی ایز نہیں مانتے، ہمارے ہزارے کے لوگ نہیں مانتے، ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب نے نہیں مانتے، سردار مہتاب صاحب وزیر اعلیٰ تھے۔ سپیکر صاحب، ہم نے ایک منٹ میں وزارتوں سے استعفے دیئے مگر ہم نے پاکستان کی مخالفت کبھی نہیں کی اس بارے میں کہ اگر ہمیں پختونخوا نہ ملا تو ہم پاکستان نہیں مانیں گے۔ ہم نے اس وقت اپنی وزارتیں چھوڑیں، آج کوئی وزارت سے استعفیٰ دیتا ہے؟ تو ہم نے اس وقت وزارتیں اسلئے چھوڑیں کہ ہماری پختونخوا کی قرارداد آپ نے کیوں نہیں مانی؟ اور پھر ہم نے اس وقت بھی استعفیٰ دیا جب میاں نواز شریف کی حکومت غلام اسحاق خان نے توڑی تھی، ہم نے اس وقت بھی استعفیٰ دیا اور اس وقت جتنی مسلم لیگ تھی، وہ ساری غلام اسحاق خان کے ساتھ بیٹھ گئی تھی، میں اس وقت بھی وزیر تھا اور اس وقت بھی ہم نے استعفیٰ دیئے تھے۔ ہمارا تو ایمان ہے کہ ہم قوم کیلئے جیتے ہیں اور قوم کیلئے مرتے ہیں اور پھر یہ پختونخوا کی جب بات آئی تو تقریباً ساٹھ سال ہم نے اس کیلئے جدوجہد کی، جلسے کیے، جلوس کیے، استعفیٰ دیئے، مگر نہ کسی کی دکان توڑی، نہ کسی پر حملہ کیا، نہ کوئی روڈ بلاک کیا اور نہ ہی کسی کو فائرنگ کرکے مارا گیا یا شہید کیا گیا، تو میں افسوس سے کہتا ہوں سپیکر صاحب، میں افسوس سے یہ کہتا ہوں کہ یہ جو خیبر پختونخوا ہے تو اس کو اتنا مسئلہ بنایا ہے میرے بھائی ہزارے کے دوستوں نے، وہ خیبر پختونخوا بنا ہے تو بس ہزارہ صوبہ بنالیں مگر خیبر پختونخوا سے آپ کو کیا تکلیف ہے؟ ہمارے بھائی ہیں، ہم تو آپ کو اپنے سینے سے لگاتے ہیں، آپ کو ہم کبھی بھی انشاءاللہ اپنے سے جدا نہیں سمجھتے۔ وہ ایک میرا بھائی کہتا ہے کہ بیس صوبے بنادیں، ایک ڈویژن بنانے پر 3.5 بلین روپے خرچہ آتا ہے سپیکر صاحب، تو یہ صوبے بنانے پر کتنے پیسے خرچ ہوتے

ہیں، پاکستان اس کا متحمل ہو سکتا ہے کہ اس وقت ہم چھ صوبے بنالیں؟ سپیکر صاحب! یہاں تو لوگ غربت اور بے روزگاری کی وجہ سے خود اور بچوں کو زہر کھلا کر مر رہے ہیں اور ہم یہ بڑے بڑے محلات بنائیں اور صوبے بنائیں، تو کہاں سے پیسے آئیں گے؟ تو سپیکر صاحب، کوئی ضلع صبر سے کام لے، کریں جد و جہد، ہم آپ پر اعتراض نہیں کرتے مگر یہ پبلک پراپرٹی کو، پرائیویٹ پراپرٹی کو جس نے بھی نقصان پہنچایا، اس کے خلاف سخت سے سخت ایکشن لیا جائے گا۔ سپیکر صاحب! ہم نے دل بہت بڑا کیا ہے اور مزید بھی بڑا کرتے ہیں، ہم اب بھی کہتے ہیں کہ آئیں، بات چیت کریں، بیٹھیں، کیا کہتے ہیں؟ آپ ہم سے بات سنیں، ہم سے بات منوائیں مگر یہ نہیں ہے کہ زور سے، کلی پہ زور نہ آبادیږی سپیکر صاحب، بات چیت سے مسئلے حل ہوں گے۔ میری بڑی باتیں ہیں مگر مجھے میرے دوستوں نے لکھ کر بھیجا ہے کہ بس کریں۔ میں سپیکر صاحب، یہ جو آپ نے مجھے لکھ کر دیا ہے یہ ملک قاسم کا، یہ میں نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری صاحب کو لکھ دیا ہے، انشاء اللہ میں نے ان کو ڈیٹیل سے لکھا ہے۔ بجٹ سیشن میں تفصیل آپ کو بتادوں گا کہ ہم نے اس پر کیا کیا اور کیا کریں گے؟

Mr. Speaker: Thank you ji.

سینیئر وزیر (بلدیات): اس وقت میں آپ کا دل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے اتنا ٹائم دیا، Thank you very much جی۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Thank you. (Laughter)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: څه دی بی بی؟ پھر کیا ہوا؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! اس وقت چونکہ ٹائم نہیں ہے اور ممبران صاحبان بہت سارے چلے گئے ہیں، میڈیا والے جو ہمارے بھائی ہیں، ان کو بھی جا کر اپنی رپورٹ دینی ہوتی ہے تو میرا خیال ہے کہ اگر اتنی اہم تقریر اگر ہم Monday کیلئے رکھ لیں تو بہتر ہو گا کیونکہ میڈیا جو ہے، تو وہ اپنا جو ٹائم ان کا ہوتا ہے، وہ اس پر، اور اتنی اہم تقریر جو ہے، اگر وہ میڈیا پر نہیں آئیگی تو میرا خیال ہے کہ وہ بہتر نہیں ہوتا۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): دے بارہ کښے به د هاؤس نه تپوس اوشی کنه۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نہیں جی لیکن کورم ٹوٹ چکا ہے تو اگر کورم ٹوٹ چکا ہے۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Count down please, count down. Count down please.

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: هغے او وئیل کنه۔ 29، خیر ہے اضافی ایجنڈا اگر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: 29 ہیں، کورم نہیں ہے پورا۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: پوائنٹ آؤٹ ہو چکا ہے۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب! دا منسٹر صاحب خو نه دے تلے کنه جی۔

جناب سپیکر: او۔ جناب آنریبل فنانس منسٹر، ڈیمانڈز فار گرانٹس سے پہلے آپ Winding up speech کریں گے پوری اپنی اس دن، پیر کے دن اور ایک اضافی ایجنڈا، جو ایجنڈا تقسیم کیا گیا ہے اکیس بائیس اور تئیس جون 2010 کیلئے تیار کیا گیا ہے، آپ مہربانی کر کے اس کو اپنے ساتھ لایا کریں اور ایک اور آپ کو دعوت نامے موصول ہو چکے ہوں گے مورخہ اکیس جون بروز پیر کے دن صبح دس بجے پل ڈیٹ والوں کا ای پی آئی کا ایک پروگرام ہے پی سی ہوٹل میں، یہ بھی ایک اہم موضوع ہے، آپ حضرات کوشش کریں سب اس میں شرکت کو یقینی بنائیں۔ The sitting is adjourned till 3.00 p.m of Monday evening the 21st of June 2010. Thank you.

---

(اسمبلی کا اجلاس بروز پیر مورخہ 21 جون 2010 سہ پہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)